
iBFAM

URDU

www.iBFAM.org

پھلو اور بڑھو



# شاگردیت کا ایک عملی نمونہ اور نصاب

یسوع نے پاس آ کر اُن سے باتیں کیں اور کہا، ''پس تم جا کر سب قوموں کو شاگرد بناؤ اور اُن کو باپ اور بیٹے اور روح القدس کے نام سے بپتسمہ دو۔ اور اُن کو یہ تعلیم دو کہ اُن سب باتوں پر عمل کریں جن کا میں نے تم کو حکم دیا اور دیکھو میں دنیا کے آخر تک ہمیشہ تمہارے ساتھ ہوں۔'' (متی ۲۸: ۱۸۔۲۰)

# پھلو اور بڑھو

## شاگردیت کا ایک عملی نمونہ اور نصاب

## تربیتی رہنما

ناشر: ایوری ہوم فار کرائسٹ

EveryHome for Christ

ایوری ہوم فار کرائسٹ انٹرنیشنل

640 چیپل ہلز ڈرائیو، کولوریڈو سپرنگز، CO 80920 امریکہ

(719)-260-8888

BFAM@ehc.org

www.iBFAM.org

جملہ حقوق (2011) بحق ایوری ہوم فار کرائسٹ محفوظ ہیں

اس مواد کو شائع کرنے اور تقسیم کرنے کی اجازت ہے بشرطیکہ:

- مصنف یعنی ایوری ہوم فار کرائسٹ کو مکمل کریڈٹ دیا جائے۔
- ایوری ہوم فار کرائسٹ کو مطلع کیا جائے کہ مواد کس طرح اور کہاں استعمال ہو رہا ہے۔
- اسے مفت نہیں بلکہ فوٹوسٹیٹ کی قیمت تک دیا جائے۔

تراجم اور مطابقت پزیری کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے بشرطیکہ:

- تراجم کی ہم آہنگی ایوری ہوم فار کرائسٹ کے ذریعے ہونی چاہئے۔
- ایوری ہوم فار کرائسٹ کے نام تمام تراجم کے حقوق محفوظ کرتے ہوئے ایک سمجھوتہ نامہ بنایا گیا ہے۔
- ایوری ہوم فار کرائسٹ کی جانب سے مواد میں مطابقت پزیری کی منظوری۔
- ایوری ہوم فار کرائسٹ کو ایک مکمل نقل محفوظ کرنے اور تقسیم کرنے کی غرض سے مہیا کی جائے۔

پھلو اور بڑھو کے اسباق شاگردیت کے طریقہ پر تیار کئے گئے ہیں تاکہ ہر ایک سبق سے بھرپور فائدہ اٹھایا جا سکے۔ اگر آپ نے پھلو اور بڑھو اسباق استعمال کرنے کی باقاعدہ تربیت حاصل نہیں کی یا آپ کو پھلو اور بڑھو کی تربیتی رہنما کتاب نہیں ملی تو تربیت کے پروگرام کے حصول کیلئے ایوری ہوم فار کرائسٹ سے رابطہ کریں۔

تقسیم کنندہ: ایوری ہوم فار کرائسٹ انٹرنیشنل

# تربیتی رہنما

## فہرست مضامین — صفحہ نمبر


| فہرست مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| پھلواور بڑھو کا تعارف | 4 |
| کہانیوں کا تعارف | 5 |
| پھلواور بڑھو کی منفرد خصوصیات | 6 |
| پھلواور بڑھو کے عمل کی وضاحت | 9 |
| سبق کا خاکہ اور مشقی اسباق | 10 |
| شاگردیت کے گروپ تشکیل دینا | 14 |
| بنیادی سلسلہ | 15 |

# پھلو اور بڑھو کا تعارف

## پھلو اور بڑھو کیا ہے؟

- یہ شاگردیت ہے: مسیح کے پیروکار بننے پر نظر ہے۔
- یہ ایک نصاب ہے: 52 اسباق مسیح کے پیروکاروں کی بائبل کی اہم سچائیوں تک رہنمائی کریں گے۔
- یہ ایک طریقہ ہے: یہ اسباق مسیح کے پیروکاروں کو سکھاتے ہیں کہ بائبل کو کس طرح سمجھنا اور مطالعہ کرنا ہے۔

## پھلو اور بڑھو کیوں؟

- ہمیں بلایا گیا ہے تا کہ ہم ''پھلیں اور بڑھیں'' .........

جسمانی (پیدائش ۱:۲۷، ۲۸)

روحانی (متی ۲۸:۱۸۔۲۰)

- اپنے بچوں کی بالیدگی کی جانب ہماری ایک ذمہ داری ہے۔

جسمانی

روحانی

- پھلو اور بڑھو کی نظر پختہ اور پھل دار جانوں کی ترقی پر مرکوز ہے۔
- بڑھوتی ایک پھل دار زندگی کا قدرتی نتیجہ ہے۔

## پھلو اور بڑھو کا حتمی مقصد

**خُدا کے کلام کی سچائی اور اختیار کے زیر سایہ ''پھلنے اور بڑھنے'' والے شاگردیت کے گروہوں کی ترقی**

تا کہ شاگردیت کے گروہ جو روحانی طور پر بالیدہ ہیں بھرپور طور سے .......

- ایک دوسرے کو شاگرد بنا سکیں
- ایک دوسرے کی رہنمائی کر سکیں
- ایک دوسرے کی تصحیح کر سکیں
- اپنے گروہوں اور معاشرے کی ضروریات کی مالی معاونت کر سکیں
- اضافی شاگردیت کے گروہ قائم کر سکیں

# کہانیوں کا تعارف

## کہانی کا تعارف

یسوع کے پیروکاروں نے یسوع سے پوچھا کہ دعا کس طرح کریں۔ جواب میں یسوع نے یہ تمثیل کہی۔

**تمثیل:**

''تم میں سے کون ہے جس کا ایک دوست ہو اور وہ آدھی رات کو اُس کے پاس جا کر اُس سے کہے اے دوست مجھے تین روٹیاں دے۔ کیونکہ میرا ایک دوست سفر کر کے میرے پاس آیا ہے اور میرے پاس کچھ کھانے کو نہیں کہ اُس کے آگے رکھوں۔ اور وہ اندر سے جواب میں کہے مجھے تکلیف نہ دے۔ اب دروازہ بند ہے اور میرے لڑکے میرے پاس بچھونے پر ہیں۔ میں اُٹھ کر تجھے نہیں دے سکتا۔ میں تم سے کہتا ہوں کہ اگرچہ وہ اس سبب سے کہ اُس کا دوست ہے اُٹھ کر اُسے نہ دے تو بھی اُس کی بے حیائی کے سبب سے اُٹھ کر جتنی درکار ہیں اسے دے گا۔ پس میں تم سے کہتا ہوں مانگو تو تمہیں دیا جائے گا۔ ڈھونڈو تو پاؤ گے۔ دروازہ کھٹکھٹاؤ تو تمہارے واسطے کھولا جائے گا۔ کیونکہ جو کوئی مانگتا ہے اُسے ملتا ہے اور جو ڈھونڈتا ہے وہ پاتا ہے اور جو کھٹکھٹاتا ہے اُس کے واسطے کھولا جائے گا۔ تم میں سے ایسا کون سا باپ ہے کہ جب اُس کا بیٹا روٹی مانگے تو اُسے پتھر دے؟ یا مچھلی مانگے تو مچھلی کے بدلے اُسے سانپ دے؟ یا انڈا مانگے تو اُس کو بچھو دے؟ پس جب تم برے ہو کر اپنے بچوں کو اچھی چیزیں دینا جانتے ہو تو آسمانی باپ اپنے مانگنے والوں کو روح القدس کیوں نہ دے گا؟'' (لوقا ۱۱: ۵۔۱۳)

## کہانی کو جانیں۔ مانگو

| کردار | سرگرمیاں | خصوصی تفصیلات |
|---|---|---|
| 1. | | |
| 2. | | |
| 3. | | |
| 4. | | |

## کہانی کو سمجھیں۔ ڈھونڈو

| جذبات | محرکات | چناؤ |
|---|---|---|
| 1. | | |
| 2. | | |
| 3. | | |
| 4. | | |

## بائبلی سچائیوں کی تلاش کریں۔ کھٹکھٹاؤ

| صحیح بائبلی خیالات اور سرگرمیاں |
|---|
| 1. |
| 2. |
| 3. |

## پھلو اور بڑھو کی منفرد خصوصیات

# 1. فرمانبرداری اور تلاش کی بنیاد پر

- اگر تم مجھے **بتاؤ** گے، میں **بھول** جاؤں گا
- اگر تم مجھے **دکھاؤ** گے، میں **یاد** رکھوں گا
- اگر تم مجھے **شامل** کرو گے، میں **سمجھوں** گا

''اِن باتوں کے بعد خُداوند نے ستّر آدمی اور مقرر کیئے اور جس جس شہر اور جگہ کو خود جانے والا تھا وہاں انہیں دو دو کر کے اپنے آگے بھیجا۔ اور وہ اُن سے کہنے لگا کہ فصل تو بہت ہے لیکن مزدور تھوڑے ہیں اِس لئے فصل کے مالک کی منت کرو کہ اپنی فصل کاٹنے کیلیئے مزدور بھیجے۔ جاؤ۔ دیکھو میں تم کو گویا بروں کو بھیڑیوں کے بیچ میں بھیجتا ہوں۔....... وہ ستّر خوش ہو کر پھر آئے اور کہنے لگے اے خُداوند تیرے نام سے بدروحیں بھی ہمارے تابع ہیں۔ اُس نے اُن سے کہا میں شیطان کو بجلی کی طرح آسمان سے گرا ہوا دیکھ رہا تھا۔ دیکھو میں نے تم کو اختیار دیا کہ سانپوں اور بچھوؤں کو کچلو اور دشمن کی ساری قدرت پر غالب آؤ اور تم کو ہرگز کسی چیز سے نقصان نہ پہنچے گا۔ تو بھی اس سے خوش نہ ہو کہ روحیں تمہارے تابع ہیں بلکہ اس سے خوش ہو کہ تمہارے نام آسمان پر لکھے ہوئے ہیں۔'' (لوقا ۱۰: ۱۔۳، ۱۷۔۲۰)

- اگر میں **فرمانبرداری** کرتا ہوں، میں **ڈھل** جاؤں گا

''لیکن کلام پر عمل کرنے والے بنو نہ محض سننے والے جو اپنے آپ کو دھوکا دیتے ہیں۔ کیونکہ جو کوئی کلام کا سننے والا ہو اور اُس پر عمل کرنے والا نہ ہو وہ اُس شخص کی مانند ہے جو اپنی قدرتی صورت آئینہ میں دیکھتا ہے۔ اس لئے کہ وہ اپنے آپ کو دیکھ کر چلا جاتا اور فوراً بھول جاتا ہے کہ میں کیسا تھا۔ لیکن جو شخص آزادی کی کامل شریعت پر غور سے نظر کرتا رہتا ہے وہ اپنے کام میں اس لئے برکت پائے گا کہ سن کو بھولتا نہیں بلکہ عمل کرتا ہے۔'' (یعقوب ۱: ۲۲۔۲۵)

# 2. اجازت کی بنیاد پر

## یہ معاملہ **اجازت** کا ہے.......

"پس میں تم سے کہتا ہوں مانگو تو تمہیں دیا جائے گا۔ ڈھونڈو تو پاؤ گے۔ دروازہ کھٹکھٹاؤ تو تمہارے واسطے کھولا جائے گا۔ کیونکہ جو کوئی مانگتا ہے اُسے ملتا ہے اور جو ڈھونڈتا ہے وہ پاتا ہے اور جو کھٹکھٹاتا ہے اُس کے واسطے کھولا جائے گا۔.........پس جب تم برے ہو کر اپنے بچوں کو اچھی چیزیں دینا جانتے ہو تو آسمانی باپ اپنے مانگنے والوں کو روح القدس کیوں نہ دے گا؟۔" (لوقا۱۱:۹۔۱۰،۱۳)

### **اجازت**: سوچنے کی

- مسیح کے پیروکاروں کو سوچنے کی اجازت ہونی چاہئے بجائے اس کے کہ وہ آسانی سے دوسروں کی رائے قبول کرلیں۔

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

### **اجازت**: سمجھنے کیلئے سوال پوچھنے کی

- جو کہا جارہا ہے اگر اُس کی سمجھ نہ آئے تو مسیح کی پیروکاروں کو سوال پوچھنے کی اجازت ہونی چاہئے۔

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

### **اجازت**: پاک روح سے شنوا ہونے کی

- مسیح کے پیروکاروں کو اجازت ہونی چاہئے کہ وہ خود پاک روح سے شنوا ہوں کیونکہ خُدا نے اپنے ہر ایک پیروکار کو روح القدّس تک رسائی فراہم کی ہے۔

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

**اجازت**: مسیح کے ساتھ شخصی تعلقات کی

- مسیح کے پیروکاروں کو مسیح کے ساتھ شخصی تعلقات ہونے کی اجازت ہونی چاہیئے۔ اِس تعلق کا انحصار کسی اور شخص پر نہیں ہے۔

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

**اجازت**: دوسروں کے ساتھ بانٹنے کی

- مسیح کے پیروکاروں کو جو کچھ انہوں نے بائبل میں سے سیکھا ہے دوسروں کے ساتھ بانٹنے کی اجازت ہونی چاہیئے۔ مسیح کی پیروکاروں کو بائبل کی سچائیاں دوسروں کے ساتھ بانٹنے کیلئے کسی اعلیٰ تربیت کی ضرورت نہیں ہے۔

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

# 3. بائبل کی کہانی کی بنیاد پر

''یہ سب باتیں یسوع نے بھیڑ سے تمثیلوں میں کہیں اور بغیر تمثیل کے وہ اُن سے کچھ نہ کہتا تھا۔ تاکہ جو نبی کی معرفت کہا گیا تھا وہ پورا ہو کہ میں تمثیلوں میں اپنا منہ کھولوں گا۔ میں اُن باتوں کو ظاہر کروں گا جو بنایِ عالم سے پوشیدہ رہی ہیں۔'' (متی ۱۳:۳۴۔۳۵)

- نوشتوں کی برتری پر مرتکز۔
- بائبل کی کہانیوں میں چھپی سچائیاں ہیں۔
- یسوع نے کہانیاں بتائیں اور سوال پوچھے۔
- بائبل کا 70 فی صد کہانیوں پر یا بیانیوں پر مبنی ہے۔ پھلو اور بڑھو تمام نوشتوں کی قدر کرتا ہے، لیکن بائبل کی کہانیوں کو سکھانے کا ابتدائی طریقے کے طور پر استعمال کرتا ہے۔
- کہانیوں کو یاد رکھنا اور اُسے راستی کے ساتھ دوبارہ بیان کرنا آسان ہوتا ہے۔

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

# .4 بونے اور کاٹنے کے اصول

## پھلو اور بڑھو




### ہر سبق کے پانچ اقدام

ہر ایک سبق پانچ اقدام پر مشتمل ہے اور ہر قدم مکمل طور پر فصل کاٹنے کے خاص پہلو کے ساتھ کامل موافقت میں ہے۔



### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

سبق کا موضوع ان ذہنوں اور دلوں کی زمین کی تیاری کے لئے تیار کیا گیا ہے جو اپنے آپ کو شاگرد بیت اور بائبل میں پائی جانیوالی سچائیوں کیلیئے تیار کر رہے ہیں۔



### بائبل کی کہانی - بیج بونا

بائبل کی کہانی ایک بیج ہے جو ایک جان میں بویا جاتا ہے جس کی نمود، پھوٹنا اور سچائی اور علم میں بڑھنا ہوگا۔



### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد

تلاش کے عمل کے سوالات بیج کو پانی اور کھاد دینے، خُدا کے کلام کی کہانیوں سے سچائیاں نکالنے میں مددگار ہونے کیلیئے ترتیب دئے گئے ہیں۔



### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

نوشتوں کے اضافی حوالہ جات جھوٹی تعلیم سے بچاؤ میں مدد کے لئے شامل کیا گیا ہے جو صرف کہانی میں ہی سے نکالے جاسکتے ہیں۔



### عملی سوالات اور نتائج - فصل کی کٹائی

عملی سوالات اور نتائج ہر کہانی میں چھپی سچائیوں کی فصل کاٹنے اور اپنی زندگیوں میں اُس کے اطلاق میں مدد کرتا ہے۔

# سبق کا خاکہ

**قدم 1 زمین کی تیاری** سبق کا موضوع

**قدم 2 بیج بونا** بائبل کی کہانی

**قدم 3 پانی اور کھاد** تلاش کا عمل

**کہانی کو جانیں - مانگو**

**کردار، سرگرمیاں اور تفصیلات**

- کہانی میں کون سے کردار ہیں؟
- کرداروں کی سرگرمیاں کیا ہیں؟
- کہانی میں کیا خاص تفصیلات بیان کی گئی ہیں؟

**کہانی کو سمجھیں ۔ ڈھونڈو**

**جذبات، محرکات اور چناؤ**

- کردار کس قسم کے جذبات محسوس کرتے ہوں گے؟
- کردار اپنی سرگرمیوں کیلئے کون سے محرکات رکھتے ہوں گے؟
- کون سے مختلف چناؤ ہیں جو کردار کر سکتے تھے؟

**بائبلی سچائیوں کی تلاش کریں ۔ کھٹکھٹاؤ**

**صحیح بائبلی خیالات اور سرگرمیاں**

- کرداروں کی سرگرمیوں، تفصیلات، جذبات، محرکات، اور چناؤ کو دھیان سے دیکھنے سے ہم کیا سیکھتے ہیں۔

**قدم 4 کانٹ چھانٹ** اضافی مطالعاتی حوالہ جات

**قدم 5 فصل کی کٹائی** عملی سوالات اور نتائج

''ہر ایک صحیفہ جو خُدا کے الہام سے ہے تعلیم اور الزام اور اصلاح اور راستبازی میں تربیت کرنے کیلئے فائدہ مند بھی ہے۔ تا کہ مردِ خُدا کامل بنے اور ہر ایک نیک کام کیلئے بالکل تیار ہو جائے'' (۲ تیمتھیس ۳:۱۶، ۱۷)۔

کہانی میں پائے جانے والے صحیح بائبلی خیالات اور سرگرمیوں کی بنیاد پر درج ذیل سوالات کے جواب دیں: (تعلیم)

- کیا میرے خیالات اور سرگرمیاں صحیح ہیں؟ (الزام)
- میں اپنے خیالات اور سرگرمیوں کی اصلاح کیسے کر سکتا ہوں؟ (اصلاح)
- میں کیسے صحیح بائبلی خیالات اور سرگرمیاں رکھ سکتا ہوں؟ (تربیت)

سبق
P-1

# ہمیں توڑے دئیے گئے ہیں

لوگ خُدا کو حساب دیں گے کہ وہ اپنے توڑے کس طرح استعمال کرتے ہیں۔

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

بائبل کہتی ہے کہ لوگ خُدا کے سامنے اُن نعمتوں کے لئے جوابدہ ٹھہرائے جائیں گے جو خُدا نے اُن کو دیں اور انہوں نے اُن کیساتھ کیا سلوک کیا۔

**کلیدی حوالہ:** ''پس ہم میں سے ہر ایک خُدا کو اپنا حساب دے گا'' (رومیوں ۱۴:۱۲)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

یسوع تمثیل کے ذریعے اپنے شاگردوں سے باتیں کر رہا تھا۔ تمثیل ایک کہانی ہوتی ہے جو کسی اصول کی وضاحت کرتی ہے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''کیونکہ یہ اُس آدمی کا سا حال ہے جس نے پردیس جاتے وقت اپنے گھر کے نوکروں کو بلا کر اپنا مال اُن کے سپرد کیا۔ اور ایک کو پانچ توڑے دئے۔ دوسرے کو دو اور تیسرے کو ایک یعنی ہر ایک کو اُس کی لیاقت کے مطابق دیا اور پردیس چلا گیا۔ جس کو پانچ توڑے ملے تھے اُس نے فوراً جا کر اُن سے لین دین کیا اور پانچ توڑے اور پیدا کر لئے۔ اسی طرح جسے دو ملے تھے اس نے بھی دو اور کمائے۔ مگر جس کو ایک ملا تھا اُس نے جا کر زمین کھودی اور اپنے مالک کا روپیہ چھپا دیا۔ بڑی مدت کے بعد اُن نوکروں کا مالک آیا اور اُن سے حساب لینے لگا۔ جس کو پانچ توڑے ملے تھے وہ پانچ اور لے کر آیا اور کہا اے خُداوند! تو نے پانچ توڑے میرے سپرد کئے تھے دیکھ میں نے پانچ توڑے اور کمائے۔ اُس کے مالک نے اُس سے کہا اے اچھے اور دیانتدار نوکر شاباش! تو تھوڑے میں دیانتدار رہا۔ میں تجھے بہت چیزوں کا مختار بناؤں گا۔ اپنے مالک کی خوشی میں شریک ہو۔ اور جس کو دو توڑے ملے تھے اُس نے بھی پاس آ کر کہا اے خُداوند تو نے دو توڑے مجھے سپرد کئے تھے دیکھ میں نے دو توڑے اور کمائے۔ اُس کے مالک نے اُس سے کہا اے اچھے اور دیانتدار نوکر شاباش! تو تھوڑے میں دیانتدار رہا۔ میں تجھے بہت چیزوں کا مختار بناؤں گا۔ اپنے مالک کی خوشی میں شریک ہو۔ اور جس کو ایک توڑا ملا تھا وہ بھی پاس آ کر کہنے لگا اے خُداوند میں تجھے جانتا تھا کہ تو سخت آدمی ہے اور جہاں نہیں بویا وہاں سے کاٹتا ہے اور جہاں نہیں بکھیرا وہاں سے جمع کرتا ہے۔ پس میں ڈرا اور جا کر تیرا توڑا زمین میں چھپا دیا۔ دیکھ جو تیرا ہے وہ موجود ہے۔ اُسکے مالک نے جواب میں اُس سے کہا اے شریر اور سست نوکر! تو جانتا تھا کہ جہاں میں نے نہیں بویا وہاں سے کاٹتا ہوں اور جہاں میں نے نہیں بکھیرا وہاں سے جمع کرتا ہوں۔ پس تجھے لازم تھا کہ میرا روپیہ ساہوکاروں کو دیتا تو میں آ کر اپنا مال سود سمیت لیتا۔ پس اس سے وہ توڑا لے لو اور جس کے پاس دس توڑے ہیں اُسے دے دو۔ کیونکہ جس کے پاس ہے اُسے دیا جائے گا جو اُس کے پاس زیادہ ہو جائے گا مگر جس کے پاس نہیں ہے اُس سے وہ بھی جو اُس کے پاس ہے لے لیا جائے گا۔ اور اِس نکمے نوکر کو باہر اندھیرے میں ڈال دو وہاں رونا اور دانت پیسنا ہوگا'' (متی ۲۵:۱۴۔۳۰)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(۱کرنتھیوں ۱۰:۳۱؛ رومیوں ۱۲:۳۔۸)؛ فلپیوں ۴:۱۴۔۱۹؛ افسیوں ۴؛ مکاشفہ ۲۰:۱۱۔۱۵؛ ۲کرنتھیوں ۵:۱۰)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷)

**نتیجہ** - بائبل کہتی ہے کہ لوگ خُدا کے سامنے جوابدہ ہوں گے کہ انہوں نے کیسی زندگی گزاری ہے۔ زندگی خُدا کی طرف سے ایک نعمت ہے۔ خُدا چاہتا ہے کہ ہماری زندگیاں پھل دار ہوں۔

سبق
P-2

# محبت بھرا خُدا

انتہائی اہم حکم

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع نے اپنے پیروکاروں کو بہت سی چیزیں کرنے کا حکم دیا۔ یسوع چاہتا ہے کہ سب لوگ اُس کی پیروی کریں اور وہی کچھ کریں جو وہ کہتا ہے۔ سب سے اہم چیز جو مسیح کے پیروکار کرتے ہیں وہ ہے خُدا سے محبت اور اُس کے کلام کو سننا۔

**کلیدی حوالہ:** ''اور فقیہوں میں سے ایک نے اُن کو بحث کرتے سن کر جان لیا کہ اُس نے اُن کو خوب جواب دیا ہے۔ وہ پاس آیا اور اُس سے پوچھا کہ سب حکموں میں اول کون سا ہے؟ یسوع نے جواب دیا کہ اول یہ ہے اے اسرائیل سن۔ خُداوند ہمارا خُدا ایک ہی خُداوند ہے۔ اور تو خُداوند اپنے خُدا سے اپنے سارے دل اور اپنی ساری جان اور اپنی ساری عقل اور اپنی ساری طاقت سے محبت رکھ۔ دوسرا یہ کہ تو اپنے پڑوسی سے اپنے برابر محبت رکھ۔ اِن سے بڑا اور کوئی حکم نہیں'' (مرقس ۱۲: ۲۸۔۳۱)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

یسوع اپنے شاگردوں کے ساتھ تھا۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''پھر جب وہ جا رہے تھے تو وہ ایک گاؤں میں داخل ہوا اور مرتھا نام ایک عورت نے اُسے اپنے گھر میں اتارا۔ اور مریم نام اُس کی ایک بہن تھی۔ وہ یسوع کے پاؤں کے پاس بیٹھ کر اُس کا کلام سن رہی تھی۔ لیکن مرتھا خدمت کرتے کرتے گھبرا گئی۔ پس اُس کے پاس آ کر کہنے لگی اے خُداوند! کیا تجھے خیال نہیں کہ میری بہن نے خدمت کرنے کو مجھے اکیلا چھوڑ دیا ہے؟ پس اسے فرما کہ میری مدد کرے۔ خُداوند نے جواب میں اُس سے کہا مرتھا! مرتھا! تو تو بہت سی چیزوں کی فکر و تردد میں ہے۔ لیکن ایک چیز ضرور ہے اور مریم نے اچھا حصہ چن لیا ہے جو اُس سے چھینا نہ جائے گا'' (لوقا ۱۰: ۳۸۔۴۲)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(۱یوحنا ۴؛ متی ۲۲: ۳۶۔۳۷؛ لوقا ۱۱: ۴۲؛ یعقوب ۱: ۱۲؛ ۱یوحنا ۲: ۴۔۵)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲تیمتھیس ۳: ۱۶۔۱۷)

**نتیجہ** - یسوع مسیح کا دیا ہوا سب سے اہم حکم یہ تھا کہ لوگ اُس سے محبت کریں اور جو وہ کہتا ہے سنیں۔

سبق
P-3

# خُداکے کلام کو ایمانداری سے بونا

زندگی جو بہت زیادہ پھل دیتی ہے

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

بائبل خُدا کا کلام ہے۔ یسوع کے تمام پیروکار بلائے گئے ہیں تاکہ خُدا اور اُس کے کلام کو جانیں۔ بہت سے لوگ خُدا کا کلام سنتے ہیں لیکن اُس کے مطابق زندگی نہیں گزارتے۔ بائبل مقدس تمام لوگوں کو ہدایت کرتی ہے کہ خُدا کے کلام کو سنیں اور اُس کے مطابق زندگی گزاریں۔ ابلیس نہیں چاہتا کہ لوگ خُدا کے کلام کو سمجھیں یا جانیں۔ ابلیس ہمارے دلوں سے خُدا کے کلام کو چرالینا چاہتا ہے۔ جب ہم خُدا کے کلام کو سنتے اور اُس کے مطابق زندگی گزارتے ہیں تو ہماری زندگیاں پھل دار ہوں گی۔

**کلیدی حوالہ:** ''تیرا کلام میرے قدموں کیلئے چراغ اور میری راہ کیلئے روشنی ہے'' (زبور۱۱۹:۱۰۵)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

یسوع ایک بڑے گروہ کے ساتھ بات کر رہا ہے۔ لوگوں کے یہ گروہ مختلف جگہوں سے آئے ہیں۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''ایک بونے والا بیج بونے نکلا اور بوتے وقت کچھ راہ کے کنارے گرا اور روندا گیا اور ہوا کے پرندوں نے اُسے چگ لیا۔ اور کچھ چٹان پر گرا اور اُگ کر سوکھ گیا اس لئے کہ اُس کو تری نہ پہنچی۔ اور کچھ جھاڑیوں میں گرا اور جھاڑیوں نے ساتھ ساتھ بڑھ کر اُسے دبا دیا۔ اور کچھ اچھی زمین پر گرا اور اُگ کر سو گنا پھل لایا۔'' ''وہ تمثیل یہ ہے کہ بیج خُدا کا کلام ہے۔ راہ کے کنارے کے وہ ہیں جنہوں نے سنا۔ پھر ابلیس آکر کلام کو اُن کے دل سے چھین لے جاتا ہے۔ ایسا نہ ہو کہ ایمان لا کر نجات پائیں۔ اور چٹان پر کے وہ ہیں جو سن کر کلام کو خوشی سے قبول کر لیتے ہیں لیکن جڑ نہیں رکھتے مگر کچھ عرصہ تک ایمان رکھ کر آزمایش کے وقت پھر جاتے ہیں۔ اور جو جھاڑیوں میں پڑا اُس سے وہ لوگ مراد ہیں جنہوں نے سنا لیکن ہوتے ہوتے اس زندگی کی فکروں اور دولت اور عیش و عشرت میں پھنس جاتے ہیں اور اُن کا پھل پکتا نہیں۔ مگر اچھی زمین کے وہ ہیں جو کلام کو سن کر عمدہ اور نیک دل میں سنبھالے رہتے اور صبر سے پھل لاتے ہیں'' (لوقا۸:۵-۸،۱۱-۱۵)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(یوحنا۱۰:۲۷؛ زبور۱۱۹؛ یوحنا۱۵:۱۶؛ فلپیوں۱:۹-۱۱؛ کلسیوں۱:۹-۱۲؛ ۱-پطرس۵:۸)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲-تیمتھیس۳:۱۶-۱۷)

**نتیجہ** - جب لوگ خُدا کے کلام کو سنتے اور اُس کے مطابق زندگی گزارتے ہیں تو اُن کی زندگیاں اچھا پھل لاتی ہیں۔ مسیح کے پیروکاروں کیلئے یہ اہم ہے کہ ابلیس یا دنیا کی فکروں کو اجازت نہ دیں کہ آپ کے دلوں سے خُدا کا کلام چرا لے جائے۔

# شاگردیت کے گروپ تشکیل دینا

## عبادت اور دعا

- خُدا کو دعوت دیں کہ وہ گروہی عبادت اور دعا کے ذریعے اجلاس کا مرکز بنا رہے۔
- شکرگزاری اور شخصی گواہی کا وقت مقرر کریں۔

## دریافتی سبق اور اُن کا اطلاق

### قدم 1 سبق کا موضوع

- سبق کا عنوان اور کلیدی آیت دوسروں کو بتائیں۔

### قدم 2 بائبل کی کہانی

- تعارف اور کہانی کے متعلق گروپ کو بتائیں۔

### قدم 3 تلاش کا عمل

- کہانی کو جانیں
- کہانی کو سمجھیں
- بائبلی سچائیاں تلاش کریں

### قدم 4 اضافی مطالعاتی حوالہ جات

- صحیح بائبلی خیالات اور سرگرمیوں کو جو گروپ نے تلاش کی ہیں جانچیں کہ آیا وہ حقیقی بائبلی دریافت ہیں۔

### قدم 5 عملی سوالات اور نتائج

کہانی میں پائے جانے والے صحیح بائبلی خیالات اور سرگرمیوں کی بنیاد پر درج ذیل سوالات کے جواب دیں: (تعلیم)

- کیا میرے خیالات اور سرگرمیاں صحیح ہیں؟ (الزام)
- میں اپنے خیالات اور سرگرمیوں کی اصلاح کیسے کر سکتا ہوں؟ (اصلاح)
- میں کیسے صحیح بائبلی خیالات اور سرگرمیاں رکھ سکتا ہوں؟ (تربیت)

## معاشرے میں رہنا

**مسیح میں بڑھنا**

- گروپ سے پوچھیں کہ پچھلی شاگردیت کی مجلس سے جو کچھ سیکھا تھا اُس کو عملی زندگی میں اپنانا کیسا لگا؟

**دوسروں کے ساتھ سچائی بانٹنا**

- گروپ سے پوچھیں کہ پچھلی بائبل کی کہانی سے جو کچھ ہم نے سیکھا اُس کو دوسروں کے ساتھ بانٹ کر کیسا لگا۔ اب اور اگلی شاگردیت کی مجلس کے درمیانی عرصہ میں اور کس کے ساتھ یہ کہانی بانٹیں گے؟

**ضرورتوں کو پورا کرنا**

- گروپ سے پوچھیں کہ پچھلی شاگردیت کی مجلس سے ہمارے اور معاشرے کی ضروریات کو پورا کر کے کیسا لگا؟
- گروپ سے پوچھیں کہ گروپ یا معاشرے میں کسی نئے مسئلے یا خیال کی نشاندہی کریں جس پر دھیان دینے کی ضرورت ہے؟
- گروپ سے پوچھیں کہ بحیثیت گروپ کسی مسئلے یا خیال کیلئے اُن کا کیا ردِعمل ہو گا؟

# ایک گھر کی تعمیر جس میں خُدا رہے گا

پھلو اور بڑھو کے پہلے 52 اسباق کو بنیادی سلسلہ کہا جاتا ہے۔ ایک سال کا یہ سلسلہ چار اسباق کے سیٹ پر مشتمل ہے اور ہر ایک میں 13 اسباق ہیں۔ سلسلے کو ایک گھر کی تعمیر کے نمونہ پر تیار کیا گیا ہے۔ چاروں اسباق کے نام ایک عمارت کے مختلف حصوں کے ناموں پر ہے۔ وہ چار مختلف حصے، کونے کے سرے کا پتھر، بنیاد، دیواریں اور چھت ہیں۔ چاروں اسباق کے سیٹ کی تفصیل درج ذیل ہے۔



## ''کونے کے سرے کا پتھر'' اسباق کا سیٹ - میل ملاپ والے تعلقات

کونے کے سرے کا پتھر اسباق کا سیٹ میل ملاپ کی کہانی پر مرکوز ہے۔ یہ سبق اس کے متعلق ہے کہ خُدا نے کیسے تمام چیزوں کو تخلیق کیا۔ یہ سچائی دنیا کی صحیح بائبلی تصویر کشی کرتی ہے۔ دوسرا سبق یہ بنیاد فراہم کرتا ہے کہ لوگ دوسری مخلوقات سے مختلف خُدا کے ساتھ خاص تعلقات کیلئے تخلیق ہوئے ہیں۔ تیسرا اور چوتھا سبق اس بارے ہے کہ انسان کیسے شیطان سے دھوکہ کھا گیا۔ پہلے لوگوں نے خُدا کی نافرمانی کی اور نتیجہ یہ نکلا کہ خُدا کے ساتھ ہمارے تعلقات ٹوٹ گئے۔ باقی اسباق خُدا کے عظیم منصوبے کو پیش کرتے ہیں جس میں کفارہ اور میل ملاپ کے ذریعے وہ دوبارہ اپنے ساتھ تعلقات میں واپس لاتا ہے۔



## ''بنیاد'' اسباق کا سیٹ - مسیح میں قائم رہنا

اس سبق کی بنیاد یسوع مسیح کے حکموں کی فرمانبرداری کی اہمیت پر ہے۔ یسوع نے کہا، ''پس جو کوئی میری یہ باتیں سنتا اور اُن پر عمل کرتا ہے وہ اُس عقل مند آدمی کی مانند ٹھہرے گا جس نے چٹان پر اپنا گھر بنایا'' (متی ۷:۲۴)۔ بنیاد اسباق کا سیٹ دکھاتا ہے کہ کس طرح فرمانبرداری کے طرز زندگی پر مبنی بائبلی بنیاد قائم کی جاسکتی ہے۔




## ''دیواریں'' اسباق کا سیٹ - کثرت کی زندگی

دیواریں کسی عمارت کا وہ حصہ ہوتی ہیں جو عمارت کے باہر لوگوں کو نظر آتی ہیں۔ مسیح کے پیروکاروں کے لئے یہ بھی سچ ہے۔ کہ وہ اس زمین پر خُدا کی نمائندگی کرتے ہیں۔ خُدا کی نمائندگی کے طور پر مسیح کے پیروکاروں کو اس طور سے دیکھنا اور عمل کرنا چاہئے جس سے اُن کے اردگرد کے لوگوں کو خُدا نظر آئے۔ اس سبق کا مرکز زمین پر خُدا کے خاندان کے اہم مقصد پر ہے۔



## ''چھت'' اسباق کا سیٹ - ضروری سچائی

آخری اسباق کے سیٹ میں مسیحی ایمان کی ابتدائی سچائیاں شامل ہیں۔ چھت اس لئے ڈالی جاتی ہے کہ بیرونی اور ان چاہی چیزوں سے دور رہا جاسکے۔ چھت اسباق کا سیٹ مسیحی ایمان کی ابتدائی بائبلی سچائیوں کو ظاہر کر کے جھوٹی تعلیمات کو دور رکھنے کیلئے تیار کیا گیا ہے۔




نتیجتاً آپ پردیسی اور مسافر نہیں رہے بلکہ مقدسوں کے ہم وطن اور خُدا کے گھرانے کے ہوگئے اور رسولوں اور نبیوں کی نیو پر جس کے کونے کے سرے کا پتھر خود مسیح یسوع ہے تعمیر کئے گئے ہو۔ اُسی میں ہر ایک عمارت مل ملا کر خُداوند میں ایک پاک مقدس بنتا جاتا ہے۔ اور تم بھی اُس میں باہم تعمیر کئے جاتے ہوتا کہ روح میں خُدا کا مسکن بنو۔ (افسیوں ۲:۱۹-۲۲)

iBFAM

www.iBFAM.org

BE FRUITFUL AND MULTIPLY



# میل ملاپ والے تعلقات

## اسباق سیٹ نمبر 1 کونے کے سرے کا پتھر

’’کیونکہ باپ کو یہ پسند آیا کہ ساری معموری اُسی میں سکونت کرے۔ اور اُس کے خون کے سبب سے جو صلیب پر بہا صلح کر کے سب چیزوں کو اُسی کے وسیلہ سے اپنے ساتھ میل کر لے۔ خواہ وہ زمین کی ہوں خواہ آسمان کی۔‘‘ (کلسیوں ۱:۱۹-۲۰)

# کونے کے سرے کا پتھر

## سبق سیٹ نمبر 1

**فہرست مضامین** **صفحہ نمبر**

---


1-1 **خُدا، زمین اور آسمان کا خالق** ........ 18
اُس نے سب کچھ تخلیق کیا

2-1 **لوگ خُدا کی خاص تخلیق** ........ 19
خُدا اور ایک دوسرے کے ساتھ خاص رشتے کیلئے تخلیق کئے گئے

3-1 **شیطان دھوکہ باز** ........ 20
وہ چرانے، مارنے اور برباد کرنے کیلئے آیا

4-1 **آدم اور حوا نے خُدا کی نافرمانی کی** ........ 21
اب ہم لعنت کے ماتحت ہیں

5-1 **چنیدہ خاندان** ........ 22
خُدا کے ابرہام کے ساتھ خاص تعلقات

6-1 **خُدا ابرھام کو آزماتا ھے** ........ 23
ابرہام خُدا کی فرمانبرداری کرتاہے

7-1 **موت کے بعد زندگی ہو گی** ........ 24
موت کے بعد زندگی جنت میں یا دوزخ میں ہو گی

8-1 **یسوع مسیح** ........ 25
کامل خُدا اور کامل انسان

9-1 **نسلِ انسانی کیلئے خُدا کا میل ملاپ کا منصوبہ** ........ 26
گناہ کی سزا اپنے اوپر لیتے ہوئے تعلقات کی بحالی

10-1 **یسوع نے موت پر فتح پائی** ........ 27
اُس کے جی اٹھنے نے ثابت کیا کہ وہ کون تھا

11-1 **میں کیا کروں کہ نجات پاؤں** ........ 28
ایمان لاؤ

12-1 **ہم خُدا کی محبت کا جواب کیسے دیتے ھیں** ........ 29
توبہ

13-1 **میں یسوع کا ایک دوست ہوں** ........ 30
میں اُس کے حکموں پر عمل کرنے سے اُس کی محبت میں قائم رہتا ہوں

سبق
1-1

# خُدا، زمین اور آسمان کا خالق

## اُس نے سب کچھ تخلیق کیا

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

صرف ایک خُدا ہے جو سب کچھ جانتا ہے اور سب قدرت رکھتا ہے۔ وہ ہر جگہ موجود ہے اور اُس نے نیست سے سب کچھ تخلیق کیا ہے۔ خدا کے حکم سے تمام کائنات تخلیق ہوئی۔ خُدا نے ہر ایک چیز کامل بنائی کیونکہ وہ خود کامل ہے۔

**کلیدی حوالہ:** ''اُسی نے اپنی قدرت سے زمین کو بنایا۔ اُسی نے اپنی حکمت سے جہان کو قائم کیا اور اپنی عقل سے آسمان کو تان دیا ہے'' (یرمیاہ ۱۵:۵۱)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

خُدا ہر چیز سے پہلے موجود تھا۔ بائبل بتاتی ہے کہ خُدا نے زمین کو اور جو کچھ زمین پر موجود ہے اُس کو چھ دن میں تخلیق کیا۔ پہلے پانچ دن میں خُدا نے روشنی، سورج چاند اور آسمان، پانی اور خشکی کو تخلیق کیا۔ اُس نے ہر طرح کی سبزی اور ہر طرح کی سمندری زندہ مخلوق اور ہوا میں اڑنے والا ہر پرندہ جو اپنی اپنی جنس کے مطابق پھل سکتا تھا تخلیق کیا۔ خُدا نے اپنی مخلوق کو دیکھا اور کہا ''اچھا ہے''۔ ہماری کہانی چھٹے دن سے شروع ہوتی ہے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''اور خُدا نے کہا کہ زمین جانداروں کو اُن کی جنس کے موافق چوپائے اور رینگنے والے جان دار اور جنگلی جانور اُن کی جنس کے موافق پیدا کرے اور ایسا ہی ہوا۔ اور خُدا نے جنگلی جانوروں اور چوپایوں کو اُن کی جنس کے موافق اور زمین کے رینگنے والے جان داروں کو اُن کی جنس کے موافق بنایا اور خُدا نے دیکھا کہ اچھا ہے۔ پھر خُدا نے کہا کہ ہم انسان کو اپنی صورت پر اپنی شبیہہ کی مانند بنائیں اور وہ سمندر کی مچھلیوں اور آسمان کے پرندوں اور چوپایوں اور تمام زمین اور سب جان داروں پر جو زمین پر رینگتے ہیں اختیار رکھیں۔ اور خُدا نے انسان کو اپنی صورت پر پیدا کیا۔ خُدا کی صورت پر اُس کو پیدا کیا۔ نر و ناری اُن کو پیدا کیا۔ اور خُدا نے اُن کو برکت دی اور کہا کہ پھلو اور بڑھو اور زمین کو معمور و محکوم کرو اور سمندر کی مچھلیوں اور ہوا کے پرندوں اور کل جانوروں پر جو زمین پر چلتے ہیں اختیار رکھو'' (پیدائش ۱:۲۴-۲۸)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(کلسیوں ۱:۱۶؛ مکاشفہ ۴:۱۱؛ زبور ۳۳:۶-۹؛ یسعیاہ ۴۰:۲۱-۲۸؛ عبرانیوں ۱۱:۳)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳:۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - جو کچھ کائنات میں نظر آتا ہے اتفاقی نہیں ہے۔ ایک خالق ہے جو خُدا ہے اور اُس نے جو تخلیق کیا کامل ہے۔

سبق 2-1

# لوگ خُدا کی خاص تخلیق

## خُدا کے ساتھ خاص رشتے کیلئے تخلیق کئے گئے

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

خُدا نے انسان کو حیوانوں سے بہت مختلف تخلیق کیا ہے کیونکہ خُدا نے انسان کو اپنے ساتھ خاص تعلقات رکھنے، اپنی فطرت کو اُس کے ذریعے منعکس کرنے اور مددگار کے طور پر بھی تخلیق کیا۔

**کلیدی حوالہ:** ''میں تیرا شکر کرونگا کیونکہ میں عجیب وغریب طور سے بنا ہوں'' (زبور ۱۳۹:۱۴)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

بائبل بتاتی ہے کہ خُدا نے زمین وآسمان کو اور جو کچھ اس میں ہے تخلیق کیا اور خُدا نے یہ واضح کیا کہ اُس کی تمام مخلوقات ''اچھی'' ہے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''اور خُداوند خُدا نے زمین کی مٹی سے انسان کو بنایا اور اُس کے نتھنوں میں زندگی کا دم پھونکا تو انسان جیتی جان ہوا۔....اور خُداوند خُدا نے کہا کہ آدم کا اکیلا رہنا اچھا نہیں۔ میں اُس کیلئے ایک مددگار اُس کی مانند بناؤں گا۔اور خُداوند خُدا نے کل دشتی جانور اور ہوا کے کل پرندے مٹی سے بنائے اور اُن کو آدم کے پاس لایا کہ دیکھے کہ وہ اُن کے کیا نام رکھتا ہے اور آدم نے جس جانور کو جو کہا وہی اُس کا نام ٹھہرا۔اور آدم نے کل چوپایوں اور ہوا کے پرندوں اور کل دشتی جانوروں کے نام رکھے پر آدم کیلئے کوئی مددگار اُس کی مانند نہ ملا۔اور خُداوند خُدا نے آدم پر گہری نیند بھیجی اور وہ سو گیا اور اُس نے اُس کی پسلیوں میں سے ایک کو نکال لیا اور اُس کی جگہ گوشت بھر دیا۔اور خُداوند خُدا اُس پسلی سے جو اُس نے آدم میں سے نکالی تھی ایک عورت بنا کر اُسے آدم کے پاس لایا'' (پیدائش ۲:۷، ۱۸۔۲۲)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(زبور ۲۴:۱؛ زبور ۱۰۰:۳؛ زبور ۱۳۹:۱۳۔۱۶؛ افسیوں ۵:۲۸، ۳۱؛ رومیوں ۸:۳۸۔۳۹)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - خُدا نے عورت اور مرد کو خاص بنایا اور وہ برابر ہیں۔ وہ ایک دوسرے کے ساتھ تعلقات میں رہنے کیلئے تخلیق ہوئے ہیں۔ وہ خُدا کے ساتھ تعلقات میں جینے کیلئے بھی بنائے گئے۔

سبق
3-1

# شیطان دھوکہ باز

## وہ چرانے، مارنے اور برباد کرنے کیلئے آیا

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

شیطان بُرا ہے اور اُسی سے بُرائی کا وجود ہے کیونکہ وہ خُدا سے نفرت کرتا ہے اور خُدا کی کامل تخلیق سے بھی نفرت کرتا ہے۔ اس لئے وہ زمین پر ایک سانپ کے روپ میں آیا تا کہ خُدا اور نسلِ انسانی کے درمیان تعلقات کو برباد کر سکے۔

**کلیدی حوالہ:** ''چور نہیں آتا مگر چرانے اور مار ڈالنے اور ہلاک کرنے کو۔ میں اس لئے آیا کہ وہ زندگی پائیں اور کثرت سے پائیں'' (یوحنا ۱۰:۱۰)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

خُدا نے مرد اور عورت کو بنا کر ایک خوبصورت باغ میں رکھا۔ خُدا نے آدم سے کہا کہ وہ سوائے ایک کے ہر درخت کا پھل کھا سکتا ہے۔ خُدا نے کہا ''تم باغ کے ہر درخت کا پھل بے روک ٹوک کھا سکتا ہے لیکن نیک و بد کی پہچان کے درخت کا کبھی نہ کھانا کیونکہ جس روز تو نے اُس میں سے کھایا تو مرا''۔ ایک دن شیطان سانپ کے بھیس میں آیا اور حوا کو دھوکہ دیا۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''اور سانپ کل دشتی جانوروں سے جن کو خُداوند خُدا نے بنایا تھا چالاک تھا اور اُس نے عورت سے کہا کیا واقعی خُدا نے کہا ہے کہ باغ کے کسی درخت کا پھل تم نہ کھانا۔ عورت نے سانپ سے کہا کہ باغ کے درختوں کا پھل تو ہم کھاتے ہیں پر جو درخت باغ کے بیچ میں ہے اُس کے پھل کی بابت خُدا نے کہا ہے کہ تم نہ تو اُسے کھانا اور نہ چھونا ورنہ مر جاؤ گے۔ تب سانپ نے عورت سے کہا کہ تم ہرگز نہ مرو گے۔ بلکہ خُدا جانتا ہے کہ جس دن تم اُسے کھاؤ گے تمہاری آنکھیں کھل جائیں گی اور تم خُدا کی مانند نیک و بد کے جاننے والے بن جاؤ گے۔ عورت نے جو دیکھا کہ وہ درخت کھانے کیلئے اچھا اور آنکھوں کو خوشنما معلوم ہوتا ہے اور عقل بخشنے کیلئے خوب ہے تو اُس کے پھل میں سے لیا اور کھایا اور اپنے شوہر کو بھی دیا اور اُس نے کھایا...... تب خُداوند خُدا نے عورت سے کہا کہ تو نے یہ کیا کیا؟ عورت نے کہا کہ سانپ نے مجھ کو بہکایا تو میں نے کھایا۔ اور خُداوند خُدا نے سانپ سے کہا اس لئے کہ تو نے یہ کیا تو سب چوپایوں اور دشتی جانوروں میں ملعون ٹھہرا۔ تو اپنے پیٹ کے بل چلے گا اور اپنی عمر بھر خاک چاٹے گا۔ اور میں تیرے اور عورت کے درمیان اور تیری نسل اور عورت کی نسل کے درمیان عداوت ڈالوں گا۔ وہ تیرے سر کو کچلے گا اور تو اُس کی ایڑھی پر کاٹے گا'' (پیدائش ۳:۱-۶، ۱۳-۱۵)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد

(دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(مرقس ۱:۹-۱۳؛ ۲ تھسلنیکیوں ۲:۸-۱۰؛ مکاشفہ ۱۲:۹؛ ۱ پطرس ۵:۸)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی

(۲ تیمتھیس ۳:۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - شیطان کی بری خواہشات نے اُسے خُدا اور اُس کے منصوبوں کے خلاف کر دیا۔ زمین پر اُس کا کام حوا کو آزمانے سے شروع ہوا۔ شیطان نے حوا کو خُدا کی نافرمانی کرنے کیلئے دھوکا دیا۔ شیطان نوعِ انسانی اور اُس کے خدا کے ساتھ تعلقات سے نفرت کرتا ہے۔

سبق
4-1

# آدم اور حوا نے خُدا کی نافرمانی کی

## اب ہم لعنت کے ماتحت ہیں

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

شیطان آیا اور حوا کو خُدا کی نافرمانی کرنے کیلئے دھوکا دیا۔ خُدا کی نافرمانی گناہ ہے۔ گناہ کا نتیجہ دکھ، تکلیف اور موت ہے خُدا گناہ کی سزا دیتا ہے۔ آدم اور حوا کے گناہ کا نتیجہ یہ تھا کہ خُدا کے ساتھ اُن کے تعلقات منقطع ہو گئے۔

**کلیدی حوالہ:** ''پس جس طرح ایک آدمی کے سبب سے گناہ دنیا میں آیا اور گناہ کے سبب سے موت آئی اور یوں موت سب آدمیوں میں پھیل گئی اِس لئے کہ سب نے گناہ کیا'' (رومیوں ۵:۱۲)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

پہلے مرد اور عورت کو خُدا نے تخلیق کیا اُن کا نام آدم اور حوا رکھا گیا۔ اِس کہانی میں درخت وہ ہے جو نیکی اور بدی کی پہچان دیتا ہے۔ خُدا نے کہا کہ وہ اس درخت کے سوا ہر درخت کا پھل کھا سکتے ہیں۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''عورت نے جو دیکھا کہ وہ درخت کھانے کیلئے اچھا اور آنکھوں کو خوشنما معلوم ہوتا ہے اور عقل بخشنے کیلئے خوب ہے تو اُس کے پھل میں سے لیا اور کھایا اور اپنے شوہر کو بھی دیا اور اُس نے کھایا تب دونوں کی آنکھیں کھل گئیں اور اُن کو معلوم ہوا کہ وہ ننگے ہیں اور انہوں نے انجیر کے پتے سی کر اپنے لئے لنگیاں بنائیں۔ اور انہوں نے خُداوند خُدا کی آواز جو ٹھنڈے وقت باغ میں پھرتا تھا سنی اور آدم اور اُس کی بیوی نے اپنے آپ کو خُداوند خُدا کے حضور سے چھپایا۔ تب خُداوند خُدا نے آدم کو پکارا اور اُس سے کہا کہ تو کہاں ہے؟ اُس نے کہا میں نے باغ میں تیری آواز سنی اور میں ڈرا کیونکہ میں ننگا تھا اور میں نے اپنے آپ کو چھپایا۔ اُس نے کہا تجھے کس نے بتایا کہ تو ننگا ہے؟ کیا تو نے اُس درخت کا پھل کھایا جس کی بابت میں نے تجھ کو حکم دیا تھا کہ اُسے نہ کھانا۔ آدم نے کہا کہ جس عورت کو تو نے میرے ساتھ کیا ہے اُس نے مجھے اُس درخت کا پھل دیا اور میں نے کھایا۔ تب خُداوند خُدا نے عورت سے کہا کہ تو نے یہ کیا کیا؟ عورت نے کہا کہ سانپ نے مجھ کو بہکایا تو میں نے کھایا۔.....
پھر اُس نے عورت سے کہا کہ میں تیرے دردِ حمل کو بہت بڑھاؤں گا۔ تو درد کے ساتھ بچے جنے گی اور تیری رغبت اپنے شوہر کی طرف ہو گی اور وہ تجھ پر حکومت کرے گا۔ اور آدم سے اُس نے کہا چونکہ تو نے اپنی بیوی کی بات مانی اور اُس درخت کا پھل کھایا جس کی بابت میں نے تجھے حکم دیا تھا کہ اُسے نہ کھانا اس لئے زمین تیرے سبب سے لعنتی ہوئی۔ مشقت کے ساتھ تو اپنی عمر بھر اُس کی پیداوار کھائے گا اور وہ تیرے لئے کانٹے اور اونٹ کٹارے اگائے گی اور تو کھیت کی سبزی کھائے گا۔ تو اپنے منہ کے پسینے کی روٹی کھائے گا جب تک کہ زمین میں تو پھر لوٹ نہ جائے اس لئے کہ تو اُس سے نکالا گیا ہے کیونکہ تو خاک ہے اور خاک میں پھر لوٹ جائے گا'' (پیدایش ۳:۶-۱۳، ۱۶-۱۹)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(یعقوب ۱:۱۳-۱۵؛ یسعیاہ ۵۹:۲؛ رومیوں ۳:۲۳؛ رومیوں ۶:۲۳؛ ۱یوحنا ۳:۵)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳:۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - ایک کامل خُدا کو گناہ کی برداشت نہیں کیونکہ خُدا پر شک اور نافرمانی نے انسان کے تعلقات کو خُدا کے ساتھ منقطع کر دیا۔ تمام نسل انسانی نے گناہ کیا ہے اور گناہ کا نتیجہ دکھ، تکلیف اور موت ہے۔

سبق
5-1

# چنیدہ خاندان

## خُدا کے ابرہام کے ساتھ خاص تعلقات

**سبق کا موضوع - زمین کی تیاری**

آدم اور حوا کے گناہ کے نتائج تمام لوگوں میں پھیل گئے۔ خُدا نے اپنے ساتھ نوع انسانی کی رفاقت کو دوبارہ بحال کرنے کا منصوبہ بنایا۔ خُدا نے ابرہام نامی ایک شخص کے ساتھ وعدہ کیا کہ لوگ اُس کے خاندان کے وسیلہ سے خُدا کے ساتھ بحال ہونگے۔

**کلیدی حوالہ:** ''اور خُداوند نے ابرام سے کہا کہ تو اپنے وطن اور اپنے ناتے داروں کے بیچ سے اور اپنے باپ کے گھر سے نکل کر اُس ملک میں جا جو میں تجھے دکھاؤں گا اور میں تجھے ایک بڑی قوم بناؤنگا اور برکت دونگا اور تیرا نام سرفراز کرونگا۔ سو تو باعث برکت ہو! جو تجھے مبارک کہیں اُن کو میں برکت دوں گا اور جو تجھ پر لعنت کرے اُس پر میں لعنت کرونگا اور زمین کے سب قبیلے تیرے وسیلہ سے برکت پائیں گے'' (پیدائش ۱۲:۱۔۳)۔

**بائبل کی کہانی - بیج بونا**

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

ابرہام وہ شخص تھا جس نے خُدا کے ساتھ وفاداری کی جب وہ اُس سے ہمکلام ہوا۔ خُدا نے ابرہام کے خاندان کا انتخاب کیا جو شیطان کو شکست دے گا اور نوع انسانی کو برکت دے گا۔ ابرہام نے یہ بھروسہ نہ کیا کہ خُدا اُس کی بیوی سے اُس کو اولاد دے گا اس لئے ابرہام نے کچھ چیزوں کو خُدا کے طریقے سے نہیں بلکہ اپنے طریقے سے کیا۔ اب تک ابرہام اور اس کی بیوی کے اولاد نہ تھی اِس لئے ابرہام نے اپنی بیوی کی نوکرانی حاجرہ سے اولاد حاصل کی اور بچے کا نام اسمٰعیل رکھا گیا۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''جب ابرام ننانوے برس کا ہوا تب خُداوند ابرام کو نظر آیا اور اُس سے کہا کہ میں خُدای قادر ہوں۔ تو میرے حضور میں چل اور کامل ہو۔ اور میں اپنے اور تیرے درمیان عہد باندھوں گا اور تجھے بہت زیادہ بڑھاؤں گا۔ تب ابرام سرنگوں ہو گیا اور خُدا نے اُس سے ہمکلام ہو کر فرمایا۔ کہ دیکھ میرا عہد تیرے ساتھ ہے اور تو بہت قوموں کو باپ ہوگا۔ اور تیرا نام پھر ابرام نہیں کہلائے گا بلکہ تیرا نام ابرہام ہوگا کیونکہ میں نے تجھے بہت قوموں کا باپ ٹھہرا دیا ہے۔ اور میں تجھے بہت برومند کرونگا اور قومیں تیری نسل سے ہوں گی اور بادشاہ تیری اولاد میں سے برپا ہوں گے۔ اور میں اپنے اور تیرے درمیان اور تیرے بعد تیری نسل کے درمیان اُن کی سب پشتوں کیلئے اپنا عہد جو ابدی عہد ہوگا باندھوں گا تا کہ میں تیرا اور تیرے بعد تیری نسل کا خُدا رہوں۔ ......اور خُدا نے ابرہام سے کہا کہ ساری جو تیری بیوی ہے سو اُس کو ساری نہ پکارنا۔ اُس کا نام سارہ ہوگا۔ اور میں اُسے برکت دوں گا اور اُس سے بھی تجھے ایک بیٹا بخشوں گا۔ یقیناً میں اُسے برکت دوں گا اور عالم کے بادشاہ اُس سے پیدا ہوں گے۔ تب ابرہام سرنگوں ہوا اور ہنس کر دل میں کہنے لگا کہ کیا سو سال کے بڈھے سے کوئی بچہ ہوگا اور کیا سارہ کے جو نوے برس کی ہے اولاد ہوگی؟ اور ابرہام نے خُدا سے کہا کہ کاش اسمٰعیل ہی تیرے حضور جیتا رہے۔ تب خُدا نے فرمایا کہ بیشک تیرے بیوی سارہ کے تجھ سے بیٹا ہوگا۔ تو اُس کا نام اضحاق رکھنا اور میں اُس سے اور پھر اُس کی اولاد سے اپنا عہد جو ابدی عہد ہے باندھوں گا'' (پیدائش ۱۷:۱۔۷،۱۵۔۱۹)۔

**تلاش کا عمل - پانی اور کھاد** (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ**

(پیدائش ۱۵:۱۔۶؛ عبرانیوں ۱۱:۸۔۱۲؛ گلتیوں ۳:۱۶۔۱۸؛ یسعیاہ ۵۱:۱۔۲؛ یعقوب ۲:۲۳)

**عملی سوالات - فصل کی کٹائی** (۲ تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - خُدا کا انسان کے ساتھ اپنے میل ملاپ کا منصوبہ ابرہام کے ساتھ شروع ہوا۔ خُدا نے وعدہ کیا کہ ابرہام کے خاندان کے وسیلہ تمام زمین برکت پائے گی۔ خُدا نے وعدہ کیا کہ ایک دن گنہگار ابرہام کے خاندان کے وسیلہ بچ جائیں گے۔

سبق
6-1

# خُدا ابرھام کو آزماتا ھے

## ابرہام خُدا کی فرمانبرداری کرتاہے

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

خُدا کے سارے وعدوں کی تکمیل کا انحصار اضحاق کی زندگی پر تھا۔ ابرہام خُدا کی طرف سے آزمایا گیا۔ ابرہام نے خُدا کے حکم کو مانا۔ ابرہام نے بھروسہ کیا کہ خُدا جھوٹ نہیں بولے گا۔

**کلیدی حوالہ:** ''ایمان ہی سے ابرہام نے آزمایش کے وقت اضحاق کو نذر گذرانا اور جس نے وعدوں کو سچ مان لیا تھا وہ اُس اکلوتے کو نذر کرنے لگا۔ جس کی بابت یہ کہا گیا تھا کہ اضحاق ہی سے تیرے نسل کہلائے گی۔ کیونکہ وہ سمجھا کہ خُدا مردوں میں سے جلانے پر بھی قادر ہے چنانچہ اُن ہی میں سے تمثیل کے طور پر وہ اُسے پھر ملا'' (عبرانیوں ۱۱: ۱۷-۱۹)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

پرانے وقتوں میں خُدا نے گناہ کے بدلے خون کی قربانی قائم کی تھی۔ قربانی پیش کرنا پاکیزگی کا ایک مذہبی عمل تھا۔ یہ ایک عبادتی عمل بھی تھا۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''تب اُس نے کہا کہ تو اپنے بیٹے اضحاق کو جو تیرا اکلوتا ہے اور جسے تو پیار کرتا ہے ساتھ لے کر موریاہ کے ملک میں جا اور وہاں اُسے پہاڑوں میں سے ایک پہاڑ پر جو میں تجھے بتاؤں گا سوختنی قربانی کے طور پر چڑھا۔ تب ابرہام نے صبح سویرے اُٹھ کر اپنے گدھے پر چار جامہ کسا اور اپنے ساتھ دو جوانوں اور اپنے بیٹے اضحاق کو لیا اور سوختنی قربانی کیلئے لکڑیاں چیریں اور اٹھ کر اُس جگہ کو جو خُدا نے اُسے بتائی تھی روانہ ہوا۔ تیسرے دن ابرہام نے نگاہ کی اور اُس جگہ کو دور سے دیکھا۔ تب ابرہام نے اپنے جوانوں سے کہا تم یہیں گدھے کے پاس ٹھہرو میں اور یہ لڑکا دونوں ذرا وہاں تک جاتے ہیں اور سجدہ کر کے پھر تمہارے پاس لوٹ آئیں گے۔ اور ابرہام نے سوختنی قربانی کی لکڑیاں لے کر اپنے بیٹے اضحاق پر رکھیں اور آگ اور چھری اپنے ہاتھ میں لی اور دونوں اکٹھے روانہ ہوئے۔ تب اضحاق نے اپنے باپ ابرہام سے کہا اے باپ! اُس نے جواب دیا کہ اے میرے بیٹے میں حاضر ہوں۔ اُس نے کہا دیکھ آگ اور لکڑیاں تو ہیں پر سوختنی قربانی کیلئے برہ کہاں ہے؟ ابرہام نے کہا اے میرے بیٹے خُدا آپ ہی اپنے واسطے سوختنی قربانی کیلئے برہ مہیا کر لے گا۔ سو وہ دونوں آگے چلتے گئے۔ اور اُس جگہ پہنچے جو خُدا نے بتائی تھی۔ وہاں ابرہام نے قربان گاہ بنائی اور اُس پر لکڑیاں چنیں اور اپنے بیٹے اضحاق کو باندھا اور اُسے قربان گاہ پر لکڑیوں کے اوپر رکھا۔ اور ابرہام نے ہاتھ بڑھا کر چھری لی کہ اپنے بیٹے کو ذبح کرے۔ تب خُداوند کے فرشتہ نے اُسے آسمان سے پکارا کہ اے ابرہام اے ابرہام! اُس نے کہا میں حاضر ہوں۔ پھر اُس نے کہا کہ تو اپنا ہاتھ لڑکے پر نہ چلا اور نہ اُس سے کچھ کر کیونکہ میں اب جان گیا کہ تو خُدا سے ڈرتا ہے اس لئے کہ تو نے اپنے بیٹے کو بھی جو تیرا اکلوتا ہے مجھ سے دریغ نہ کیا۔ اور ابرہام نے نگاہ کی اور اپنے پیچھے ایک مینڈھا دیکھا جسکے سینگ جھاڑی میں اٹکے تھے۔ تب ابرہام نے جا کر اُس مینڈھے کو پکڑا اور اپنے بیٹے کے بدلے سوختنی قربانی کے طور پر چڑھایا'' (پیدایش ۲۲: ۲-۱۳)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(رومیوں ۴: ۱-۲۴؛ یعقوب ۲: ۲۱-۲۲؛ پیدایش ۲۲: ۱۵-۱۸)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳: ۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - ابرہام کی اضحاق کی قربانی نے خُدا پر اُس کے ایمان کو ظاہر کیا کیونکہ ابرہام نے خُدا کا حکم مانا۔ جب خُدا کی طرف سے ابرہام کا امتحان ہوا تو اُس نے خُدا پر بھروسہ رکھا اور فرمانبرداری کی۔ ابرہام کی کہانی کے کئی سال بعد خُدا نے ایک ایسی قربانی مہیا کی جو ایک ہی بار میں تمام بنی نوح انسان کے لیے کفارہ کا باعث ہوئی۔

سبق
7-1

# موت کے بعد زندگی ہو گی

## موت کے بعد زندگی جنت میں یا دوزخ میں ہو گی

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

نوشتے موت کے بعد زندگی کے بارے میں ہمیں سکھاتے ہیں۔موت کے بعد تمام لوگ یا فردوس میں جائیں گے یا جہنم میں۔فردوس وہ جگہ ہے جہاں خُدا ہے۔وہاں بہت لطف ہوگا کیونکہ ہم خُدا کے ساتھ ہوں گے۔جہنم سزا کی جگہ ہوگی۔جہنم میں لوگ ابدی طور پر خُدا سے جدا ہو جائیں گے اور خُدا سب کی عدالت کریگا۔

**کلیدی حوالہ:** ’’کیونکہ گناہ کی مزدوری موت ہے مگر خُدا کی بخشش ہمارے خُداوند مسیح یسوع میں ہمیشہ کی زندگی ہے‘‘(رومیوں ۶:۲۳)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

بائبل سچائیاں سکھانے کیلئے تماثیل کا استعمال کرتی ہے۔تماثیل گہرے معنی والی کہانیاں ہوتی ہیں۔اس تمثیل میں خُدا کا نام ’’ابنِ آدم‘‘ ہے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

’’آسمان کی بادشاہی اُس آدمی کی مانند ہے جس نے اپنے کھیت میں اچھا بیج بویا۔مگر لوگوں کے سوتے میں اُس کا دشمن آیا اور گیہوں میں کڑوے دانے بھی بو گیا۔پس جب پتیاں نکلیں اور بالیں آئیں تو وہ کڑوے دانے بھی دکھائی دئے۔نوکروں نے آکر گھر کے مالک سے کہا اے خُداوند کیا تو نے اپنے کھیت میں اچھا بیج نہ بویا تھا؟ اُس میں کڑوے دانے کہاں سے آگئے؟ اُس نے اُن سے کہا یہ کسی دشمن کا کام ہے۔نوکروں نے اُس سے کہا تو کیا تو چاہتا ہے کہ ہم جا کر اُن کو جمع کریں۔اُس نے اُن سے کہا نہیں ایسا نہ ہو کہ کڑوے دانے جمع کرنے میں تم اُن کے ساتھ گیہوں بھی اُکھاڑ لو۔کٹائی تک دونوں کو اکٹھا بڑھنے دو اور کٹائی کے وقت میں کاٹنے والوں سے کہہ دوں گا کہ پہلے کڑوے دانے جمع کرلو اور جلانے کیلئے اُن کے گٹھے باندھ لو اور گیہوں میرے کھتے میں جمع کر دو۔......بیج بونے والا ابنِ آدم ہے۔اور کھیت دنیا ہے اور اچھا بیج بادشاہی کے فرزند اور کڑوے دانے اُس شریر کے فرزند ہیں۔جس دشمن نے ان کو بویا وہ ابلیس ہے اور کٹائی دنیا کا آخر ہے اور کاٹنے والے فرشتے ہیں۔پس جیسے کڑوے دانے جمع کئے جاتے اور آگ میں جلائے جاتے ہیں ویسے ہی دنیا کے آخر میں ہوگا۔ابنِ آدم اپنے فرشتوں کو بھیجے گا اور وہ سب ٹھوکر کھلانے والی چیزوں اور بدکاروں کو اُس کی بادشاہی میں سے جمع کریں گے اور اُن کو آگ کی بھٹی میں ڈال دیں گے۔ وہاں رونا اور دانت پیسنا ہوگا۔اُس وقت راستباز اپنے باپ کی بادشاہی میں آفتاب کی مانند چمکیں گے۔جس کے کان ہوں وہ سن لے۔‘‘
(متی ۱۳:۲۴-۳۰، ۳۷-۴۳)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(مکاشفہ ۲۰:۱۲-۱۵؛ مکاشفہ ۲۱-۲۲؛ ۱تھسلنیکیوں ۴:۱۳-۱۸؛ یوحنا ۱۴:۱-۳؛ فلپیوں ۳:۲۰؛ متی ۱۳:۴۷-۵۰؛ متی ۲۵:۳۱-۴۶؛ مرقس ۹:۴۷-۴۸؛ عبرانیوں ۹:۲۷)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲تیمتھیس ۳:۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - مرنے کے بعد خُدا سب لوگوں کا انصاف کرے گا۔فردوس زندگی اور خوشی سے بھرپور جگہ ہے اور جہنم دکھ، تکلیف سے بھرپور جگہ ہے۔

سبق 8-1

# یسوع مسیح

## کامل خُدا اور کامل انسان

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

پوری بائبل میں خُدا نجات کے منصوبہ پر کام کر رہا تھا تا کہ انسان اور خُدا کے درمیان ٹوٹے تعلقات کو بحال کرنے کیلئے راستہ بن سکے۔ جب وقت پورا ہوا، خُدا نے اپنے بیٹے یسوع مسیح کو بھیجا تا کہ لوگوں کا خُدا کے ساتھ میل ملاپ کروائے۔

**کلیدی حوالہ:** ''لیکن خُداوند آپ تم کو ایک نشان بخشے گا۔ دیکھو ایک کنواری حاملہ ہوگی اور بیٹا پیدا ہوگا اور وہ اُس کا نام عمانوایل رکھے گی'' (یسعیاہ ۷:۱۴)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

بائبل ہمیں بتاتی ہے کہ یسوع مسیح داؤد کے خاندان سے تھا اور وہ ابرہام کے خاندان سے تھا۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''اب یسوع مسیح کی پیدائش اس طرح ہوئی کہ جب اُس کی ماں مریم کی منگنی یوسف کے ساتھ ہوگئی تو اُن کے اکٹھے ہونے سے پہلے وہ روح القدس کی قدرت سے حاملہ پائی گئی۔ پس اُس کے شوہر یوسف نے جو راستباز تھا اور اُسے بدنام کرنا نہیں چاہتا تھا اُسے چپکے سے چھوڑ دینے کا ارادہ کیا۔ وہ اِن باتوں کو سوچ ہی رہا تھا کہ خُداوند کے فرشتہ نے اُسے خواب میں دکھائی دے کر کہا اے یوسف ابنِ داؤد! اپنی بیوی مریم کو اپنے ہاں لے آنے سے نہ ڈر کیونکہ جو اُس کے پیٹ میں ہے وہ روح القدس کی قدرت سے ہے۔ اُس کے بیٹا ہوگا اور تو اُس کا نام یسوع رکھنا کیونکہ وہی اپنے لوگوں کو ان کے گناہوں سے نجات دے گا۔ یہ سب کچھ اس لئے ہوا کہ جو خُداوند نے نبی کی معرفت کہا تھا وہ پورا ہو کہ دیکھو ایک کنواری حاملہ ہوگی اور بیٹا جنے گی اور اُس کا نام عمانوایل رکھیں گے جس کا ترجمہ ہے خُدا ہمارے ساتھ۔ پس یوسف نے نیند سے جاگ کر ویسا ہی کیا جیسا خُداوند کے فرشتہ نے اُسے حکم دیا تھا اور اپنی بیوی کو اپنے ہاں لے آیا اور اُس کو نہ جانا جب تک اُس کے بیٹا نہ ہوا اور اُس کا نام یسوع رکھا'' (متی ۱:۱۸۔۲۵)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(متی ۱۶:۱۳۔۲۰؛ متی ۲۶:۶۳۔۶۴؛ لوقا ۱:۲۸۔۳۵؛ یوحنا ۱:۱۔۱۴؛ یوحنا ۳:۱۶؛ فلپیوں ۲:۵۔۱۱؛ کلسیوں ۱:۱۵۔۲۰؛ کلسیوں ۲:۹)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع مسیح کامل انسان اور کامل خُدا تھا۔ یسوع مسیح خُدا اور لوگوں کے درمیان ٹوٹے رشتوں کو بحال کرنے کیلئے بھیجا گیا۔

سبق
9-1

# نسلِ انسانی کیلئے خُدا کا میل ملاپ کا منصوبہ

## گناہ کی سزا اپنے اوپر لیتے ہوئے تعلقات کی بحالی

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

خُدا تمام لوگوں سے محبت کرتا ہے۔ لوگ خُدا کے ساتھ محبت کرنے اور تعلقات رکھنے کیلئے بنائے گئے تھے۔ شیطان نے آدم اور حوا کو خُدا کی نافرمانی کیلئے بہکایا۔ خُدا کی نافرمانی گناہ ہے۔ گناہ نے خُدا اور نوع انسانی کے درمیان کامل تعلقات کو برباد کر دیا۔ خُدا نے لوگوں کے ساتھ وعدہ کیا کہ اُسکے اور انسان کے درمیان کامل تعلقات پھر سے بحال ہونگے۔ خُدا نے آدم کے ساتھ وعدہ کیا کہ ایک دن اُس کے خاندان سے کوئی شیطان کے سر کو کچلے گا۔ خُدا نے وعدہ کیا کہ وہ ابرہام کے خاندان کے وسیلہ سے قوموں کو برکت دے گا۔ خُدا نے اپنے بیٹے یسوع مسیح کو بھیج کر اپنا وعدہ پورا کیا۔

**کلیدی حوالہ:** ''کیونکہ جب ہم کمزور ہی تھے تو عین وقت پر مسیح بے دینوں کی خاطر مُوا'' (رومیوں ۵:۶)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

خُدا نے اپنے اکلوتے بیٹے کو بھیجا۔ اُسکا نام یسوع مسیح تھا۔ اُس کی پیدائش ایک معجزہ تھی۔ وہ کامل انسان اور کامل خُدا تھا۔ وہ بڑھا اور جیا لیکن ایک بار بھی گناہ نہ کیا۔ اُس نے بہت سے معجزات کئے اور بہت عظیم سچائیاں سکھائیں۔ بہت سے مذہبی رہنما یسوع کو پسند نہیں کرتے تھے اور اُس کے قتل کے درپے تھے۔ لوگوں کو خوش کرنے کیلئے گورنر نے اجازت دے دی کہ یسوع کو ماریں اور صلیب پر کیلوں سے جڑ دیں۔ صلیب تکلیف دینے کا ایک طریقہ ہے۔ خُدا نے کہا کہ یسوع کا مار کھانا اور موت ہمارے گناہوں کی خاطر ہے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''اس پر حاکم کے سپاہیوں نے یسوع کو قلعہ میں لے جا کر ساری پلٹن اُس کے گرد جمع کی۔ اور اُس کے کپڑے اتار کر اُسے قرمزی چوغہ پہنایا۔ اور کانٹوں کا تاج بنا کر اُس کے سر پر رکھا اور ایک سرکنڈا اُس کے دہنے ہاتھ میں دیا اور اُس کے آگے گھٹنے ٹیک کر اُسے ٹھٹھوں میں اڑانے لگے کہ اے یہودیوں کے بادشاہ آداب! اور اُس پر تھوکا اور وہی سرکنڈا لے کر اُس کے سر پر مارنے لگے۔ اور جب اُس کا ٹھٹھا کر چکے تو چوغہ کو اُس پر سے اتار کر پھر اُسی کے کپڑے اُسے پہنائے اور مصلوب کرنے کو لے گئے۔ جب باہر آئے تو انہوں نے شمعون نام ایک کرینی آدمی کو پا کر اسے بیگار میں پکڑا کہ اُس کی صلیب اٹھائے۔ اور اُس جگہ جو گلگتا یعنی کھوپڑی کی جگہ کہلاتی ہے پہنچ کر پِت ملی ہوئی مے اُسے پینے کو دی مگر اُس نے چکھ کر پینا نہ چاہا۔ اور انہوں نے اُسے مصلوب کیا اور اُس کے کپڑے قرعہ ڈال کر بانٹ لئے۔ اور وہاں بیٹھ کر اُس کی نگہبانی کرنے لگے اور اُس کا الزام لکھ کر اُس کے سر پر اوپر لگا دیا کہ یہ یہودیوں کا بادشاہ یسوع ہے۔ اُس وقت اُس کے ساتھ دو ڈاکو مصلوب ہوئے ایک دہنے اور ایک بائیں۔...... اور دوپہر سے لے کر تیسرے پہر تک تمام ملک میں اندھیرا چھایا رہا۔...... یسوع نے پھر بڑی آواز سے چلا کر جان دے دی'' (متی ۲۷:۲۷۔۳۸، ۴۵، ۵۰)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد

(دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(۱ تیمتھیس ۱:۱۵؛ ۱ پطرس ۲:۲۴؛ مرقس ۱۰:۴۵؛ افسیوں ۱:۷؛ یوحنا ۱:۲۹؛ یسعیاہ ۵۳:۵۔۶)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی

(۲ تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - صلیب پر یسوع مسیح کی موت نے تمام لوگوں کیلئے خُدا کے ساتھ خاص تعلقات کا ایک راستہ بنایا۔ یسوع نے ہمارے گناہوں کی پوری قیمت ادا کی اُس نے ہماری جگہ لے لی۔ یہ تحفہ نہ تو ہم نے کمایا اور نہ ہی ہم اس کے اہل تھے۔ خُدا نے ایسا کیا کیونکہ وہ تمام لوگوں سے پیار کرتا ہے۔ جو لوگ یسوع پر ایمان رکھتے اور اُس کے دئے ہوئے تحفے کو قبول کرتے ہیں خُدا کے ساتھ میل ملاپ میں ہیں۔

سبق
10-1

# یسوع نے موت پر فتح پائی

## اُس کے جی اٹھنے نے ثابت کیا کہ وہ کون تھا

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع جب زمین پر تھا تو اُس نے کہا تھا کہ وہ ہمارے گناہوں کے لئے موے گا اور مردوں میں سے جی اٹھے گا۔ یسوع مسیح صلیب پر مُؤا اور پھر واپس زندگی میں لوٹا۔ جب یسوع مسیح مردوں میں سے جی اٹھا تو اس سے ثابت ہوا کہ وہ حقیقی خُدا ہے۔ جو کچھ اُس نے کہا وہ سب سچ ہے۔

**کلیدی حوالہ:** ''چنانچہ میں نے سب سے پہلے تم کو وہی بات پہنچادی جو مجھے پہنچی تھی کہ مسیح کتابِ مُقدس کے مطابق ہمارے گناہوں کے لئے مُؤا اور دفن ہوا اور تیسرے دن کتاب مقدس کے مطابق جی اٹھا'' (۱ کرنتھیوں ۱۵:۳۔۴)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

صلیب پر یسوع کی موت کے بعد کچھ دوست اُس کی لاش لے گئے۔ انہوں نے اُسے ایک قبر میں رکھا۔ حاکم نے حکم دیا کہ قبر کے منہ پر ایک بہت بڑا پتھر رکھا جائے۔ سپاہی قبر کی نگرانی کر رہے تھے تا کہ کوئی یسوع کی لاش کو چرا نہ لے جائے۔ اُس کی موت کے تیسرے دن دو عورتیں قبر پر آئیں۔ انہوں نے دیکھا کہ پتھر لڑھکا ہوا ہے اور اُس پر ایک فرشتہ بیٹھا ہے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''فرشتہ نے عورتوں سے کہا تم نہ ڈرو کیونکہ میں جانتا ہوں کہ تم یسوع کو ڈھونڈتی ہو جو مصلوب ہوا تھا۔ وہ یہاں نہیں ہے کیونکہ اپنے کہنے کے مطابق جی اٹھا ہے۔ آؤ یہ جگہ دیکھو جہاں خُداوند پڑا تھا اور جلد جا کر اُس کے شاگردوں سے کہو کہ وہ مردوں میں سے جی اٹھا ہے اور دیکھو وہ تم سے پہلے گلیل کو جاتا ہے۔ وہاں تم اسے دیکھو گے۔ دیکھو میں نے تم سے کہہ دیا ہے۔ اور وہ خوف اور بڑی خوشی کے ساتھ قبر سے جلد روانہ ہو کر اُس کے شاگردوں کو خبر دینے دوڑیں'' (متی ۲۸:۵۔۸)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(۱ کرنتھیوں ۱۵:۱۲۔۲۲؛ رومیوں ۱:۳۔۴؛ رومیوں ۸:۳۳۔۳۴؛ اعمال ۲:۲۲۔۲۴؛ ۱ پطرس ۱:۳)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع مسیح مردوں میں سے جی اٹھے۔ موت یسوع مسیح پر قابو نہ رکھ سکی کیونکہ وہ خُدا تھا۔ وہ گناہ کی کامل قربانی تھا۔ یسوع نے ثابت کیا کہ وہ ایک اچھا استاد یا نبی ہی نہیں بلکہ زندگی کا خُدا ہے۔ یسوع مسیح نے ثابت کیا کہ اُس کے پاس کل قدرت اور اختیار ہے اور ہمارا بادشاہ ہے۔

سبق
11-1

# میں کیا کروں کہ نجات پاؤں

## ایمان لاؤ

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع مُوا اور مردوں میں سے جی اُٹھا تا کہ لوگ زندگی پائیں اور کثرت کی زندگی پائیں اور اسکے لئے تمام لوگوں کو بلایا گیا ہے کہ وہ یسوع مسیح پر ایمان رکھیں اور یقین کریں کہ وہ خُدا کا بیٹا ہے۔ تمام لوگ گناہ کی سزا سے بچ سکتے ہیں اگر وہ یسوع پر ایمان رکھیں اور منہ سے اقرار کریں کہ وہ خُدا ہے۔ تمام لوگوں کے پاس یہ چناؤ ہے کہ وہ خُدا پر ایمان رکھیں اور بچ جائیں یا اُسے رد کر دیں۔ خُدا کی خواہش ہے کہ تمام لوگ بچ جائیں۔

**کلیدی حوالہ:** ''کیونکہ خُدا نے دنیا سے ایسی محبت رکھی کہ اُس نے اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا تا کہ جو کوئی اُس پر ایمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائے۔ کیونکہ خُدا نے بیٹے کو دنیا میں اِس لئے نہیں بھیجا کہ دنیا پر سزا کا حکم کرے بلکہ اِس لئے کہ دنیا اُس کے وسیلہ سے نجات پائے''(یوحنا۳:۱۶۔۱۷)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

مردوں میں سے جی اُٹھنے کے بعد یسوع اپنے شاگردوں پر ظاہر ہوا۔ یسوع کے شاگردوں میں سے توما نامی ایک شاگرد اُس وقت موجود نہ تھا۔ مصلوب ہونے کے بعد سے اُس نے یسوع کو نہیں دیکھا تھا۔ کسی چیز کو دیکھے بغیر محسوس کرنا یا اعتقاد رکھنا ایمان ہے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''مگر اُن بارہ میں سے ایک شخص توما جسے توام کہتے ہیں یسوع کے آنے کے وقت اُن کے ساتھ نہ تھا۔ پس باقی شاگرد اُس سے کہنے لگے کہ ہم نے خُداوند کو دیکھا ہے۔ مگر اُس نے اُن سے کہا جب تک میں اُس کے ہاتھوں میں میخوں کے سوراخ نہ دیکھ لوں اور میخوں کے سوراخوں میں اپنی انگلی نہ ڈال لوں اور اپنا ہاتھ اُس کی پسلی میں نہ ڈال لوں ہرگز یقین نہ کروں گا۔ آٹھ روز کے بعد جب اُس کے شاگرد پھر اندر تھے اور توما اُن کے ساتھ تھا اور دروازے بند تھے یسوع نے آکر اور بیچ میں کھڑا ہو کر کہا تمہاری سلامتی ہو۔ پھر اُس نے توما سے کہا اپنی انگلی پاس لا کر میرے ہاتھوں کو دیکھ اور اپنا ہاتھ پاس لا کر میری پسلی میں ڈال اور بے اعتقاد نہ ہو بلکہ اعتقاد رکھ۔ توما نے جواب میں اُس سے کہا اے میرے خُداوند! اے میرے خُدا! یسوع نے اُس سے کہا تو مجھے دیکھ کر ایمان لایا ہے مبارک وہ ہیں جو بغیر دیکھے ایمان لائے۔ اور یسوع نے اور بہت سے معجزے شاگردوں کے سامنے دکھائے جو اس کتاب میں لکھے نہیں گئے لیکن یہ اس لئے لکھے گئے کہ تم ایمان لاؤ کہ یسوع ہی خُدا کا بیٹا مسیح ہے اور ایمان لا کر اُس کے نام سے زندگی پاؤ''(یوحنا۲۰:۲۴۔۳۱)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(افسیوں۲:۸۔۹؛ گلتیوں۲:۲۰؛ گلتیوں۳؛ اعمال۱۰:۴۳؛ اعمال۱۶:۲۵۔۳۱؛ عبرانیوں۱۱؛ رومیوں۶:۲۳؛ رومیوں۱۰:۹۔۱۰؛ یوحنا۳:۱۶۔۲۱)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع مسیح نے ہمارے گناہوں کی سزا اپنے اوپر لے لی۔ کلامِ مُقدس بتاتا ہے کہ اگر لوگ ایمان لائیں گے کہ وہ مردوں میں سے جلایا گیا تو ہمیشہ کی زندگی پائیں گے۔ ایمان یسوع مسیح پر بھروسہ اور اعتقاد کا نام ہے حالانکہ ہم اُسے دیکھ نہیں سکتے۔ ایمان یہ ہے کہ یسوع مسیح ہمارے گناہوں کے کفارہ کیلئے مردوں میں سے جی اُٹھا۔

سبق
12-1

# ہم خُدا کی محبت کا جواب کیسے دیتے ہیں

توبہ

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

توبہ دل اور دماغ کی تبدیلی ہے۔توبہ میں خُدا اور گناہ کے بارے میں مختلف طور سے سوچنا اور عمل کرنا شامل ہے۔توبہ کا مطلب یہ ہے کہ ہم گناہ سے اتنی نفرت کرتے ہیں جتنی خُدا کرتا ہے۔توبہ سے ہمارے گناہ بھرے رویے میں تبدیلی آتی ہے۔

**کلیدی حوالہ:** ''پس خُدا جہالت کے وقتوں سے چشم پوشی کر کے اب سب آدمیوں کو ہر جگہ حکم دیتا ہے کہ توبہ کریں'' (اعمال ۱۷: ۳۰)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

یسوع مسیح ایک عظیم استاد تھا اور ضرورت مندوں کیلئے بہت سے معجزات کرتا اور انکو شفا دیتا رہا۔یسوع جہاں کہیں جاتا بڑا مجمع اکٹھا ہو جاتا۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''وہ یریحو میں داخل ہو کر جا رہا تھا اور دیکھو زکائی نام ایک آدمی تھا جو محصول لینے والوں کا سردار اور دولت مند تھا۔وہ یسوع کو دیکھنے کی کوشش کرتا تھا کہ کون سا ہے لیکن بھیڑ کے سبب سے دیکھ نہ سکتا تھا۔اس لئے کہ اُس کا قد چھوٹا تھا۔پس اُسے دیکھنے کیلئے آگے دوڑ کر ایک گولر کے پیڑ پر چڑھ گیا کیونکہ وہ اُسی راہ سے جانے کو تھا۔جب یسوع اُس جگہ پہنچا تو اوپر نگاہ کر کے اُس سے کہا اے زکائی جلد اتر آ کیونکہ آج مجھے تیرے گھر رہنا ضرور ہے۔وہ جلد اتر کر اُس کو خوشی سے اپنے گھر لے گیا۔جب لوگوں نے یہ دیکھا تو سب بڑبڑا کر کہنے لگے کہ وہ تو ایک گنہگار شخص کے ہاں جا اترا۔اور زکائی نے کھڑے ہو کر خُداوند سے کہا اے خُداوند دیکھ میں اپنا آدھا مال غریبوں کو دیتا ہوں اور اگر کسی کا کچھ ناحق لے لیا ہے تو اُس کو چوگنا ادا کرتا ہوں۔یسوع نے اُس سے کہا آج اِس گھر میں نجات آئی ہے۔اس لئے کہ یہ بھی ابرہام کا بیٹا ہے۔کیونکہ ابن آدم کھوئے ہوؤں کو ڈھونڈنے اور نجات دینے آیا ہے۔'' (لوقا ۱۹: ۱-۱۰)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(اعمال ۲: ۳۱-۴۱؛ اعمال ۳: ۱۹-۲۰؛ متی ۳: ۲؛ متی ۴: ۱۷؛ مرقس ۱: ۱۵؛ لوقا ۵: ۲۳؛ لوقا ۱۳: ۱۵)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳: ۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع مسیح پر ہمارا ایمان ہمیں توبہ کی طرف مائل کرتا ہے۔جب ہم توبہ کرتے ہیں ہمارے دل و دماغ تبدیل ہو جاتے ہیں۔جب ہمارے دل و دماغ تبدیل ہو جاتے ہیں تو ہمارے گناہ بھرے اعمال بھی تبدیل ہوتے ہیں وہ جو یسوع پر ایمان اور بھروسہ رکھتے ہیں وہ اپنے اردگرد رہنے والے اُن لوگوں سے مختلف زندگی گزارتے ہیں۔

سبق
13-1

# میں یسوع کا ایک دوست ہوں

## میں اُس کے حکموں پر عمل کرنے سے اُس کی محبت میں قائم رہتا ہوں

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

مسیح کے پیروکار ہوتے ہوئے ہم خُدا کے دوست ہیں۔ خُدا کے دوست خُدا کو خاص طور سے جانتے ہیں۔ خُدا کے دوست خُدا سے اور دوسروں سے محبت کرتے ہیں۔ خُدا کے دوست خُدا پر بھروسہ رکھتے ہیں اور اُس کے حکموں کی فرمانبرداری کرتے ہیں۔

**کلیدی حوالہ:** ''میری بھیڑیں میری آواز سنتی ہیں اور میں انہیں جانتا ہوں اور وہ میرے پیچھے پیچھے چلتی ہیں۔'' (یوحنا ۱۰: ۲۷)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

یسوع اپنے شاگردوں سے باتیں کرتے ہوئے اُن کو ہدایات دے رہا تھا۔ جس باپ کی وہ بات کرتا ہے وہ خُدا باپ ہے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''فلپس نے اُس سے کہا اے خُداوند! باپ کو ہمیں دکھا۔ یہی ہمیں کافی ہے۔ یسوع نے اُس سے کہا اے فلپس! میں اتنی مدت سے تمہارے ساتھ ہوں کیا تو مجھے نہیں جانتا؟ جس نے مجھے دیکھا اُس نے باپ کو دیکھا۔ تو کیوں کر کہتا ہے کہ باپ کو ہمیں دکھا؟..... جیسے باپ نے مجھ سے محبت رکھی ویسے ہی میں نے تم سے محبت رکھی۔ تم میری محبت میں قائم رہو۔ اگر تم میرے حکموں پر عمل کرو گے تو میری محبت میں قائم رہو گے جیسے میں نے اپنے باپ کے حکموں پر عمل کیا ہے اور اُس کی محبت میں قائم ہوں۔ میں نے یہ باتیں اِس لئے تم سے کہی ہیں کہ میری خوشی تم میں ہو اور تمہاری خوشی پوری ہو جائے۔ میرا حکم یہ ہے کہ جیسے میں نے تم سے محبت رکھی تم بھی ایک دوسرے سے محبت رکھو۔ اس سے زیادہ محبت کوئی شخص نہیں کرتا کہ اپنی جان اپنے دوستوں کیلئے دے دے۔ جو کچھ میں تم کو حکم دیتا ہوں اگر تم اُسے کرو تو میرے دوست ہو۔ اب سے میں تمہیں نوکر نہ کہوں گا کیونکہ نوکر نہیں جانتا کہ اُس کا مالک کیا کرتا ہے بلکہ تمہیں میں نے دوست کہا ہے اس لئے کہ جو باتیں میں نے اپنے باپ سے سنیں وہ سب تم کو بتا دیں۔'' (یوحنا ۱۴: ۸۔۹؛ ۱۵: ۹۔۱۵)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد

(دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(متی ۷: ۱۶۔۲۰؛ ۲ پطرس ۱: ۳۔۸؛ یوحنا ۱۴: ۱۵۔۲۳؛ ا یوحنا ۴: ۷۔۸؛ ا یوحنا ۵: ۱۔۵؛ کلسیوں ۱: ۱۰)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی

(۲ تیمتھیس ۳: ۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - مسیح کے پیروکار ہونے کے ناطے ہم خُدا کے دوست ہیں۔ خُدا کے دوست ہونے کے ناطے ہم بلائے گئے ہیں کہ خُدا کی آواز کو سنیں اور فرمانبرداری کریں۔ خُدا کے دوست ہونے کے ناطے ہم بلائے گئے ہیں تاکہ دوسروں سے محبت رکھیں جیسی محبت یسوع مسیح نے ہم سے رکھی۔

iBFAM

www.iBFAM.org

BE FRUITFUL AND MULTIPLY



# مسیح میں قائم رہنا

اسباق سیٹ نمبر 2 بنیاد

''تم مجھ میں قائم رہو اور میں تم میں ۔جس طرح ڈالی اگر انگور کے درخت میں قائم نہ رہے تو اپنے آپ سے پھل نہیں لاسکتی اُسی طرح تم بھی اگر مجھ میں قائم نہ رہو تو پھل نہیں لاسکتے۔'' (یوحنا ۱۵:۴)

# بنیاد

## سبق سیٹ نمبر 2

## فہرست مضامین — صفحہ نمبر

اسباق:


1-2 بپتسمہ لو ........ 33
خُداوند پر ایمان رکھو

2-2 ہم دنیا کا نور ہیں ........ 34
دنیا کو بتائیں کہ یسوع کون ہے

3-2 دوسروں کے ساتھ میل ملاپ رکھیں ........ 35
اپنے خلاف گناہ کرنے والوں کو معاف کریں

4-2 حرامکاری نہ کریں ........ 36
دوسروں کو بری نگاہ سے نہ دیکھیں

5-2 شادی خُدا کیلئے مقدس ہے ........ 37
خُدا کو طلاق سے نفرت ہے

6-2 بے انصافی کا جواب ........ 38
محبت کی مثال بن کر جئیں

7-2 اپنے دشمنوں سے محبت رکھیں ........ 39
خُدا سب لوگوں سے پیار کرتا ہے

8-2 دوسروں کو دیں ........ 40
خُدا ضرورت مندوں کا خیال رکھتا ہے

9-2 دُعا ........ 41
خُدا سے بات کرنا اور خُدا کی سننا

10-2 آسمان پر خزانہ جمع کریں ........ 42
اپنی چیزوں اور اپنی زندگی سے خُدا کو عزت دینا

11-2 فکر نہ کریں ........ 43
خُدا آپ کو جانتا ہے اور اُس کو آپکی ضروریات کی فکر ہے

12-2 دوسروں کے منصف نہ بنیں ........ 44
خُدا منصف ہے

13-2 مانگو، ڈھونڈو، کھٹکھٹاؤ ........ 45
خُدا مستقل دعا کا جواب دیتا ہے

سبق
1-2

# بپتسمہ لو

## خُداوند پر ایمان رکھو

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

پانی کا بپتسمہ خُدا کا حکم ہے۔ بائبلِ مُقدس کہتی ہے کہ یسوع کو قبول کرنے کے بعد ہمیں بپتسمہ لینا چاہیئے۔ بپتسمہ وہ ہے جب نئے ایمانداروں کو پانی میں ڈبویا اور پھر بعد میں باہر نکالا جاتا ہے۔ بپتسمہ روحانی پیدائش کی ایک تصویر ہے جو اُس وقت رونما ہوتی ہے جب آپ مسیحی بنتے ہیں۔ بپتسمہ دوسروں کیلئے ایک نمونہ ہے کہ ہم یسوع کے پیروکار ہیں۔

**کلیدی حوالہ:** ''پس تم جا کر سب قوموں کو شاگرد بناؤ اور اُن کو باپ اور بیٹے اور روح القدس کے نام سے بپتسمہ دو'' (متی ۲۸:۱۹)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

فلپس مسیح کا پیروکار تھا جس نے خُدا کی بادشاہی کی منادی کی۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''اور فلپس شہر سامریہ میں جا کر لوگوں میں مسیح کی منادی کرنے لگا۔ اور جو معجزے فلپس دکھاتا تھا لوگوں نے انہیں سن کر اور دیکھ کر بِالاتفاق اُس کی باتوں پر جی لگایا۔ کیونکہ بہتیرے لوگوں میں سے ناپاک روحیں بڑی آواز سے چلا چلا کر نکل گئیں اور بہت سے مفلوج اور لنگڑے اچھے کئے گئے اور اُس شہر میں بڑی خوشی ہوئی۔ اِس سے پہلے شمعون نام ایک شخص اُس شہر میں جادوگری کرتا تھا اور سامریہ کے لوگوں کو حیران رکھتا اور یہ کہتا تھا کہ میں بھی کوئی بڑا شخص ہوں اور چھوٹے سے بڑے تک سب اُس کی طرف متوجہ ہوتے اور کہتے تھے کہ یہ شخص خُدا کی وہ قدرت ہے جسے بڑی کہتے ہیں۔ وہ اس لئے اُس کی طرف متوجہ ہوتے تھے کہ اُس نے بڑی مدت سے اپنے جادو کے سبب سے اُن کو حیران کر رکھا تھا۔ لیکن جب انہوں نے فلپس کا یقین کیا جو خُدا کی بادشاہی اور یسوع مسیح کے نام کی خوشخبری دیتا تھا تو سب لوگ خواہ مرد خواہ عورت بپتسمہ لینے لگے۔ اور شمعون نے خود بھی یقین کیا اور بپتسمہ لے کر فلپس کے ساتھ رہا اور نشان اور بڑے بڑے معجزے ہوتے دیکھ کر حیران ہوا''
(اعمال ۸:۵-۱۳)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد

(دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(اعمال ۲:۳۸؛ اعمال ۸:۱۸؛ رومیوں ۶:۴-۵؛ کلسیوں ۲:۱۲؛ گلتیوں ۳:۲۷)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی

(۲ تیمتھیس ۳:۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - بائبل کہتی ہے کہ مسیحیوں کو بپتسمہ لازمی لینا چاہیئے کیونکہ پانی کا بپتسمہ ہمارے دلوں کی وہ تصویر ہے جو ہمارے دلوں میں مسیح کو اپنا نجات دہندہ قبول کرتے وقت ابھرتی ہے۔ بپتسمہ دوسروں کیلئے ایک گواہی ہے کہ ہم یسوع مسیح کے پیروکار ہیں۔

سبق
2-2

# ہم دنیا کا نور ہیں

## دنیا کو بتائیں کہ یسوع کون ہے

**سبق کا موضوع - زمین کی تیاری**

ایک مسیحی وہ ہے جو مسیح یسوع کا پیروکار ہے اور اُسے دُنیا میں مسیح کو ظاہر کرنے کے لئے روشنی کا کام کرنا چاہیے۔

**کلیدی حوالہ:** ''تم دنیا کا نور ہو۔ جو شہر پہاڑ پر بسا ہے وہ چھپ نہیں سکتا۔ اور چراغ جلا کر پیمانہ کے نیچے نہیں بلکہ چراغ دان پر رکھتے ہیں تو اُس سے گھر کے سب لوگوں کو روشنی پہنچتی ہے۔ اِسی طرح تمہاری روشنی آدمیوں کے سامنے چمکے تاکہ وہ تمہارے نیک کاموں کو دیکھ کر تمہارے باپ کی جو آسمان پر ہے تمجید کریں'' (متی ۵:۱۴۔۱۶)۔

**بائبل کی کہانی - بیج بونا**

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

یسوع ایک کنویں پر بیٹھا ہوا تھا۔ ایک عورت پانی بھرنے کو آئی۔ یسوع نے عورت سے پینے کیلئے پانی مانگا۔ یسوع نے عورت سے کہا کہ وہ اُسے ہمیشہ کی زندگی کا پانی دے سکتا ہے۔ یسوع نے اُس عورت کو اُس کی زندگی کے بارے کچھ چیزیں بتائیں جو وہ الٰہی علم کے بغیر جان نہیں سکتی تھی۔ یسوع نے اُس عورت پر ظاہر کیا کہ وہ خُدا ہے۔ عورت یسوع کی باتوں پر حیران تھی اور جو کچھ یسوع نے کہا اُس سب پر یقین کر لیا۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''پس عورت اپنا گھڑا چھوڑ کر شہر میں چلی گئی اور لوگوں سے کہنے لگی آؤ۔ ایک آدمی کو دیکھو جس نے میرے سب کام مجھے بتا دئے۔ کیا ممکن ہے کہ مسیح یہی ہے؟ وہ شہر سے نکل کر اُس کے پاس آنے لگے۔ اتنے میں اُس کے شاگرد اُس سے یہ درخواست کرنے لگے۔۔۔۔ اور اُس شہر کے بہت سے سامری اُس عورت کے کہنے سے جس نے گواہی دی کہ اُس نے میرے سب کام مجھے بتا دئے اُس پر ایمان لائے۔ پس جب وہ سامری اُس کے پاس آئے تو اُس سے درخواست کرنے لگے کہ ہمارے پاس رہ چنانچہ وہ دو روز وہاں رہا۔ اور اُس کے کلام کے سبب سے اور بھی بہتیرے ایمان لائے۔ اور اُس عورت سے کہا اب ہم تیرے کہنے ہی سے ایمان نہیں لائے کیونکہ ہم نے خود سن لیا اور جانتے ہیں کہ یہ فی الحقیقت دُنیا کا منّجی ہے'' (یوحنا ۴:۲۸۔۳۰، ۳۹۔۴۲)۔

**تلاش کا عمل - پانی اور کھاد** (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ**

(اعمال ۱:۸؛ مرقس ۱۶:۱۵۔۱۶؛ لوقا ۱۱:۳۳۔۳۶)

**عملی سوالات - فصل کی کٹائی** (۲ تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع دنیا کا حقیقی نور اور نجات دہندہ ہے۔ یسوع نے اپنے پیروکاروں سے کہا کہ جاؤ اور دنیا کیلئے نور بنو تاکہ لوگ دیکھ سکیں کہ وہ کون ہے۔

سبق
3-2

# دوسروں کے ساتھ میل ملاپ رکھیں

## اپنے خلاف گناہ کرنے والوں کو معاف کریں

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع نے اپنے شاگردوں کو ہدایت دی کہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ پرامن رہیں۔ مسیحی لوگوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مہربان رہنے اور جنہوں نے اُن کے خلاف گناہ کیا ہے اُن پر رحم کرنے کی ہدایت کی ہے۔ ایک دوسرے کے ساتھ پرامن رہنے کا مطلب اُن لوگوں کے ساتھ مہربانی سے پیش آنا ہے جنہوں نے آپ کو کوئی دکھ پہنچایا ہو یا تکلیف دی ہو۔

**کلیدی حوالہ:** ''پس اگر تو قربان گاہ پر اپنی نذر گزرانتا ہو اور وہاں تجھے یاد آئے کہ میرے بھائی کو مجھ سے کچھ شکایت ہے تو وہیں قربان گاہ کے آگے اپنی نذر چھوڑ دے اور جا کر پہلے اپنے بھائی سے ملاپ کر۔ تب آ کر اپنی نذر گذران۔'' (متی ۵:۲۳۔۲۴)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

یسوع کے شاگردوں میں سے کسی ایک نے پوچھا کہ جو کوئی اُس کے خلاف گناہ کرے اُسے کتنی بار اُسے معاف کرنا چاہئے۔ جواب میں یسوع نے درج ذیل تمثیل پیش کی۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''پس آسمان کی بادشاہی اُس بادشاہ کی مانند ہے جس نے اپنے نوکروں سے حساب لینا چاہا۔ اور جب حساب لینے لگا تو اُس کے سامنے ایک قرض دار حاضر کیا گیا جس پر اُس کے دس ہزار توڑے آتے تھے۔ مگر چونکہ اُس کے پاس ادا کرنے کو کچھ نہ تھا اِس لئے اُس کے مالک نے حکم دیا کہ یہ اور اِس کی بیوی بچے اور جو کچھ اِس کا ہے سب بیچا جائے اور قرض وصول کر لیا جائے۔ پس نوکر نے گر کر اُسے سجدہ کیا اور کہا اے خُداوند مجھے مہلت دے۔ میں تیرا سارا قرض ادا کروں گا۔ اُس نوکر کے مالک نے ترس کھا کر اُسے چھوڑ دیا اور اُس کا قرض بخش دیا۔ جب وہ نوکر باہر نکلا تو اُس کے ہم خدمتوں میں سے ایک اُس کو ملا جس پر اُس کے سو دینار آتے تھے۔ اُس نے اُس کو پکڑ کر اُس کا گلا گھونٹا اور کہا جو میرا آتا ہے ادا کر دے۔ پس اُس کے ہم خدمت نے اُس کے سامنے گر کر اُس کی منت کی اور کہا مجھے مہلت دے۔ میں تجھے ادا کر دوں گا۔ اُس نے نہ مانا بلکہ جا کر اُسے قید خانہ میں ڈال دیا کہ جب تک قرض ادا نہ کر دے قید رہے۔ پس اُس کے ہم خدمت یہ حال دیکھ کر بہت غمگین ہوئے اور آ کر اپنے مالک کو سب کچھ جو ہوا تھا سنا دیا۔ اِس پر اُس کے مالک نے اُس کو پاس بلا کر اُس سے کہا اے شریر نوکر! میں نے وہ سارا قرض تجھے اِس لئے بخش دیا کہ تو نے میری منت کی تھی۔ کیا تجھے لازم نہ تھا کہ جیسا میں نے تجھ پر رحم کیا تو بھی اپنے ہم خدمت پر رحم کرتا؟ اور اُس کے مالک نے خفا ہو کر اُس کو جلادوں کے حوالہ کیا کہ جب تک تمام قرض ادا نہ کر دے قید رہے۔ میرا آسمانی باپ بھی تمہارے ساتھ اسی طرح کرے گا اگر تم میں سے ہر ایک اپنے بھائی کو دل سے معاف نہ کرے گا۔'' (متی ۱۸:۲۳۔۳۵)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد

(دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(متی ۶:۱۴؛ لوقا ۱۱:۴؛ لوقا ۱۷:۳۔۴؛ ۲ کرنتھیوں ۲:۵۔۱۱؛ کلسیوں ۳:۱۲۔۱۴؛ افسیوں ۴:۳۲؛ مرقس ۱۱:۲۵۔۲۶)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی

(۲ تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - مسیح کے پیروکاروں کو لوگوں کو معاف کرنے کیلئے بلایا گیا ہے جیسے خُدا نے ہم سب کو معاف کیا ہے۔ مسیح کے پیروکاروں کو اپنے اردگرد رہنے والے لوگوں کے ساتھ پرامن رہنے کی ہدایات کی ہیں۔

سبق
4-2

# حرامکاری نہ کریں

## دوسروں کو بُری نگاہ سے نہ دیکھیں

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع نے اپنے شاگردوں کو حرامکاری سے منع کیا۔ یسوع نے سکھایا کہ کسی کو بری نگاہ سے دیکھنا بھی گناہ ہے۔

**کلیدی حوالہ:** ''تم سن چکے ہو کہ کہا گیا تھا کہ زنا نہ کرنا۔ لیکن میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ جس کسی نے بری خواہش سے عورت پر نگاہ کی وہ اپنے دل میں اُس کے ساتھ زنا کر چکا۔'' (متی ۵:۲۷۔۲۸)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

داؤد اسرائیل کا ایک بہت مشہور بادشاہ تھا۔ داؤد نے ایک عورت کو نہاتے دیکھا اور اُس پر فریفتہ ہو گیا۔ یہ عورت داؤد کی فوج کے ایک سپہ سالار کی بیوی تھی۔ اُس کا نام حتی اوریاہ تھا۔ داؤد نے اپنے ملازموں سے کہا کہ اُس عورت کو لائیں۔ وہ عورت داؤد سے حاملہ ہو گئی۔ تب داؤد نے اوریاہ کو جنگ پر بھیجا اور وہ جنگ میں مارا گیا۔ خُدا ناخوش ہوا۔ خُدا نے ایک نبی جس کا نام ناتن تھا داؤد کے پاس بھیجا۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''اور خُداوند نے ناتن کو داؤد کے پاس بھیجا۔ اُس نے اُس کے پاس آ کر اُس سے کہا کسی شہر میں دو شخص تھے۔ ایک امیر دوسرا غریب۔ اُس امیر کے پاس بہت سے ریوڑ اور گلے تھے۔ پر اُس غریب کے پاس بھیڑ کی ایک پٹھیا کے سوا کچھ نہ تھا جسے اُس نے خرید کر پالا تھا اور وہ اُس کے اور اُس کے بال بچوں کے ساتھ بڑھی تھی۔ وہ اُسی کے نوالہ میں سے کھاتی اور اُس کے پیالہ میں سے پیتی اور اُس کی گود میں سوتی تھی اور اُس کیلئے بطور بیٹی کے تھی۔ اور اُس امیر کے ہاں کوئی مسافر آیا سو اُس نے اُس مسافر کیلئے جو اُس کے ہاں آیا تھا پکانے کو اپنے ریوڑ اور گلہ میں سے کچھ نہ لیا بلکہ اُس غریب کی بھیڑ لے لی اور اُس شخص کے لئے جو اُس کے ہاں آیا تھا پکائی۔ تب داؤد کا غضب اُس شخص پر بشدت بھڑکا اور اُس نے ناتن سے کہا خُداوند کی حیات کی قسم کہ وہ شخص جس نے یہ کام کیا واجب القتل ہے۔ سو اُس شخص کو اُس بھیڑ کا چوگنا بھرنا پڑے گا کیونکہ اُس نے ایسا کام کیا اور اُسے ترس نہ آیا۔ تب ناتن نے داؤد سے کہا کہ وہ شخص تو ہی ہے۔ خُداوند اسرائیل کا خُدا یوں فرماتا ہے کہ میں نے تجھے مسح کر کے اسرائیل کا بادشاہ بنایا اور میں نے تجھے ساؤل کے ہاتھ سے چھڑایا اور میں نے تیرے آقا کا گھر تجھے دیا اور تیرے آقا کی بیویاں تیری گود میں کر دیں اور اسرائیل اور یہوداہ کا گھرانا تجھ کو دیا اور اگر یہ سب کچھ تھوڑا تھا تو میں تجھ کو اور اور چیزیں بھی دیتا۔ سو تو نے کیوں خُداوند کی بات کی تحقیر کر کے اُس کے حضور بدی کی؟'' (۲ سموئیل ۱۲:۱۔۹)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(خروج ۲۰:۱۴؛ عبرانیوں ۱۳:۴؛ افسیوں ۵:۳۔۵؛ ۱ کرنتھیوں ۶:۱۳۔۲۰؛ کلسیوں ۳:۱۔۱۱؛ ۱ تھسلنیکیوں ۴:۳۔۸؛ امثال ۶:۳۲)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - حرامکاری شادی شدہ تعلقات سے بے وفائی ہے۔ خُدا کی نظر میں حرامکاری گناہ ہے۔ یسوع نے اپنے شاگردوں کو ہدایت کی کہ وہ جنسی بداخلاقی نہ کریں۔ یسوع نے سکھایا کہ برا خیال بھی حرامکاری کے برابر ہے۔

سبق
5-2

# شادی خُدا کیلئے مقدس ھے

## خُدا کو طلاق سے نفرت ہے

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع نے سکھایا کہ شادی شدہ تعلقات پاکیزہ اور خُدا کیلئے بہت اہم ہیں۔

**کلیدی حوالہ:** ''لیکن میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ جوکوئی اپنی بیوی کو حرامکاری کے سوا کسی اور سبب سے چھوڑ دے وہ اُس سے زنا کراتا ہے اور جوکوئی اُس چھوڑی ہوئی سے بیاہ کرے وہ زنا کرتا ہے۔'' (متی ۵:۳۲)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

لوگوں کی بھیڑ یسوع کے پیچھے ہوتی کیونکہ وہ ان کو شفا اور تعلیم دیتا تھا۔ فریسی بھی اُس کے پاس بہت سے سوال پوچھنے آئے۔ یہودی مذہب میں فریسی یہودی ایک مذہبی رہنما ہوتا تھا۔ فریسی بہت سے قوانین پر عمل کرتے تھے جو خُدا نے موسیٰ کو دئے تھے۔ موسیٰ ایک آدمی تھا جس نے یسوع کی پیدائش سے بہت پہلے اسرائیل کے لوگوں کی رہنمائی کی تھی۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''اور فریسی اُسے آزمانے کو اُس کے پاس آئے اور کہنے لگے کیا ہر ایک سبب سے اپنی بیوی کو چھوڑ دینا روا ہے؟ اُس نے جواب میں کہا کیا تم نے نہیں پڑھا کہ جس نے انہیں بنایا اُس نے ابتدا ہی سے انہیں مرد اور عورت بنا کر کہا کہ اس سبب سے مرد باپ سے اور ماں سے جُدا ہو کر اپنی بیوی کے ساتھ رہے گا اور وہ دونوں ایک جسم ہوں گے؟ پس وہ دو نہیں بلکہ ایک جسم ہیں۔ اس لئے جسے خُدا نے جوڑا ہے اُسے آدمی جدا نہ کرے۔ انہوں نے اُس سے کہا پھر موسیٰ نے کیوں حکم دیا ہے کہ طلاق نامہ دے کر چھوڑ دی جائے؟ اُس نے اُن سے کہا موسیٰ نے تمہاری سخت دلی کے سبب سے تم کو اپنی بیویوں کو چھوڑ دینے کی اجازت دی مگر ابتدا سے ایسا نہ تھا۔ اور میں تم سے کہتا ہوں کہ جوکوئی اپنی بیوی کو حرامکاری کے سوا کسی اور سبب سے چھوڑ دے اور دوسری سے بیاہ کرے وہ زنا کرتا ہے اور جوکوئی چھوڑی ہوئی سے بیاہ کر لے وہ بھی زنا کرتا ہے۔'' (متی ۱۹:۳۔۹)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد

(دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(افسیوں ۵:۲۱۔۲۸؛ پیدائش ۲:۲۰۔۲۴؛ ۱کرنتھیوں ۷)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی

(۲تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - شادی خُدا کی تخلیق اور خُدا کیلئے مقدس ہے۔ مسیح کے پیروکار اپنی شادی کو قائم رکھنے کی ہر ممکن کوشش کریں۔

سبق
6-2

# بے انصافی کا جواب

## محبت کی مثال بن کر جئیں

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع نے اپنے شاگردوں کو سکھایا کہ بے انصافی کا جواب کیسے دیں۔ یسوع نے اپنے شاگردوں کو بتایا کہ جو اُن کے خلاف باتیں کرتے ہیں اُن سے انتقام نہیں لینا ہے۔ یسوع نے کہا کہ مسیحیوں کو تمام لوگوں کیلئے محبت اور رحم دلی کی اچھی مثال بن کر رہنا ہے۔

**کلیدی حوالہ:** ''لیکن میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ شریر کا مقابلہ نہ کرنا بلکہ جو کوئی تیرے دہنے گال پر طمانچہ مارے دوسرا بھی اُس کی طرف پھیر دے۔ اور اگر کوئی تجھ پر نالش کر کے تیرا کرتا لینا چاہے تو چوغہ بھی اُسے لے لینے دے۔ اور جو کوئی تجھے ایک کوس بیگار میں لے جائے اُس کے ساتھ دو کوس چلا جا۔'' (متی ۵: ۳۹-۴۱)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

یہوداہ یسوع کے شاگردوں میں سے ایک تھا۔ مذہبی رہنما یسوع کو قتل کرنا چاہتے تھے۔ یہوداہ نے پیسوں کی خاطر یسوع کو دھوکہ دیا۔ یسوع یہوداہ کے علاوہ تمام شاگردوں کے ساتھ بات چیت کرتا رہا۔ یسوع جانتا تھا کہ یہوداہ اُسے دھوکہ دینے آرہا ہے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''وہ یہ کہہ ہی رہا تھا کہ دیکھو ایک بھیڑ آئی اور اُن بارہ میں سے وہ جس کا نام یہوداہ تھا اُن کے آگے آگے تھا۔ وہ یسوع کے پاس آیا کہ اُس کا بوسہ لے۔ یسوع نے اُس سے کہا اے یہوداہ کیا تو بوسہ لے کر ابن آدم کو پکڑواتا ہے۔ جب اُس کے ساتھیوں نے معلوم کیا کہ کیا ہونے والا ہے کہا اے خُداوند کیا ہم تلوار چلائیں؟ اور اُن میں سے ایک نے سردار کاہن کے نوکر پر چلا کر اُس کا دہنا کان اڑا دیا۔ یسوع نے جواب میں کہا اتنے پر کفایت کرو اور اُس کے کان کو چھو کر اُس کو اچھا کر دیا۔ پھر یسوع نے سردار کاہنوں اور ہیکل کے سرداروں اور بزرگوں سے جو اُس پر چڑھ آئے تھے کہا کیا تم مجھے ڈاکو جان کر تلواریں اور لاٹھیاں لے کر نکلے ہو؟ جب میں ہر روز ہیکل میں تمہارے ساتھ تھا تو تم نے مجھ پر ہاتھ نہ ڈالا لیکن یہ تمہاری گھڑی اور تاریکی کا اختیار ہے۔'' (لوقا ۲۲: ۴۷-۵۳)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(لوقا ۶: ۳۲؛ افسیوں ۵: ۱-۲؛ رومیوں ۱۲: ۱۷-۲۱؛ یوحنا ۴: ۷-۸؛ یوحنا ۱۳: ۳۴؛ مرقس ۱۲: ۲۸-۳۱؛ ۱ پطرس ۱: ۲۲؛ ۱ یوحنا ۳: ۱۱؛ ۱ کرنتھیوں ۴: ۱۲؛ ۱ پطرس ۳: ۹؛ ۲ کرنتھیوں ۱۲: ۱۰)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳: ۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع نے اپنے شاگردوں کو بتایا تھا کہ اگر کوئی اُن کیلئے برائی کا منصوبہ بناتا ہے تو وہ لوگوں سے انتقام نہ لیں۔ یسوع کے پیروکار دوسرے لوگوں کی بہ نسبت حالات کا مختلف طور سے جواب دیتے ہیں کیونکہ وہ یسوع کی محبت کو جانتے ہیں۔ یسوع نے کہا کہ مسیحیوں کو تمام لوگوں کیلئے محبت اور رحم دلی کی اچھی مثال بن کر رہنا ہے۔

سبق
7-2

# اپنے دشمنوں سے محبت رکھیں

## خُدا سب لوگوں سے پیار کرتا ہے

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع نے اپنے شاگردوں کو سکھایا کہ اپنے دشمنوں سے محبت رکھیں اور اُن کیلئے دعا کریں۔ یسوع نے کہا جو آپ سے اچھا سلوک نہیں کرتے اُن سے محبت کرنا مشکل ہے۔ یسوع نے اپنے شاگردوں کو بتایا کہ وہ دوسرے لوگوں سے مختلف ہیں کیونکہ انہیں اُن سے محبت کرنا تھی جن سے محبت کرنا مشکل ہے۔

**کلیدی حوالہ:** ''لیکن میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ اپنے دشمنوں سے محبت رکھو اور اپنے ستانے والوں کیلئے دعا کرو تا کہ تم اپنے باپ کے جو آسمان پر ہے بیٹے ٹھہرو کیونکہ وہ اپنے سورج کو بدوں اور نیکوں دونوں پر چمکاتا ہے اور راستبازوں اور ناراستوں دونوں پر مینہ برساتا ہے'' (متی ۵: ۴۴-۴۵)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

جب یسوع اس دنیا پر رہتا تھا اُس کے بہت دشمن تھے جو یسوع سے نفرت کرتے تھے۔ یسوع کو اُس کے دشمنوں نے اذیت دی اور مار ڈالا۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''اور جب اُس کو لئے جاتے تھے تو انہوں نے شمعون نام ایک کرینی کو جو دیہات سے آتا تھا پکڑ کر صلیب اُس پر لادی کہ یسوع کے پیچھے پیچھے لے چلے۔ اور لوگوں کی ایک بڑی بھیڑ اور بہت سی عورتیں جو اُس کے واسطے روتی پیٹتی تھیں اُسکے پیچھے پیچھے چلیں۔........ اور وہ دو اور آدمیوں کو بھی جو بدکار تھے لئے جاتے تھے کہ اُس کے ساتھ قتل کئے جائیں۔ جب وہ اُس جگہ پر پہنچے جسے کھوپڑی کہتے ہیں تو وہاں اسے مصلوب کیا اور بدکاروں کو بھی ایک کو دہنی اور دوسرے کو بائیں طرف۔ یسوع نے کہا اے باپ! اِن کو معاف کر کیونکہ یہ جانتے نہیں کہ کیا کرتے ہیں۔ اور انہوں نے اُس کے کپڑوں کے حصے کئے اور ان پر قرعہ ڈالا۔ اور لوگ کھڑے دیکھ رہے تھے اور سردار بھی ٹھٹھے مار مار کر کہتے تھے کہ اس نے اوروں کو بچایا۔ اگر یہ خُدا کا مسیح اور اس کا برگزیدہ ہے تو اپنے آپ کو بچائے۔ سپاہیوں نے بھی پاس آکر اور سرکہ پیش کر کے اُس پر ٹھٹھا مارا اور کہا کہ اگر تو یہودیوں کا بادشاہ ہے تو اپنے آپ کو بچا۔ اور ایک نوشتہ بھی اس کے اوپر لگایا گیا تھا کہ یہ یہودیوں کا بادشاہ ہے۔ پھر جو بدکار صلیب پر لٹکائے گئے تھے اُن میں سے ایک اُسے یوں طعنہ دینے لگا کہ کیا تو مسیح نہیں؟ تو اپنے آپ کو اور ہم کو بچا۔ مگر دوسرے نے اُسے جھڑک کر جواب دیا کہ کیا تو خُدا سے بھی نہیں ڈرتا حالانکہ اُسی سزا میں گرفتار ہے؟ اور ہماری سزا تو واجبی ہے کیونکہ اپنے کاموں کا بدلہ پا رہے ہیں لیکن اس نے کوئی بے جا کام نہیں کیا۔ پھر اُس نے کہا اے یسوع جب تو اپنی بادشاہی میں آئے تو مجھے یاد کرنا۔ اُس نے اُس سے کہا میں تجھ سے سچ کہتا ہوں کہ آج ہی تو میرے ساتھ فردوس میں ہوگا۔'' (لوقا ۲۳: ۲۶-۲۷، ۳۲-۴۳)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(مرقس ۱۲: ۲۸-۳۱؛ یوحنا ۱۳: ۳۴؛ رومیوں ۱۲: ۱۷-۲۱؛ لوقا ۶: ۲۷-۳۸)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳: ۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع نے ہمیں سکھایا کہ اپنے ستانے والوں سے محبت کرو اور اُنکے لئے دعا کرو۔ یسوع نے اُن کیلئے بھی رحم دکھایا جنھوں نے اُسے اذیت دی اور قتل کر دیا۔ یسوع کے پیروکاروں کو اپنے دشمنوں کو ویسے ہی جواب دینا چاہئے جیسے یسوع نے دیا۔

سبق
8-2

# دوسروں کو دیں

## خُدا ضرورت مندوں کا خیال رکھتا ہے

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع نے اپنے شاگردوں کو سکھایا کہ ضرورت مندوں کا خیال رکھیں۔ یسوع کے پیروکار بازاروں کے چوک میں کھڑے ہو کر ضرورت مندوں کو اس لئے نہیں دیتے کہ ان کے اردگرد کے لوگ انہیں دیکھیں۔ جب مسیحی ضرورت مندوں کو پوشیدگی میں دیتے ہیں تو اُن کو خُدا دیکھتا ہے اور وہی آسمان پر اُن کو اجر دے گا۔

**کلیدی حوالہ:** ''بلکہ جب تو خیرات کرے تو جو تیرا دہنا ہاتھ کرتا ہے اُسے تیرا بایاں ہاتھ نہ جانے تا کہ تیری خیرات پوشیدہ رہے۔ اس صورت میں تیرا باپ جو پوشیدگی میں دیکھتا ہے تجھے بدلہ دے گا۔'' (متی ۶:۳-۴)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

یسوع کے شاگردوں نے پوچھا کہ اس دنیا کے آخر میں کیا ہوگا۔ یسوع نے اپنے شاگردوں کو بتایا کہ دنیا کے آخر میں وہ بادشاہ ہوگا جو دنیا کا انصاف کریگا۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''اور سب قومیں اُس کے سامنے جمع کی جائیں گی اور وہ ایک کو دوسرے سے جدا کریگا جیسے چرواہا بھیڑوں کو بکریوں سے جدا کرتا ہے۔ اور بھیڑوں کو اپنے دہنے اور بکریوں کو بائیں کھڑا کریگا۔ اُس وقت بادشاہ اپنی دہنی طرف والوں سے کہے گا آؤ میرے باپ کے مبارک لوگو جو بادشاہی بنایِ عالم سے تمہارے لئے تیار کی گئی ہے اُسے میراث میں لو۔ کیونکہ میں بھوکا تھا تم نے مجھے کھانا کھلایا۔ میں پیاسا تھا تم نے مجھے پانی پلایا۔ میں پردیسی تھا تو نے مجھے اپنے گھر میں اتارا۔ ننگا تھا تم نے مجھے کپڑا پہنایا۔ بیمار تھا۔ تم نے میری خبر لی۔ قید میں تھا۔ تم میرے پاس آئے۔ تب راستباز جواب میں اُس سے کہیں گے اے خُداوند! ہم نے کب تجھے بھوکا دیکھ کر کھانا کھلایا یا پیاسا دیکھ کر پانی پلایا؟ ہم نے کب تجھے پردیسی دیکھ کر گھر میں اتارا؟ یا ننگا دیکھ کر کپڑا پہنایا؟ ہم کب تجھے بیمار یا قید میں دیکھ کر تیرے پاس آئے؟ بادشاہ جواب میں اُس سے کہے گا میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جب تم نے میرے اِن سب سے چھوٹے بھائیوں میں سے کسی ایک کے ساتھ یہ سلوک کیا تو میرے ہی ساتھ کیا۔ پھر وہ بائیں طرف والوں سے کہے گا اے ملعونو میرے سامنے سے اُس ہمیشہ کی آگ میں چلے جاؤ جو ابلیس اور اُس کے فرشتوں کیلئے تیار کی گئی ہے۔ کیونکہ میں بھوکا تھا۔ تم نے مجھے کھانا نہ کھلایا۔ پیاسا تھا۔ تم نے مجھے پانی نہ پلایا۔ پردیسی تھا تم نے مجھے گھر میں نہ اتارا۔ ننگا تھا۔ تم نے مجھے کپڑا نہ پہنایا۔ بیمار اور قید میں تھا۔ تم نے میری خبر نہ لی۔ تب وہ بھی جواب میں کہیں گے اے خُداوند! ہم نے کب تجھے بھوکا یا پیاسا یا پردیسی یا ننگا یا بیمار یا قید میں دیکھ کر تیری خدمت نہ کی؟ اُس وقت وہ اُن سے جواب میں کہے گا میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جب تم نے ان سب سے چھوٹوں میں سے کسی کے ساتھ یہ سلوک نہ کیا تو میرے ساتھ نہ کیا۔ اور یہ ہمیشہ کی سزا پائیں گے مگر راستباز ہمیشہ کی زندگی۔''

(متی ۲۵:۳۲-۴۶)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(امثال ۱۹:۱۷؛ امثال ۲۸:۲۷؛ زبور ۲۸:۳؛ متی ۵:۴۲؛ متی ۱۹:۲۱؛ یرمیاہ ۲۲:۳)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳:۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع ضرورت مندوں کا خیال رکھتا ہے۔ یسوع نے اپنے شاگردوں کو ضرورت مندوں کو دینے کی ہدایت کی۔ جو دوسروں کو دیتے ہیں یسوع ان کو انعام دیگا۔

سبق
9-2

# دُعا

## خُدا سے بات کرنا اور خُدا کی سننا

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع نے اپنے شاگردوں کو سکھایا کہ وہ ہمیشہ دعا کریں۔ دعا خُدا کے ساتھ بات چیت کرنا اور خُدا کی سننا ہے۔ جب ہم دعا کرتے ہیں خُدا ہماری سنتا ہے۔

**کلیدی حوالہ:** ''بلکہ جب تو دعا کرے تو اپنی کوٹھری میں جا اور دروازہ بند کر کے اپنے باپ سے جو پوشیدگی میں ہے دعا کر۔ اس صورت میں تیرا باپ جو پوشیدگی میں تجھے دیکھتا ہے تجھے بدلہ دے گا۔'' (متی ۶:۶)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

ایک بے انصاف بادشاہ ہیرودیس مسیحیوں سے نفرت کرتا تھا۔ ہیرودیس نے کلیسیا سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو قتل کرنا شروع کر دیا۔ سپاہیوں نے کلیسیا کے ایک رہنما پطرس کو گرفتار کر لیا اور اُسے قتل کرنا چاہتے تھے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''پس قید خانہ میں تو پطرس کی نگہبانی ہو رہی تھی مگر کلیسیا اُس کیلئے بدل و جان خُدا سے دعا کر رہی تھی۔ اور جب ہیرودیس اُسے پیش کرنے کو تھا تو اُسی رات پطرس دو زنجیروں سے بندھا ہوا دو سپاہیوں کے درمیان سوتا تھا اور پہرے والے دروازہ پر قید خانہ کی نگہبانی کر رہے تھے کہ دیکھو خُداوند کا ایک فرشتہ آ کھڑا ہوا اور اُس کوٹھری میں نور چمک گیا اور اُس نے پطرس کی پسلی پر ہاتھ مار کر اُسے جگایا اور کہا کہ جلد اٹھ! اور زنجیریں اُس کے ہاتھوں میں سے کھل پڑیں۔ پھر فرشتہ نے اُس سے کہا کمر باندھ اور اپنی جوتی پہن لے۔ اُس نے ایسا ہی کیا۔ پھر اُس نے اُس سے کہا اپنا چوغہ پہن کر میرے پیچھے ہو لے۔ وہ نکل کر اُس کے پیچھے ہو لیا اور یہ نہ جانا کہ جو کچھ فرشتہ کی طرف سے ہو رہا ہے وہ واقعی ہے بلکہ یہ سمجھا کہ رویا دیکھ رہا ہوں۔ پس وہ پہلے اور دوسرے حلقہ میں سے نکل کر اُس لوہے کے پھاٹک پر پہنچے جو شہر کی طرف ہے۔ وہ آپ ہی اُن کیلئے کھل گیا۔ پس وہ نکل کر کوچہ کے اُس سرے تک گئے اور فوراً فرشتہ اُس کے پاس سے چلا گیا۔ اور پطرس نے ہوش میں آ کر کہا کہ اب میں نے سچ جان لیا کہ خُداوند نے اپنا فرشتہ بھیج کر مجھے ہیرودیس کے ہاتھ سے چھڑا لیا اور یہودی قوم کی ساری امید توڑ دی۔ اور اس پر غور کر کے اُس یوحنا کی ماں مریم کے گھر آیا جو مرقس کہلاتا ہے۔ وہاں بہت سے آدمی جمع ہو کر دعا کر رہے تھے۔ جب اُس نے پھاٹک کی کھڑکی کھٹکھٹائی تو رُدی نام ایک لونڈی آواز سننے آئی۔ اور پطرس کی آواز پہچان کر خوشی کے مارے پھاٹک نہ کھولا بلکہ دوڑ کر اندر خبر کی کہ پطرس پھاٹک پر کھڑا ہے۔ انہوں نے اُس سے کہا تو دیوانی ہے لیکن وہ یقین سے کہتی رہی کہ یونہی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اُس کا فرشتہ ہو گا۔ مگر پطرس کھٹکھٹاتا رہا۔ پس انہوں نے کھڑکی کھولی اور اُس کو دیکھ کر حیران ہو گئے۔ اُس نے انہیں ہاتھ سے اشارہ کیا کہ چپ رہیں اور اُن سے بیان کیا کہ خُداوند نے مجھے اِس طرح قید خانہ سے نکالا۔ پھر کہا کہ یعقوب اور بھائیوں کو اس کی خبر کر دینا اور روانہ ہو کر دوسری جگہ چلا گیا۔'' (اعمال ۱۲:۵۔۱۷)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(یرمیاہ ۲۹:۱۲؛ متی ۵:۴۴؛ متی ۷:۱۱؛ ۲ تواریخ ۷:۱۴؛ زبور ۳۲:۵۔۱۱؛ یرمیاہ ۴۲:۳؛ ۱ تھسلنیکیوں ۵:۱۷)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع نے اپنے شاگردوں کو دعا کرنا سکھایا۔ جب آپ دعا کرتے ہیں خُدا آپ کی سنتا ہے۔ یسوع نے ضرورت کے وقت دعا کرنے کو کہا ہے۔ جب ہم دعا کرتے ہیں تو معجزانہ چیزیں رونما ہوتی ہیں۔

سبق
10-2

# آسمان پر خزانہ جمع کریں

## اپنی چیزوں اور اپنی زندگی سے خُدا کو عزت دینا

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

آسمان پر جو انعام لوگ حاصل کریں گے اُس کا انحصار اس بات پر ہے کہ وہ اپنی زمینی چیزوں اور اپنی زندگی سے کیسے خُدا کو عزت دیتے رہے ہیں۔ مسیح کے پیروکاروں کو آسمان میں وہ انعام لینے کیلئے جینا چاہئے۔

**کلیدی حوالہ:** ''اپنے واسطے زمین پر مال جمع نہ کرو جہاں کیڑا اور زنگ خراب کرتا ہے اور جہاں چور نقب لگاتے اور چراتے ہیں۔ بلکہ اپنے لئے آسمان پر مال جمع کرو جہاں نہ کیڑا خراب کرتا ہے نہ زنگ اور نہ وہاں چور نقب لگاتے اور چراتے ہیں۔ کیونکہ جہاں تیرا مال ہے وہیں تیرا دل بھی لگا رہے گا۔'' (متی ۶: ۱۹-۲۱)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

یسوع لعزر کے گھر پر کھانا کھا رہا تھا۔ جسے وہ موت سے واپس لایا تھا۔ مہمانوں میں لعزر، اور لعزر کی بہنیں مرتھا اور مریم اور شاگرد شامل تھے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''پھر یسوع فسح سے چھ روز پہلے بیت عنیاہ میں آیا جہاں لعزر تھا جسے یسوع نے مردوں میں سے جلایا تھا۔ وہاں انہوں نے اُس کے واسطے شام کا کھانا تیار کیا اور مرتھا خدمت کرتی تھی مگر لعزر اُن میں سے تھا جو اُس کے ساتھ کھانا کھانے بیٹھے تھے۔ پھر مریم نے جٹاماسی کا آدھ سیر خالص اور بیش قیمت عطر لے کر یسوع کے پاؤں پر ڈالا اور اپنے بالوں سے اُس کے پاؤں پونچھے اور گھر عطر کی خوشبو سے مہک گیا۔ مگر اُس کے شاگردوں میں سے ایک شخص یہوداہ اسکریوتی جو اُسے پکڑوانے کو تھا کہنے لگا۔ یہ عطر تین سو دینار میں بیچ کر غریبوں کو کیوں نہ دیا گیا؟ اُس نے یہ اس لئے نہ کہا کہ اُس کو غریبوں کی فکر تھی بلکہ اس لئے کہ چور تھا اور چونکہ اُس کے پاس اُن کی تھیلی رہتی تھی اُس میں جو کچھ پڑتا وہ نکال لیتا تھا۔ پس یسوع نے کہا کہ اُسے یہ عطر میرے دفن کے دن کیلئے رکھنے دے۔ کیونکہ غریب غربا تو ہمیشہ تمہارے پاس ہیں لیکن میں ہمیشہ تمہارے پاس نہ رہوں گا۔'' (یوحنا ۱۲: ۱-۸)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(۱ تیمتھیس ۶: ۱۷-۱۹؛ لوقا ۱۲: ۳۲-۳۴؛ ۱ کرنتھیوں ۳: ۱۰-۱۷؛ مرقس ۸: ۳۴-۳۸)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳: ۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع نے ہمیں وہ کام کرنے کو کہا ہے جو ابدیت کیلئے ہیں۔ خُدا ان کو انعام دے گا جو اپنی جانوں اور ملکیت سے اُس کو جلال دیتے ہیں۔

سبق
11-2

# فکر نہ کریں

## خُدا آپ کو جانتا ہے اور اُس کو آپکی ضروریات کی فکر ہے

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع کہتا ہے کہ اُس کو ہماری جانوں کی فکر ہے اور ہماری مشکلات میں وہ ہماری مدد کرے گا۔ جب ہم اپنی زندگیوں کیلئے فکرمند ہوتے ہیں تو ہم یسوع پر بھروسہ نہیں رکھتے۔

**کلیدی حوالہ:** ''پس کل کیلئے فکر نہ کرو کیونکہ کل کا دن اپنے لئے آپ فکر کر لے گا۔ آج کیلئے آج ہی کا دکھ کافی ہے'' (متی ۶:۳۴)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

یسوع جھیل کے کنارے اپنے شاگردوں کے ساتھ تھا۔ اُس کے زیادہ شاگرد اِسی جھیل پر کسی وقت مچھلی پکڑنے کا کام کر چکے تھے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''اُسی دن جب شام ہوئی تو اُس نے اُن سے کہا آؤ پار چلیں۔ اور وہ بھیڑ کو چھوڑ کر اُسے جس حال میں وہ تھا کشتی پر ساتھ لے چلے اُس کے ساتھ اور کشتیاں بھی تھیں۔ تب بڑی آندھی چلی اور لہریں کشتی پر یہاں تک آئیں کہ کشتی پانی سے بھری جاتی تھی۔ اور وہ خود پیچھے کی طرف گدی پر سو رہا تھا۔ پس انہوں نے اُسے جگا کر کہا اے استاد کیا تجھے فکر نہیں کہ ہم ہلاک ہوئے جاتے ہیں؟ اُس نے اُٹھ کر ہوا کو ڈانٹا اور پانی سے کہا ساکت ہو! تھم جا! پس ہوا بند ہو گئی اور بڑا امن ہو گیا۔ پھر اُن سے کہا تم کیوں ڈرتے ہو؟ اب تک ایمان نہیں رکھتے؟ اور وہ نہایت ڈر گئے اور آپس میں کہنے لگے یہ کون ہے کہ ہوا اور پانی بھی اُس کا حکم مانتے ہیں؟'' (مرقس ۴:۳۵-۴۱)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(امثال ۳:۵-۶؛ لوقا ۱۲:۲۲-۲۵؛ عبرانیوں ۱۱:۸-۱۲؛ گلتیوں ۲:۲۰؛ ۱پطرس ۱:۲۱)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳:۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع ہماری زندگی کے ہر پہلو کیلئے فکرمند ہے۔ ہمیں اُس پر ایمان اور بھروسہ رکھنا ہے۔

سبق
12-2

# دوسروں کے منصف نہ بنیں

## خُدا منصف ہے

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

دوسرے لوگوں کا انصاف کرنا غلط بات ہے کیونکہ ہم سب گنہگار ہیں اور صرف خُدا ہی راستی سے انصاف کر سکتا ہے۔

**کلیدی حوالہ:** ''عیب جوئی نہ کرو کہ تمہاری بھی عیب جوئی نہ کی جائے کیونکہ جس طرح تم عیب جوئی کرتے ہو اُسی طرح تمہاری بھی عیب جوئی کی جائے گی اور جس پیمانہ سے تم ناپتے ہو اُسی سے تمہارے واسطے ناپا جائے گا۔ تو کیوں اپنے بھائی کی آنکھ کے تنکے کو دیکھتا ہے اور اپنی آنکھ کے شہتیر پر غور نہیں کرتا۔'' (متی ۷:۱-۳)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

فریسی مذہبی قوانین کو جانتے تھے اور اُن کو چاہیے تھا کہ وہ اِن مذہبی قوانین کی پیروی یقینی بناتے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''صبح سویرے ہی وہ ہیکل میں آیا اور سب لوگ اُس کے پاس آئے اور وہ بیٹھ کر انہیں تعلیم دینے لگا۔ اور فقیہہ اور فریسی ایک عورت کو لائے جو زنا میں پکڑی گئی تھی اور اُسے بیچ میں کھڑا کر کے یسوع سے کہا۔ اے استاد! یہ عورت زنا میں عین فعل کے وقت پکڑی گئی ہے۔ توریت میں موسیٰ نے ہم کو حکم دیا ہے کہ ایسی عورتوں کو سنگسار کریں۔ پس تو اِس عورت کی نسبت کیا کہتا ہے؟ انہوں نے اُسے آزمانے کیلئے یہ کہا تا کہ اُس پر الزام لگانے کا کوئی سبب نکالیں مگر یسوع جھک کر انگلی سے زمین پر لکھنے لگا۔ جب وہ اُس سے سوال کرتے ہی رہے تو اُس نے سیدھے ہو کر اُن سے کہا کہ جو تم میں بے گناہ ہو وہی پہلے اُس کے پتھر مارے۔ اور پھر جھک کر زمین پر انگلی سے لکھنے لگا۔ وہ یہ سن کر بڑوں سے لے کر چھوٹوں تک ایک ایک کر کے نکل گئے اور یسوع اکیلا رہ گیا اور عورت وہیں بیچ میں رہ گئی۔ یسوع نے سیدھے ہو کر اُس سے کہا اے عورت یہ لوگ کہاں گئے؟ کیا کسی نے تجھ پر حکم نہیں لگایا؟ اُس نے کہا اے خُداوند کسی نے نہیں۔ یسوع نے کہا میں بھی تجھ پر حکم نہیں لگاتا۔ جا۔ پھر گناہ نہ کرنا۔'' (یوحنا ۸:۲-۱۱)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(یعقوب ۴:۱۲؛ یوحنا ۸:۱۴-۱۸؛ ۱کرنتھیوں ۴:۳-۵؛ لوقا ۶:۳۷)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲تیمتھیس ۳:۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - خُدا راست منصف ہے۔ لوگ راستی سے انصاف کرنے کے قابل نہیں ہیں۔

سبق 13-2

# مانگو، ڈھونڈو، کھٹکھٹاؤ

## خُدا مستقل دعا کا جواب دیتا ہے

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع نے سکھایا کہ جب ہم لگا تار مانگتے ،ڈھونڈتے اور کھٹکھٹاتے ہیں تو وہ جواب دیتا ہے۔خُدا کے ساتھ ہمارے تعلقات کی وجہ سے ہم خُدا سے لگا تار مانگ سکتے ہیں۔بعض اوقات ہماری دعاؤں کا جواب اُسی وقت نہیں ملتا۔

**کلیدی حوالہ:** ’’مانگو تو تم کو دیا جائے گا۔ڈھونڈو تو پاؤ گے۔دروازہ کھٹکھٹاؤ تو تمہارے واسطے کھولا جائے گا۔کیونکہ جو کوئی مانگتا ہے اُسے ملتا ہے اور جو ڈھونڈھتا ہے وہ پاتا ہے اور جو کھٹکھٹاتا ہے اُس کے واسطے کھولا جائے گا۔‘‘(متی ۷:۷۔۸)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

یسوع نے اپنے شاگردوں کو یہ سکھانے کیلئے کہ انہیں ہمیشہ دعا کرنا ترک نہیں کرنا چاہئے ایک تمثیل سکھائی۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

’’کسی شہر میں ایک قاضی تھا۔نہ وہ خُدا سے ڈرتا نہ آدمی کی کُچھ پروا کرتا تھا۔اور اُسی شہر میں ایک بیوہ تھی جو اُس کے پاس آ کر یہ کہا کرتی تھی کہ میرا انصاف کر کے مجھے مدعی سے بچا۔اُس نے کچھ عرصہ تک تو نہ چاہا لیکن آخر اُس نے اپنے جی میں کہا کہ گو میں نہ خُدا سے ڈرتا اور نہ آدمیوں کی کچھ پروا کرتا ہوں تو بھی اس لئے کہ بیوہ مجھے ستاتی ہے میں اس کا انصاف کروں گا۔ایسا نہ ہو کہ یہ بار بار آ کر آخر کو میرا ناک میں دم کرے۔خُداوند نے کہا سنو! یہ بے انصاف قاضی کیا کہتا ہے۔پس کیا خُدا اپنے برگزیدوں کا انصاف نہ کرے گا جو رات دن اُس سے فریاد کرتے ہیں؟ اور کیا وہ اُن کے بارے دیر کرے گا؟ میں تم سے کہتا ہوں کہ وہ جلد اُن کا انصاف کرے گا۔تو بھی جب ابن آدم آئے گا تو کیا زمین پر ایمان پائے گا؟‘‘ (لوقا ۱۸:۲۔۸)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(ایوحنا ۳:۲۱۔۲۲؛ ایوحنا ۵:۱۴۔۱۵؛ عبرانیوں ۴:۱۶؛ یعقوب ۴:۲۔۳؛ یعقوب ۵:۱۶؛ افسیوں ۶:۱۸؛ کلسیوں ۴:۱۲)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع نے ہمیں سکھایا کہ ہمیں بیدل نہیں ہونا بلکہ مستقل مزاجی سے دعا کرنی چاہئے۔جب ہم لگا تار دعا کرتے ہیں تو خُدا ہماری آواز کو سُن کر جواب دیتا ہے۔

iBFAM

www.iBFAM.org

BE FRUITFUL AND MULTIPLY



# کثرت کی زندگی

## اسباق سیٹ نمبر 3 دیواریں

’’چور نہیں آتا مگر چرانے اور مار ڈالنے اور ہلاک کرنے کو۔ میں اس لئے آیا کہ وہ زندگی پائیں اور کثرت سے پائیں۔‘‘ (یوحنا ۱۰:۱۰)

# دیواریں

## سبق سیٹ نمبر 3

**فہرست مضامین** | **صفحہ نمبر**

**اسباق:**


1-3 **یسوع کی پیروی کریں** ........ 48
یسوع پیروی کیلئے بلاتا ہے
2-3 **یسوع کی پیروی کریں** ........ 49
یسوع کی پیروی کیلئے اُس پر اُمید اور بھروسہ درکار ہے
3-3 **یسوع کی پیروی کریں** ........ 50
یسوع کی پیروی کرنیوالے دوسروں تک رسائی کرتے ہیں
4-3 **دوسروں کو یسوع کے بارے میں بتائیں** ........ 51
یسوع کی پیروی کیلئے دوسرے لوگوں کی رہنمائی کرنا
5-3 **دوسروں کو یسوع کے بارے میں بتائیں** ........ 52
دوسرے لوگوں کو خوشخبری سنانا
6-3 **دوسروں کو یسوع کے بارے میں بتائیں** ........ 53
بہت سے لوگ خوشخبری سننے کو تیار ہیں
7-3 **خُدا سے محبت کرنا** ........ 54
خُدا کے ساتھ رشتہ سب سے اہم چیز
8-3 **خُدا سے محبت کرنا** ........ 55
اچھے چرواہے کو جاننا
9-3 **خُدا سے محبت کرنا** ........ 56
مسیح کے دوسرے پیروکاروں کیساتھ اتحاد میں رہنا
10-3 **خُدا سے محبت کرنا** ........ 57
دنیا کے لئے نور ہونا
11-3 **شاگرد بنانا** ........ 58
میری بھیڑیں چرا
12-3 **شاگرد بنانا** ........ 59
شاگرد بنانے میں یسوع ہمارے ساتھ ہے
13-3 **شاگرد بنانا** ........ 60
ایمانداروں کی حوصلہ افزائی کرنا اورمضبوط کرنا

سبق 1-3

# یسوع کی پیروی کریں

## یسوع پیروی کیلئے بلاتا ہے

**سبق کا موضوع - زمین کی تیاری**

یسوع چاہتا ہے کہ لوگ اُس کی پیروی کریں۔ یسوع کے پیروکار وہ ہیں جو مشاہدہ کرتے اور اُس کی تعلیم اور راستوں پر چلتے ہیں۔

**کلیدی حوالہ:** ''اُس وقت یسوع نے اپنے شاگردوں سے کہا کہ اگر کوئی میرے پیچھے آنا چاہے تو اپنی خودی کا انکار کرے اور اپنی صلیب اٹھائے اور میرے پیچھے ہولے۔ کیونکہ جو کوئی اپنی جان بچانا چاہے اُسے کھوئے گا اور جو کوئی میری خاطر اپنی جان کھوئے گا اُسے پائے گا'' (متی ۱۶:۲۴-۲۵)۔

**بائبل کی کہانی - بیج بونا**

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

جب یسوع نے اپنی عوامی خدمت کا آغاز کیا تو ابتدائی کاموں میں سے ایک کام یہ کیا کہ اپنے شاگردوں کو اپنی پیروی کیلئے بلایا اور اُنھیں سیدھی راہ پر چلنے کو کہا۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''اور اُس نے گلیل کی جھیل کے کنارے پھرتے ہوئے دو بھائیوں یعنی شمعون کو جو پطرس کہلاتا ہے اور اُس کے بھائی اندریاس کو جھیل میں جال ڈالتے دیکھا کیونکہ وہ ماہی گیر تھے۔ اور اُن سے کہا میرے پیچھے چلے آؤ تو میں تم کو آدم گیر بناؤں گا۔ وہ فوراً جال چھوڑ کر اُس کے پیچھے ہو لئے اور وہاں سے آگے بڑھ کر اُس نے اور دو بھائیوں یعنی زبدی کے بیٹے یعقوب اور اُس کے بھائی یوحنا کو دیکھا کہ اپنے باپ زبدی کے ساتھ کشتی پر اپنے جالوں کی مرمت کر رہے ہیں اور اُن کو بلایا۔ وہ فوراً کشتی اور اپنے باپ کو چھوڑ کر اُس کے پیچھے ہو لئے۔'' (متی ۴:۱۸-۲۲)۔

**تلاش کا عمل - پانی اور کھاد** (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ**

(متی ۱۹:۲۱؛ یوحنا ۸:۱۲؛ یوحنا ۱۰:۲۷؛ لوقا ۹:۵۷-۶۲)

**عملی سوالات - فصل کی کٹائی** (۲ تیمتھیس ۳:۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع ہم سے مشاہدہ کرنے اور سیدھی راہ پر چلنے کو کہتا ہے۔

سبق
2-3

# یسوع کی پیروی کریں

## یسوع کی پیروی کیلئے اُس پر اُمید اور بھروسہ درکار ہے

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع کی پیروی کرنے کا مطلب اُس میں مکمل اُمید اور بھروسہ رکھنا ہے۔ ہماری زندگیوں میں جو کچھ بھی جس پر ہم اُمید اور بھروسہ کرتے ہیں یسوع کی مکمل طور پر پیروی میں رکاوٹ ہوسکتا ہے۔

**کلیدی حوالہ:** ’’اُس وقت یسوع نے اپنے شاگردوں سے کہا کہ اگر کوئی میرے پیچھے آنا چاہے تو اپنی خودی سے انکار کرے اور اپنی صلیب اٹھائے اور میرے پیچھے ہولے۔ کیونکہ جو کوئی اپنی جان بچانا چاہے اُسے کھوئے گا اور جو کوئی میری خاطر اپنی جان کھوئے گا اُسے پائے گا۔‘‘ (متی ۱۶:۲۴۔۲۵)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

دولت ایک ایسی چیز ہے جس میں لوگ اپنی اُمید اور بھروسہ رکھتے ہیں۔ اس کہانی میں جو آدمی یسوع کے پاس آیا وہ امیر تھا۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

’’اور دیکھو ایک شخص نے پاس آ کر اُس سے کہا اے استاد میں کون سی نیکی کروں تا کہ ہمیشہ کی زندگی پاؤں؟ اُس نے اُس سے کہا کہ تو مجھ سے نیکی کی بابت کیوں پوچھتا ہے؟ نیک تو ایک ہی ہے لیکن اگر تو زندگی میں داخل ہونا چاہتا ہے تو حکموں پر عمل کر۔ اُس نے اُس سے کہا کون سے حکموں پر؟ یسوع نے کہا یہ کہ خون نہ کر۔ زنا نہ کر۔ چوری نہ کر۔ جھوٹی گواہی نہ دے۔ اپنے باپ کی اور ماں کی عزت کر اور اپنے پڑوسی سے اپنی مانند محبت رکھ۔ اُس جوان نے اُس سے کہا کہ میں نے ان سب پر عمل کیا ہے۔ اب مجھ میں کس بات کی کمی ہے؟ یسوع نے اُس سے کہا کہ اگر تو کامل ہونا چاہتا ہے تو جا اپنا سارا مال و اسباب بیچ کر غریبوں کو دے۔ تجھے آسمان پر خزانہ ملے گا اور آ کر میرے پیچھے ہولے۔ مگر وہ جوان یہ بات سن کر غمگین ہو کر چلا گیا کیونکہ بڑا مالدار تھا۔‘‘ (متی ۱۹:۱۶۔۲۲)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(متی ۶:۱۹۔۲۱؛ امثال ۳:۵۔۶؛ رومیوں ۱۵:۱۳؛ ۱ تھسلنیکیوں ۱:۳)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - پیروکاروں کو اپنی اُمید اور بھروسہ صرف مسیح پر رکھنا چاہئے۔

سبق
3-3

# یسوع کی پیروی کریں

## یسوع کی پیروی کرنیوالے دوسروں تک رسائی کرتے ہیں

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع کھوئے ہوؤں کو ڈھونڈنے اور نجات دینے آیا۔ یسوع کا پیروکار ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ہم بھی یسوع کی طرح کھوئے ہوؤں تک رسائی کریں گے۔

**کلیدی حوالہ:** ''اُس وقت یسوع نے اپنے شاگردوں سے کہا کہ اگر کوئی میرے پیچھے آنا چاہے تو اپنی خودی سے انکار کرے اور اپنی صلیب اٹھائے اور میرے پیچھے ہولے۔ کیونکہ جو کوئی اپنی جان بچانا چاہے اُسے کھوئے گا اور جو کوئی میری خاطر اپنی جان کھوئے گا اُسے پائے گا۔'' (متی ۱۶: ۲۴۔۲۵)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

یسوع سارے دیہاتوں میں سچائی کی منادی کر رہا تھا۔ بہت سے لوگ وہ کلام جو یسوع کرتا تھا سننے آتے تھے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''وہ پھر باہر جھیل کے کنارے گیا اور ساری بھیڑ اُس کے پاس آئی اور وہ اُن کو تعلیم دینے لگا۔ جب وہ جا رہا تھا تو اُس نے حلفئی کے بیٹے لاوی کو محصول کی چوکی پر بیٹھے دیکھا اور اُس سے کہا میرے پیچھے ہولے۔ پس وہ اٹھ کر اُس کے پیچھے ہولیا۔ اور یوں ہوا کہ وہ اُس کے گھر میں کھانا کھانے بیٹھا اور بہت سے محصول لینے والے اور گنہگار لوگ یسوع اور اُس کے شاگردوں کے ساتھ کھانے بیٹھے کیونکہ وہ بہت تھے اور اُس کے پیچھے ہو لئے تھے۔ اور فریسیوں کے فقیہوں نے اُسے گنہگاروں اور محصول لینے والوں کے ساتھ کھاتے دیکھ کر اُس کے شاگردوں سے کہا یہ تو محصول لینے والوں اور گنہگاروں کیساتھ کھاتا پیتا ہے۔ یسوع نے یہ سن کر اُن سے کہا تندرستوں کو طبیب کی ضرورت نہیں بلکہ بیماروں کو۔ میں راستبازوں کو نہیں بلکہ گنہگاروں کو بلانے آیا ہوں۔'' (مرقس ۲: ۱۳۔۱۷)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(امثال ۱۹: ۱۷؛ لوقا ۱۵: ۱۔۳۱؛ لوقا ۱۹: ۱۰؛ گلتیوں ۶: ۹۔۱۰؛ یعقوب ۳: ۱۸)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳: ۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - مسیح کے پیروکار ہوتے ہوئے ہم اپنے اردگرد کھوئے ہوؤں تک اُسی طرح رسائی کریں گے جس طرح یسوع نے اپنے اردگرد کے کھوئے ہوؤں تک رسائی کی۔

سبق
4-3

# دوسروں کو یسوع کے بارے میں بتائیں

## یسوع کی پیروی کیلئے دوسرے لوگوں کی رہنمائی کرنا

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

خُدا سب لوگوں کے ساتھ تعلق رکھنا چاہتا ہے۔ مسیح کے پیروکار ہوتے ہوئے ہم اُس کے ساتھ تعلقات میں دوسروں کی رہنمائی کیلئے بلائے گئے ہیں۔

**کلیدی حوالہ:** ''مگر جس پر وہ ایمان نہیں لائے اُس سے کیوں کر دُعا کریں؟ اور جس کا ذکر انہوں نے سنا نہیں اُس پر ایمان کیونکر لائیں؟ اور بغیر منادی کرنے والے کے کیوں کر سنیں؟ اور جب تک وہ بھیجے نہ جائیں منادی کیوں کر کریں؟ چنانچہ لکھا ہے کہ کیا ہی خوش نما ہیں اُن کے قدم جو اچھی چیزوں کی خوشخبری دیتے ہیں۔'' (رومیوں ۱۰:۱۴-۱۵)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

مسیح کا پیروکار بننے سے پہلے شمعون پطرس ایک پیشہ ور مچھیرا تھا۔ اس کہانی میں یسوع پطرس کو آدم گیر بنانے کیلئے بلاتا ہے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''جب بھیڑ اُس پر گری پڑتی تھی اور خُدا کا کلام سنتی تھی اور وہ گنسیرت کی جھیل کے کنارے کھڑا تھا تو ایسا ہوا کہ اُس نے جھیل کے کنارے دو کشتیاں لگی دیکھیں لیکن مچھلی پکڑنے والے اُن پر سے اتر کر جال دھو رہے تھے۔ اور اُس نے اُن کشتیوں میں سے ایک پر چڑھ کر جو شمعون کی تھی اُس سے درخواست کی کہ کنارے سے ذرا ہٹا لے چل اور وہ بیٹھ کر لوگوں کو کشتی پر سے تعلیم دینے لگا۔ جب کلام کر چکا تو شمعون سے کہا گہرے میں لے چل اور تم شکار کیلئے اپنا جال ڈالو۔ شمعون نے جواب میں کہا اے استاد ہم نے رات بھر محنت کی اور کچھ ہاتھ نہ آیا مگر تیرے کہنے سے جال ڈالتا ہوں۔ یہ کیا اور وہ مچھلیوں کا بڑا غول گھیر لائے اور اُن کے جال پھٹنے لگے۔ اور انہوں نے اپنے شریکوں کو جو دوسری کشتی پر تھے اشارہ کیا کہ آؤ ہماری مدد کرو۔ پس انہوں نے آکر دونوں کشتیاں یہاں تک بھر دیں کہ ڈوبنے لگیں۔ شمعون پطرس یہ دیکھ کر یسوع کے پاؤں میں گرا اور کہا اے خُداوند! میرے پاس سے چلا جا کیونکہ میں گنہگار آدمی ہوں۔ کیونکہ مچھلیوں کے اس شکار سے جو انہوں نے کیا وہ اور اُس کے سب ساتھی بہت حیران ہوئے۔ اور ویسے ہی زبدی کے بیٹے یعقوب اور یوحنا بھی جو شمعون کے شریک تھے حیران ہوئے۔ یسوع نے شمعون سے کہا خوف نہ کر۔ اب سے تو آدمیوں کا شکار کیا کرے گا۔ وہ کشتیوں کو کنارے پر لے آئے اور سب کچھ چھوڑ کر اُس کے پیچھے ہو لئے۔'' (لوقا ۵:۱-۱۱)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(متی ۲۸:۱۸-۱۹؛ ۲ پطرس ۳:۹؛ یوحنا ۴:۳۹-۴۲)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳:۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - خُدا سب لوگوں کے ساتھ تعلقات کی خواہش رکھتا ہے۔ مسیح کے پیروکار ہوتے ہوئے ہمارے پاس دوسروں کو مسیح کے ساتھ تعلقات میں رہنمائی کرنے کا استحقاق ہے۔

# سبق 5-3

# دوسروں کو یسوع کے بارے میں بتائیں

## دوسرے لوگوں کو خوشخبری سنانا

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

بائبل بتاتی ہے کہ یسوع کی خوشخبری دوسرے لوگوں کے ساتھ بانٹیں۔ جس خوشخبری کو لانے کیلئے یسوع آیا اُسے سننے کا ہر کسی کو موقع ملنا چاہئے۔

**کلیدی حوالہ:** ''مگر جس پر وہ ایمان نہیں لائے اُس سے کیوں کر دُعا کریں؟ اور جس کا ذکر انہوں نے سنا نہیں اُس پر ایمان کیونکر لائیں؟ اور بغیر منادی کرنے والے کے کیوں کر سنیں؟ اور جب تک وہ بھیجے نہ جائیں منادی کیوں کر کریں؟ چنانچہ لکھا ہے کہ کیا ہی خوش نما ہیں اُن کے قدم جو اچھی چیزوں کی خوشخبری دیتے ہیں۔'' (رومیوں ۱۰:۱۴-۱۵)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

پولوس ایک جانا پہچانا استاد اور مبلغ تھا۔ اس کہانی میں پولوس نے انجیل کی منادی کی۔ انجیل وہ خوشخبری ہے جس کے ذریعے خُدا تمام لوگوں کے ساتھ تعلقات رکھنا چاہتا ہے۔ ہم بھی مسیح یسوع کی قربانی کی وجہ سے خُدا کے ساتھ تعلق رکھ سکتے ہیں جو ہمارے گناہوں کیلئے تھی۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''اور پولس نے رات کو دیکھا کہ ایک مکدنی آدمی کھڑا ہوا اُس کی منت کر کے کہتا ہے کہ پار اتر کر مکدنیہ میں آ اور ہماری مدد کر۔ اُس کے رویا دیکھتے ہی ہم نے فوراً مکدنیہ میں جانے کا ارادہ کیا کیونکہ ہم اس سے یہ سمجھے کہ خُدا نے انہیں خوشخبری دینے کیلئے ہم کو بلایا ہے۔ پس تر وآس سے جہاز پر روانہ ہو کر ہم سیدھے سمتراکے میں اور دوسرے دن نیاپلس میں آئے۔ اور وہاں سے فلپی میں پہنچے جو مکدنیہ کا شہر اور اُس قسمت کا صدر اور رومیوں کی بستی ہے اور ہم چند روز اُس شہر میں رہے۔ اور سبت کے دن شہر کے دروازہ کے باہر ندی کے کنارے گئے جہاں سمجھے کہ دعا کرنی کی جگہ ہوگی اور بیٹھ کر اُن عورتوں سے جو اکٹھی ہوئی تھیں کلام کرنے لگے۔ اور تھواتیرہ شہر کی ایک خُدا پرست عورت لدیہ نام قرمز بیچنے والی بھی سنتی تھی۔ اُس کا دل خُداوند نے کھولا تا کہ پولس کی باتوں پر توجہ کرے۔ اور جب اُس نے اپنے گھرانے سمیت بپتسمہ لیا تو منت کر کے کہا کہ اگر تم مجھے خُداوند کی ایماندار بندی سمجھتے ہو تو چل کر میرے گھر میں رہو۔ پس اُس نے ہمیں مجبور کیا۔'' (اعمال ۱۶:۹-۱۵)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(متی ۱۰:۷-۸؛ متی ۱۹:۲۸-۲۰؛ مرقس ۱۶:۱۵؛ ۱کرنتھیوں ۲:۱-۵؛ رومیوں ۱:۱۶-۱۷)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲تیمتھیس ۳:۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - بائبل کہتی ہے کہ جو یسوع کے پیروکار ہیں وہ دوسروں کو خوشخبری سنانے کیلئے بلائے گئے ہیں کہ ہر کوئی خُدا کے ساتھ ذاتی تعلقات رکھ سکتا ہے۔

سبق
6-3

# دوسروں کو یسوع کے بارے میں بتائیں

## بہت سے لوگ خوشخبری سننے کو تیار ہیں

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع نے کہا کہ فصل تو بہت ہے لیکن مزدور تھوڑے ہیں۔ بہت سے لوگ ہیں جو یسوع کے بارے میں سننے کے انتظار میں ہیں۔ یسوع کے پیروکاروں کو چاہئے کہ سب کو خوشخبری سُنائیں۔

**کلیدی حوالہ:** ''مگر جس پر وہ ایمان نہیں لائے اُس سے کیوں کر دُعا کریں؟ اور جس کا ذکر انہوں نے سنا نہیں اُس پر ایمان کیونکر لائیں؟ اور بغیر منادی کرنے والے کے کیونکر سنیں؟ اور جب تک وہ بھیجے نہ جائیں منادی کیوں کر کریں؟ چنانچہ لکھا ہے کہ کیا ہی خوش نما ہیں اُن کے قدم جو اچھی چیزوں کی خوشخبری دیتے ہیں۔'' (رومیوں ۱۰:۱۴۔۱۵)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

یسوع نے اپنے شاگردوں کو ہدایات دیں کہ خوشخبری دوسروں کے ساتھ کیسے بانٹیں۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''ان باتوں کے بعد خُداوند نے ستر آدمی اور مقرر کئے اور جس جس شہر اور جگہ کو خود جانے والا تھا وہاں انہیں دو دو کر کے اپنے آگے بھیجا۔ اور وہ اُن سے کہنے لگا کہ فصل تو بہت ہے لیکن مزدور تھوڑے ہیں اس لئے فصل کے مالک کی منت کرو کہ اپنی فصل کاٹنے کیلئے مزدور بھیجے۔ جاؤ۔ دیکھو میں تم کو گویا بروں کو بھیڑیوں کے بیچ میں بھیجتا ہوں۔ نہ بٹوا لے جاؤ نہ جھولی نہ جوتیاں اور نہ راہ میں کسی کو سلام کرو۔ اور جس گھر میں داخل ہو پہلے کہو کہ اس گھر کی سلامتی ہو۔ اگر وہاں کوئی سلامتی کا فرزند ہو گا تو تمہارا سلام اُس پر ٹھہرے گا نہیں تو تم پر لوٹ آئے گا۔ اُسی گھر میں رہو اور جو کچھ اُن سے ملے کھاؤ پیو کیونکہ مزدور اپنی مزدوری کا حق دار ہے۔ گھر گھر نہ پھرو اور جس شہر میں داخل ہو اور وہاں کے لوگ تمہیں قبول کریں تو جو کچھ تمہارے سامنے رکھا جائے کھاؤ اور وہاں کے بیماروں کو اچھا کرو اور اُن سے کہو کہ خُدا کی بادشاہی تمہارے نزدیک آ پہنچی ہے۔'' (لوقا ۱۰:۱۔۹)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(متی ۹:۳۵۔۳۸؛ یوحنا ۴:۳۵۔۳۸؛ یسعیاہ ۶:۸؛ گلتیوں ۶:۹۔۱۰)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - انجیل کی خوشخبری ہمارے سپرد کی گئی ہے۔ ہمارے پاس اپنے اردگرد کی دنیا کے ساتھ خوشخبری بانٹنے کا استحقاق ہے۔

سبق
7-3

# خُدا سے محبت کرنا

## خُدا کے ساتھ رشتہ سب سے اہم چیز

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع نے اپنے شاگردوں کو بہت ساری چیزیں کرنے کو کہا۔ جن میں سب سے اہم خُدا کے ساتھ ہمارے تعلقات ہیں۔

**کلیدی حوالہ:** ''اور تو خُداوند اپنے خُدا سے اپنے سارے دل اور اپنی ساری جان اور اپنی ساری عقل اور اپنی ساری طاقت سے محبت رکھ۔'' (مرقس ۱۲:۳۰)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

مریم اور مرتھا یسوع کی پیروکار تھیں اور اُس کے ساتھ اچھے تعلقات رکھتی تھیں۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''پھر جب جا رہے تھے تو وہ ایک گاؤں میں داخل ہوا اور مرتھا نام ایک عورت نے اُسے اپنے گھر میں اتارا۔ اور مریم نام اُس کی ایک بہن تھی۔ وہ یسوع کے پاؤں کے پاس بیٹھ کر اُس کا کلام سن رہی تھی۔ لیکن مرتھا خدمت کرتے کرتے گھبرا گئی۔ پس اُس کے پاس آ کر کہنے لگی اے خُداوند! کیا تجھے خیال نہیں کہ میری بہن نے خدمت کرنے کو مجھے اکیلا چھوڑ دیا ہے؟ پس اسے فرما کہ میری مدد کرے۔ خُداوند نے جواب میں اُس سے کہا مرتھا! مرتھا! تو تو بہت سی چیزوں کی فکر و تردد میں ہے۔ لیکن ایک چیز ضرور ہے اور مریم نے وہ اچھا حصہ چن لیا ہے جو اُس سے چھینا نہ جائے گا۔'' (لوقا ۱۰:۳۸-۴۲)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(یوحنا ۱۴:۱۵؛ متی ۱۱:۲۸-۳۰؛ فلپیوں ۲:۱۲-۱۳؛ لوقا ۶:۴۷-۴۹)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳:۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع کا دیا گیا سب سے اہم حکم یہ ہے کہ ہم اُسے اپنے سارے دل اور اپنی ساری جان اور اپنی ساری عقل اور اپنی ساری طاقت سے محبت رکھیں۔

سبق
8-3

# خُدا سے محبت کرنا

## اچھے چرواہے کو جاننا

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع کے پیروکاروں کو جو کچھ اُن کے اندر ہے اُس سے پورے طور پر محبت کرنا ہے۔ جو کچھ ہم اپنے اندر رکھتے ہیں اُس کے ساتھ محبت کرنے سے ہم خُدا کو جانتے ہیں۔

**کلیدی حوالہ:** ''اور تو خُداوند اپنے خُدا سے اپنے سارے دل اور اپنی ساری جان اور اپنی ساری عقل اور اپنی ساری طاقت سے محبت رکھ۔'' (مرقس ۱۲:۳۰)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

یسوع پہلے بھی یہ بیان کر چکا ہے کہ اُس کے پیروکار بھیڑیں ہیں اور بھیڑیں چرواہے کی پیروی کرتی ہیں۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''پس یسوع نے اُن سے پھر کہا میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ بھیڑوں کا دروازہ میں ہوں۔ جتنے مجھ سے پہلے آئے سب چور اور ڈاکو ہیں مگر بھیڑوں نے اُن کی نہ سنی۔ دروازہ میں ہوں۔ اگر کوئی مجھ سے داخل ہو تو نجات پائے گا اور اندر باہر آیا جایا کرے گا اور چارا پائے گا۔ چور نہیں آتا مگر چرانے اور مار ڈالنے اور ہلاک کرنے کو۔ میں اس لئے آیا کہ وہ زندگی پائیں اور کثرت سے پائیں۔ اچھا چرواہا میں ہوں۔ اچھا چرواہا بھیڑوں کیلئے اپنی جان دیتا ہے۔ مزدور جو نہ چرواہا ہے نہ بھیڑوں کا مالک بھیڑئے کو آتے دیکھ کر بھیڑوں کو چھوڑ کر بھاگ جاتا ہے اور بھیڑیا اُن کو پکڑتا اور پراگندہ کرتا ہے۔ وہ اس لئے بھاگ جاتا ہے کہ مزدور ہے اور اُس کو بھیڑوں کی فکر نہیں۔ اچھا چرواہا میں ہوں۔ جس طرح باپ مجھے جانتا ہے اور میں باپ کو جانتا ہوں۔'' (یوحنا ۱۰:۷۔۱۴)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(زبور ۲۳؛ زبور ۱۰۰؛ متی ۹:۳۵۔۳۶)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷) دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - جب ہم خُدا کو جانیں گے تو خُدا سے محبت کریں گے۔

سبق
9-3

# خُدا سے محبت کرنا

## مسیح کے دوسرے پیروکاروں کیساتھ اتحاد میں رہنا

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع کے پیروکاروں کوکلیسیا کہا گیا ہے۔خُداکلیسیا سے اتحاد سے رہنے کی امید رکھتا ہے۔

**کلیدی حوالہ:** ''اپنے پڑوسی سے اپنی مانند محبت رکھ۔''(مرقس۱۲:۳۱)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

جو مذہبی رہنما یسوع کے خلاف تھے کلیسیا کے رہنماؤں کو کہتے تھے کہ یسوع کے بارے نہ تو کچھ کہیں نہ تعلیم دیں۔کلیسیا خُدا سے موزوں جواب چاہتی تھی۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''اب اے خُداوند اُن کی دھمکیوں کو دیکھ اور اپنے بندوں کو یہ توفیق دے کہ وہ تیرا کلام کمال دلیری کے ساتھ سنائیں۔اور تو اپنا ہاتھ شفا دینے کو بڑھا اور تیرے پاک خادم یسوع کے نام سے معجزے اور عجیب کام ظہور میں آئیں۔جب وہ دعا کر چکے تو جس مکان میں جمع تھے وہ ہل گیا اور وہ سب روح القدس سے بھر گئے اور خُدا کا کلام دلیری سے سناتے رہے۔اور ایمانداروں کی جماعت ایک دل اور ایک جان تھی اور کسی نے بھی اپنے مال کو اپنا نہ کہا بلکہ اُن کی سب چیزیں مشترک تھیں۔اور رسول بڑی قدرت سے خُداوند یسوع کے جی اٹھنے کی گواہی دیتے رہے اور اُن سب پر بڑا فضل تھا۔کیونکہ اُن میں کوئی بھی محتاج نہ تھا۔اس لئے کہ جو لوگ زمینوں یا گھروں کے مالک تھے اُن کو بیچ بیچ کر بکی ہوئی چیزوں کی قیمت لاتے۔اور رسولوں کے پاؤں میں رکھ دیتے تھے۔پھر ہر ایک کو اُس کی ضرورت کے موافق بانٹ دیا جاتا تھا۔''
(اعمال ۴:۲۹۔۳۵)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(۱کرنتھیوں۱۲:۱۲۔۳۱؛۱کرنتھیوں۱۴:۲۶؛افسیوں۴:۱۔۱۶؛رومیوں۱۲:۳۔۲۱)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲تیمتھیس۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - ہمیں مسیح کے دوسرے پیروکاروں کے ساتھ اتحاد کے ساتھ رہنے کیلئے بلایا گیا ہے۔

سبق
10-3

# خُدا سے محبت کرنا

## دنیا کے لئے نور ہونا

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع نے اپنے شاگردوں کو لوگوں سے محبت کرنے کی ہدایت کی۔ مسیحی لوگ دنیا کے لئے امن اور اُمید کا پیغام دینے کیلئے بلائے گئے ہیں۔ مسیحیوں کو ہدایت ہے کہ ضرورت مندوں کو خُدا کی محبت دکھائیں۔

**کلیدی حوالہ:** ''اپنے پڑوسی سے اپنی مانند محبت رکھ۔'' (مرقس ۱۲:۳۱)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

بائبل ہمیں اپنے پڑوسی سے محبت کرنے کا درس دیتی ہے۔ ایک مذہبی رہنما نے یسوع سے پوچھا کہ اُس کا پڑوسی کون ہے۔ یسوع نے ایک کاہن، لاوی اور ایک سامری کی تمثیل کے ذریعے جواب دیا۔ کاہن اور لاوی مذہبی طور پر بڑے پاکیزہ لوگ تھے۔ جس گروہ سے یسوع تعلق رکھتا تھا سامری لوگوں کی اُس گروہ کے ساتھ کوئی دوستی نہ تھی۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''یسوع نے جواب میں کہا کہ ایک آدمی یروشلیم سے یریحو کی طرف جارہا تھا کہ ڈاکوؤں میں گھر گیا۔ انہوں نے اُس کے کپڑے اتار لئے اور مارا بھی اور ادھموا چھوڑ کر چلے گئے۔ اتفاقاً ایک کاہن اُسی راہ سے جارہا تھا اور اُسے دیکھ کر کترا کر چلا گیا۔ اسی طرح ایک لاوی اس جگہ آیا وہ بھی اسے دیکھ کر کترا کر چلا گیا۔ لیکن ایک سامری سفر کرتے کرتے وہاں آنکلا اور اُسے دیکھ کر اُس نے ترس کھایا۔ اور اُس کے پاس آکر اُس کے زخموں کو تیل اور مے لگا کر باندھا اور اپنے جانور پر سوار کرکے سرائے میں لے گیا اور اُس کی خبر گیری کی۔ دوسرے دن دو دینار نکال کر بھٹیارے کو دئے اور کہا اس کی خبر گیری کرنا اور جو کچھ اس سے زیادہ خرچ ہوگا میں پھر آکر تجھے ادا کردوں گا۔ ان تینوں میں سے اُس شخص کا جو ڈاکوؤں میں گھر گیا تھا تیری دانست میں کون پڑوسی ٹھہرا؟ اُس نے کہا وہ جس نے اُس پر رحم کیا۔ یسوع نے اُس سے کہا جا۔ تو بھی ایسا ہی کر۔'' (لوقا ۱۰:۳۰۔۳۷)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد

(دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(۱یوحنا ۳:۱۶۔۱۸؛ ۱یوحنا ۴:۷۔۱۲؛ یوحنا ۱۳:۳۴۔۳۵؛ متی ۵:۱۴۔۱۶؛ افسیوں ۴:۱۔۳؛ ۱کرنتھیوں ۱۳)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی

(۲تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - جب ہم ضرورت مندوں کی مدد کرتے ہیں تو ہم خُدا کی محبت کو ظاہر کرتے ہیں۔ ہم خُدا کے لئے اپنی محبت کا اظہار دوسرے لوگوں کی فکر کرکے بھی کرتے ہیں۔

سبق
11-3

# شاگرد بنانا

## میری بھیڑیں چرا

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

خُدا کی محبت ہمیں دوسرے ایمانداروں کی فکرمندی اور تربیت کیلئے ابھارتی ہے۔

**کلیدی حوالہ:** ''کہ خُدا کے اُس گلہ کی گلہ بانی کرو جو تم میں ہے۔لاچاری سے نگہبانی نہ کرو بلکہ خُدا کی مرضی کے موافق خوشی سے اور ناجائز نفع کیلئے نہیں بلکہ دلی شوق سے۔'' (۱پطرس ۵:۲)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

یسوع مصلوب کیا گیا اور تیسرے دن مردوں میں سے جی اٹھا۔ایک روز علیٰ الصبح یسوع نے اپنے شاگردوں کو مچھلیاں پکڑتے ہوئے پایا۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''یسوع نے اُن سے کہا آؤ کھانا کھالو اور شاگردوں میں سے کسی کو جرأت نہ ہوئی کہ اُس سے پوچھتا کہ تو کون ہے؟ کیونکہ وہ جانتے تھے کہ خُداوند ہی ہے۔یسوع آیا اور روٹی لے کر اُنہیں دی۔اسی طرح مچھلی بھی دی۔یسوع مردوں میں سے جی اٹھنے کے بعد یہ تیسری بار شاگردوں پر ظاہر ہوا۔اور جب کھانا کھا چکے تو یسوع نے شمعون پطرس سے کہا اے شمعون یوحنا کے بیٹے کیا تو اِن سے زیادہ مجھ سے محبت رکھتا ہے؟ اُس نے کہا ہاں خُداوند تو تو جانتا ہی ہے کہ میں تجھ کو عزیز رکھتا ہوں۔اُس نے اُس سے کہا تو میرے برے چرا۔اُس نے دوبارہ اُس سے پھر کہا اے شمعُون یُوحنا کے بیٹے کیا تو مجھ سے محبت رکھتا ہے؟ اس نے کہا ہاں خداوند تو جانتا ہی ہے کہ میں تجھ کو عزیز رکھتا ہوں اُس نے اُس سے کہا تو میری بھیڑوں کی گلہ بانی کر۔اُس نے تیسری بار اُس سے کہا اے شمعون یوحنا کے بیٹے کیا تو مجھے عزیز رکھتا ہے؟ چونکہ اُس نے تیسری بار اُس سے کہا کیا تو مجھے عزیز رکھتا ہے اس سبب سے پطرس نے دلگیر ہو کر اُس سے کہا اے خُداوند! تو تو سب کچھ جانتا ہے۔تجھے معلوم ہی ہے کہ میں تجھے عزیز رکھتا ہوں۔یسوع نے اُسے سے کہا تو میری بھیڑیں چرا۔'' (یوحنا ۲۱:۱۲-۱۷)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(۱تھسلنیکیوں ۵:۱۱؛ متی ۲۸:۱۹-۲۰؛ ۲تیمتھیس ۲:۲؛ ۲تیمتھیس ۴:۲-۵؛ اعمال ۲۰:۲۸؛ ۱کرنتھیوں ۹:۱۶-۱۸)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲تیمتھیس ۳:۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع نے اپنے پیروکاروں کو شاگرد بنانے کیلئے کہا۔شاگرد بنانے کا مطلب یہ ہے کہ ہم نئے ایمانداروں کی حوصلہ افزائی کریں اور اُن کو تعلیم دیں تاکہ وہ بھی خُدا کے ساتھ اپنے رشتے میں بڑھیں۔

سبق
12-3

# شاگرد بنانا

## شاگرد بنانے میں یسوع ہمارے ساتھ ہے

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع تمام لوگوں سے اس قدر محبت کرتا ہے کہ اُس نے اپنے پیروکاروں کو کہا کہ اُن کو شاگرد بنائیں۔ یسوع نے اُن کے ساتھ وعدہ کیا کہ جب وہ لوگوں کو شاگرد بنانے جائیں گے تو وہ اُن کے ساتھ ہو گا۔

**کلیدی حوالہ:** ''کہ خُدا کے اُس گلہ کی گلہ بانی کرو جو تم میں ہے۔ لاچاری سے نگہبانی نہ کرو بلکہ خُدا کی مرضی کے موافق خوشی سے اور ناجائز نفع کیلئے نہیں بلکہ دلی شوق سے۔'' (۱پطرس ۵:۲)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

یسوع مصلوب کیا گیا اور تین دن تک قبر میں رکھا گیا۔ شاگردوں نے جانا کہ جس قبر میں یسوع رکھا گیا تھا وہ اب خالی ہے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''اور گیارہ شاگرد گلیل کے اُس پہاڑ پر گئے جو یسوع نے اُن کیلئے مقرر کیا تھا۔ اور انہوں نے اُسے دیکھ کر سجدہ کیا مگر بعض نے شک کیا۔ یسوع نے پاس آ کر اُن سے باتیں کیں اور کہا کہ آسمان اور زمین کا کل اختیار مجھے دیا گیا ہے۔ پس تم جا کر سب قوموں کو شاگرد بناؤ اور اُن کو باپ اور بیٹے اور روح القدس کے نام سے بپتسمہ دو۔ اور اُن کو یہ تعلیم دو کہ اُن سب باتوں پر عمل کریں جن کا میں نے تم کو حکم دیا اور دیکھو میں دنیا کے آخر تک ہمیشہ تمہارے ساتھ ہوں۔'' (متی ۲۸:۱۶۔۲۰)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد

(دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(یوحنا ۱۴:۱۵۔۱۷؛ عبرانیوں ۵:۱۳۔۶:۲؛ ۲تیمتھیس ۲:۲؛ اعمال ۲:۴۲۔۴۷)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی

(۲تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع نے اپنے پیروکاروں کو شاگرد بنانے کی ہدایت کی۔ مسیح کے پیروکار نئے ایمانداروں کو تعلیم دینے کیلئے بلائے گئے ہیں تاکہ وہ مسیح کے ایمان اور پہچان میں بڑھیں۔

سبق
13-3

# شاگرد بنانا

## ایمانداروں کی حوصلہ افزائی کرنا اورمضبوط کرنا

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

ایماندار ہوتے ہوئے ہم سب کو اپنے ایمان میں حوصلہ منداور مضبوط ہونے کی ضرورت ہے۔خُدا کا خاندان ہوتے ہوئے یہ ہماری ضرورت ہے کہ ہم ایک دوسرے سے حوصلہ افزائی اور تربیت پائیں۔

**کلیدی حوالہ:** ''خُدا کے اُس گلہ کی گلہ بانی کرو جوتم میں ہے۔لاچاری سے نگہبانی نہ کرو بلکہ خُدا کی مرضی کے موافق خوشی سے اور ناجائز نفع کیلئے نہیں بلکہ دلی شوق سے۔'' (۱پطرس ۵:۲)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہوسکے۔**

پولس اور برنباس شہر شہر یسوع کی منادی کرتے جاتے تھے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''مگر جب شاگرد اُس کے گرداگرد آکھڑے ہوئے تو وہ اُٹھ کر شہر میں آیا اور دوسرے دن برنباس کے ساتھ دربے کو چلا گیا۔اور وہ اُس شہر میں خوشخبری سنا کر اور بہت سے شاگرد کر کے لسترہ اور اکنیم اور انطاکیہ کو واپس آئے۔اور شاگردوں کے دلوں کو مضبوط کرتے اور یہ نصیحت دیتے تھے کہ ایمان پر قائم رہو اور کہتے تھے ضرور ہے کہ ہم بہت مصیبتیں سہہ کر خُدا کی بادشاہی میں داخل ہوں۔اور انہوں نے ہر ایک کلیسیا میں اُن کیلئے بزرگوں کو مقرر کیا اور روزہ سے دعا کر کے انہیں خُداوند کے سپرد کیا جس پر وہ ایمان لائے تھے۔'' (اعمال ۱۴:۲۰۔۲۳)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(اعمال ۱۸:۲۳؛ ا۔تھسلنیکیوں ۵:۱۳۔۱۵؛ اعمال ۲:۴۲۔۴۷؛ اعمال ۱۱:۲۵۔۳۰؛ اعمال ۱۵ ۳۰۔۴۱)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع کے فرمانبردار پیروکار ہونے کیلئے ہمیں ایک دوسرے کو مضبوط کرنا اور ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کرنے کی ضرورت ہے۔

iBFAM

www.iBFAM.org

BE FRUITFUL AND MULTIPLY



# ضروری سچائی

## اسباق سیٹ نمبر 4 چھت

''اور سچائی سے واقف ہو گے اور سچائی تمہیں آزاد کرے گی۔'' (یوحنا ۸:۳۲)

# چھت

## سبق سیٹ نمبر 4

فہرست مضامین — صفحہ نمبر

---

اسباق:

1-4 خُدا ........ 63

صرف ایک خُدا ہے

2-4 یسوع ........ 64

یسوع خُدا کا بیٹا ہے

3-4 پاک روح ........ 65

یسوع کے پیروکاروں کو پاک روح کی ضرورت ہے

4-4 محبت اور معافی ........ 66

یسوع محبت اور معافی دکھانے آیا

5-4 خُدا کے حضور راستباز ٹھرائے گئے ........ 67

احساس کہ ہم خُدا کے کامل معیار پر پورے نہیں اترتے

6-4 خُدا کی بادشاہی ........ 68

روحانی طور پر دوبارہ پیدا ہونا

7-4 بائبل ........ 69

خُدا کی جانب سے لکھی ہوئی سچائی

8-4 کلیسیا ........ 70

مسیح کے پیروکاروں کا اتحاد میں رہنا

9-4 دنیا کا نور ........ 71

یسوع کی روشنی کو منعکس کرنا

10-4 ابدیت ........ 72

ہمیشہ عذاب میں یا ہمہشہ خُدا کے ساتھ

11-4 منصف ........ 73

یسوع مسیح تمام لوگوں کا انصاف کریگا

12-4 عشائے ربانی ........ 74

اپنے گناہوں کیلئے یسوع کی موت کو یاد رکھنے کی اہمیت

13-4 بپتسمہ ........ 75

مسیح میں ایمان کا عوامی اشتہار

سبق
1-4

# خُدا

## صرف ایک خُدا ہے

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

خُدا کون ہے اور کیسا ہے۔ بائبلِ مُقدس ہم پر واضح کرتی ہے کہ مسیحی صرف ایک خُدا کی عبادت کرتے ہیں اور دوسرے خُداؤں کی عبادت کرنا ایک سچے خُدا کی نافرمانی ہے۔

**کلیدی حوالہ:** ''خُداوند ہمارا خُدا ایک ہی خُداوند ہے'' (مرقس ۱۲:۲۹)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

پولس رسول انجیل کی منادی کرنے والوں میں سے پہلا منادتھا۔ ایک دن پولس رسول نے لوگوں کو ایک زندہ خُدا سے متعارف کروانے کیلئے ایک پیغام سنایا۔ شہر کے لوگ پولس رسول کے گرد جمع ہوئے کہ وہ کیا کہتا ہے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''پولس نے اریوپگس کے بیچ میں کھڑے ہو کر کہا کہ اے اتھینے والو! میں دیکھتا ہوں کہ تم ہر بات میں دیوتاؤں کے بڑے ماننے والے ہو۔ چنانچہ میں نے سیر کرتے اور تمہارے معبودوں پر غور کرتے وقت ایک ایسی قربان گاہ بھی پائی جس پر لکھا تھا کہ نامعلوم خُدا کیلئے۔ پس جس کو تم بغیر معلوم کئے پوجتے ہو میں تم کو اُسی کی خبر دیتا ہوں جس خُدا نے دنیا اور اُس کی سب چیزوں کو پیدا کیا وہ آسمان اور زمین کا مالک ہو کر ہاتھ کے بنائے ہوئے مندروں میں نہیں رہتا۔ نہ کسی چیز کا محتاج ہو کر آدمیوں کے ہاتھوں سے خدمت لیتا ہے کیونکہ وہ تو خود سب کو زندگی اور سانس اور سب کچھ دیتا ہے۔ اور اُس نے ایک ہی اصل سے آدمیوں کی ہر ایک قوم تمام روئے زمین پر رہنے کیلئے پیدا کی اور اُن کی معیادیں اور سکونت کی حدیں مقرر کیں تاکہ خُدا کو ڈھونڈیں۔ شاید کہ ٹٹول کر اُسے پائیں ہر چند وہ ہم میں سے کسی سے دور نہیں۔'' (اعمال ۱۷:۲۲-۳۱)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(استثنا ۶:۴/۵؛ ۱ تیمتھیس ۲:۵-۶؛ پیدائش ۱:۱؛ مکاشفہ ۱:۸؛ مرقس ۱۲:۳۲)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳:۱۶-۱۷)

**نتیجہ** - صرف ایک ہی سچا خُدا ہے اسلیئے ہمیں مضبوطی سے کسی دوسرے خُدا کی عبادت نہیں کرنی چاہئے۔

سبق
2-4

# یسوع مسیح

## یسوع خُدا کا بیٹا ہے

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

زمین پر آنے سے پہلے خُداوند یسوع مسیح آسمان میں خُدا کے ساتھ تھا۔ یسوع خُدا کا اکلوتا بیٹا ہے۔ جو جی اُٹھنے کے بعد واپس آسمان پر اپنے باپ کے پاس چلا گیا۔ ہمیں خُداوند یسوع کی عبادت کس طور سے کرنی چاہئے یہ سمجھنے کیلئے ہمیں جاننے کی ضرورت ہے کہ خُدا باپ اور یسوع ایک ہی ہیں۔

**کلیدی حوالہ:** ''یہ سب کچھ اس لئے ہوا کہ جو خُداوند نے نبی کی معرفت کہا تھا وہ پورا ہو کہ دیکھو ایک کنواری حاملہ ہوگی اور بیٹا جنے گی اور اُس کا نام عمانوایل رکھیں گے جس کا ترجمہ ہے خُدا ہمارے ساتھ۔'' (متی ۱:۲۲۔۲۳)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

تاریخ میں بہت سے لوگ خُدا کی جانب سے یہ اعلان کرنے کیلئے بھیجے گئے کہ ایک دن یسوع آنے والا ہے۔ یہ لوگ نبی کہلاتے تھے۔ موسیٰ اور ایلیا نبی تھے جو یسوع کے اِس زمین پر آنے سے بہت عرصہ پہلے آئے تھے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''چھ دن کے بعد یسوع نے پطرس اور یعقوب اور اُس کے بھائی یوحنا کو ہمراہ لیا اور انہیں ایک اونچے پہاڑ پر الگ لے گیا۔ اور اُن کے سامنے اُس کی صورت بدل گئی اور اُس کا چہرہ سورج کی مانند چمکا اور اُس کی پوشاک نور کی مانند سفید ہوگئی اور دیکھو موسیٰ اور ایلیا اُس کے ساتھ باتیں کرتے ہوئے انہیں دکھائی دیئے۔ پطرس نے یسوع سے کہا اے خُداوند ہمارا یہاں رہنا اچھا ہے۔ مرضی ہو تو میں یہاں تین ڈیرے بناؤں۔ ایک تیرے لئے۔ ایک موسیٰ کیلئے اور ایک ایلیاہ کیلئے۔ وہ یہ کہہ ہی رہا تھا کہ دیکھو ایک نورانی بادل نے اُن پر سایہ کر لیا اور اُس بادل میں سے آواز آئی کہ یہ میرا پیارا بیٹا ہے جس سے میں خوش ہوں اِس کی سنو۔ شاگرد یہ سن کر منہ کے بل گرے اور بہت ڈر گئے۔ یسوع نے پاس آ کر انہیں چھوا اور کہا اُٹھو ڈرو مت۔ جب انہوں نے اپنی آنکھیں اٹھائیں تو یسوع کے سوا اور کسی کو نہ دیکھا۔'' (متی ۱۷:۱۔۸)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد

(دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(عبرانیوں ۱:۱۔۳؛ یوحنا ۱:۱۔۵؛ کلسیوں ۱:۱۵۔۲۰؛ کلسیوں ۲:۹؛ فلپیوں ۲:۵۔۱۱؛ یوحنا ۳:۱۶)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی

(۲ تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع اور آسمانی باپ ایک ہی ہیں۔ یسوع خُداوند خُدا ہے۔

سبق
3-4

# پاک روح

## یسوع کے پیروکاروں کو پاک روح کی ضرورت ہے

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع نے اپنے شاگردوں کو سکھایا کہ پاک روح کے ساتھ تعلق بہت اہم ہے۔ یسوع کا تعلق پاک روح کے ساتھ تھا۔ پاک روح مددگار کہلاتا ہے جو مسیح یسوع کے پیروکاروں کی سچائی تک رہنمائی کرتا ہے اور اُنھیں بھی دیتا ہے۔ آج کے ایمانداروں کیلئے یہ الٰہی تعلق ابھی بھی اہم ہے۔

**کلیدی حوالہ:** ''اور میں باپ سے درخواست کروں گا تو وہ تمہیں دوسرا مددگار بخشے گا کہ ابد تک تمہارے ساتھ رہے۔ یعنی روحِ حق جسے دنیا حاصل نہیں کر سکتی کیونکہ نہ اُسے دیکھتی اور نہ جانتی ہے۔ تم اُسے جانتے ہو کیونکہ وہ تمہارے ساتھ رہتا ہے اور تمہارے اندر ہوگا۔'' (یوحنا ۱۴: ۱۶-۱۷)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

دی جانے والی حتمی ہدایات میں سے ایک یہ تھی کہ پاک روح کا انتظار کیا جائے۔ اس بات کی فرمانبرداری میں یروشلیم میں ایک بڑا گروہ جمع ہوا۔ کچھ دنوں بعد پاک روح اُن پر جو جمع تھے نازل ہوا۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''جب عیدِ پنتیکست کا دن آیا تو وہ سب ایک جگہ جمع تھے کہ یکایک آسمان سے ایسی آواز آئی جیسے زور کی آندھی کا سناٹا ہوتا ہے اور اُس سے سارا گھر جہاں وہ بیٹھے تھے گونج گیا۔ اور انہیں آگ کے شعلہ کی سی پھٹتی ہوئی زبانیں دکھائی دیں اور اُن میں سے ہر ایک پر آ ٹھہریں۔ اور وہ سب روح القدس سے بھر گئے اور غیر زبانیں بولنے لگے جس طرح روح نے انہیں بولنے کی طاقت بخشی۔ اور ہر قوم میں سے جو آسمان کے تلے ہے خُدا ترس یہودی یروشلیم میں رہتے تھے جب یہ آواز آئی تو بھیڑ لگ گئی اور لوگ دنگ ہو گئے کیونکہ ہر ایک کو یہی سنائی دیتا تھا کہ یہ میری ہی بولی بول رہے ہیں۔ اور سب حیران اور متعجب ہو کر کہنے لگے دیکھو! یہ بولنے والے کیا سب گلیلی نہیں۔ پھر کیوں کر ہم میں سے ہر ایک اپنے اپنے وطن کی بولی سنتا ہے؟ حالانکہ ہم پارتھی اور مادی اور عیلامی اور مسوپتامیہ اور یہودیہ اور کپدکیہ اور پنطس اور آسیہ اور فروگیہ اور پمفلیہ اور مصر اور لبوآ کے علاقہ کے رہنے والے ہیں جو کرینے کی طرف ہے اور رومی مسافر خواہ یہودی خواہ اُن کے مرید اور کریتی اور عرب ہیں مگر اپنی اپنی زبان میں اُن سے خدا کے بڑے بڑے کاموں کا بیان سنتے ہیں۔ اور سب حیران ہوئے اور گھبرا کر ایک دوسرے سے کہنے لگے کہ یہ کیا ہوا چاہتا ہے؟ اور بعض نے ٹھٹھا کر کے کہا یہ تو تازہ مے کے نشہ میں ہیں۔ لیکن پطرس اُن گیارہ کے ساتھ کھڑا ہوا اور اپنی آواز بلند کر کے لوگوں سے کہا کہ اے یہودیو اور اے یروشلیم کے سب رہنے والو! یہ جان لو اور کان لگا کر میری باتیں سنو کہ جیسا تم سمجھتے ہو یہ نشہ میں نہیں کیونکہ ابھی تو پہر ہی دن چڑھا ہے۔ بلکہ یہ وہ بات ہے جو یوئیل نبی کی معرفت کہی گئی ہے کہ۔ خُدا فرماتا ہے کہ آخری دنوں میں ایسا ہوگا کہ میں اپنے روح میں سے ہر بشر پر ڈالوں گا اور تمہارے بیٹے اور تمہاری بیٹیاں نبوت کریں گی اور تمہارے جوان رویا اور تمہارے بڈھے خواب دیکھیں گے۔'' (اعمال ۲: ۱-۱۷)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(یوحنا ۱۶: ۱۳؛ اعمال ۱۸؛ لوقا ۱۱: ۱۳؛ ۱ کرنتھیوں ۱۲: ۷-۱۱، گلتیوں ۵: ۱۶، گلتیوں ۲۲-۲۳)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳: ۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع کے ابتدائی پیروکاروں نے دنیا کو حیران کر دیا کیونکہ وہ پاک روح سے بھرپور تھے۔ آج بھی مسیح کے ابتدائی پیروکاروں کی طرح ہمیں بھی پاک روح کی ضرورت ہے۔

سبق
4-4

# محبت اور معافی

## یسوع محبت اور معافی دکھانے آیا

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع نے تمام لوگوں کیلئے خُدا کی معافی اور محبت کا اظہار کیا۔ مسیح کے پیروکار ہوتے ہوئے ہمیں بھی خُدا کی محبت اور معافی کا اظہار کرنا ہے۔

**کلیدی حوالہ:** ''میرا حکم یہ ہے کہ جیسے میں نے تم سے محبت رکھی تم بھی ایک دوسرے سے محبت رکھو۔'' (یوحنا۱۵:۱۲)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

جب یسوع اس زمین پر تھا تو لوگ موسیٰ کی شریعت کے تحت زندگی بسر کرتے تھے۔ اس کہانی میں یسوع لوگوں کو جینے کا ایک نیا راستہ دکھا رہا ہے، جس کی بنیاد محبت اور معافی پر ہے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''صبح سویرے ہی وہ پھر ہیکل میں آیا اور سب لوگ اُس کے پاس آئے اور وہ بیٹھ کر اُنہیں تعلیم دینے لگا۔ اور فقیہہ اور فریسی ایک عورت کو لائے جو زنا میں پکڑی گئی تھی اور اسے بیچ میں کھڑا کر کے یسوع سے کہا۔ اے استاد! یہ عورت زنا میں عین فعل کے وقت پکڑی گئی ہے۔ توریت میں موسیٰ نے ہم کو حکم دیا ہے کہ ایسی عورتوں کو سنگسار کریں۔ پس تو اس عورت کی نسبت کیا کہتا ہے؟ انہوں نے اسے آزمانے کیلئے یہ کہا تا کہ اُس پر الزام لگانے کا کوئی سبب نکالیں مگر یسوع جھک کر انگلی سے زمین پر لکھنے لگا۔ جب وہ اُس سے سوال کرتے ہی رہے تو اُس نے سیدھے ہو کر اُن سے کہا جو تم میں بے گناہ ہو وہی پہلے اُس کے پتھر مارے اور پھر جھک کر زمین پر انگلی سے لکھنے لگا۔ وہ یہ سن کر بڑوں سے لے کر چھوٹوں تک ایک ایک کر کے نکل گئے اور یسوع اکیلا رہ گیا اور عورت وہیں بیچ میں رہ گئی۔ یسوع نے سیدھے ہو کر اُس سے کہا اے عورت یہ لوگ کہاں گئے؟ کیا کسی نے تجھ پر حکم نہیں لگایا؟ اُس نے کہا اے خُداوند کسی نے نہیں۔ یسوع نے کہا میں بھی تجھ پر حکم نہیں لگاتا۔ جا۔ پھر گناہ نہ کرنا۔'' (یوحنا۸:۲۔۱۱)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(ایوحنا۲:۸۔۱۱؛ ایوحنا۳:۱۶؛ ایوحنا۴؛ یوحنا۱۵:۱۲۔۱۷)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تھمتیس۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع معافی اور محبت کا کامل نمونہ تھا۔ اگر ہم مسیح کے پیروکار ہیں تو ہمیں بھی تمام لوگوں سے معافی اور محبت کا اظہار کرنا چاہیے۔

سبق
5-4

# خُدا کے حضور راستباز ٹھرائے گئے

## احساس کہ ہم خُدا کے کامل معیار پر پورے نہیں اترتے

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

تمام لوگ خُدا کے کامل معیار سے کم نکلتے ہیں۔ہم اپنے آپ کو اچھے کام کرنے سے بہتر نہیں بنا سکتے۔ہمیں اپنی گناہ آلودہ حالت کی پہچان کرنی ہے اور خُدا کے رحم کو مانگنا ہے۔جب ہم خُدا سے رحم مانگتے ہیں تو ہم خُدا کے حضور راستباز ٹھہرائے جاتے ہیں۔

**کلیدی حوالہ:** ''اس لئے کہ سب نے گناہ کیا اور خُدا کے جلال سے محروم ہیں۔''(رومیوں ۳:۲۳)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

یسوع نے دو آدمیوں کے بارے ایک کہانی بتائی۔ایک شخص ایک مذہبی رہنما تھا جو فریسی کہلاتا تھا۔دوسرا آدمی ایک محصول لینے والا تھا جس سے سماج کے لوگ نفرت کرتے تھے۔اس کہانی میں خُدا کے حضور راستباز ٹھہرنے کا مطلب یہ ہے کہ خُدا نے اُس شخص کے گناہ معاف کر دئے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''دو شخص ہیکل میں دعا کرنے گئے۔ایک فریسی اور دوسرا محصول لینے والا۔فریسی کھڑا ہو کر اپنے جی میں یوں دعا کرنے لگا کہ اے خُدا! میں تیرا شکر کرتا ہوں کہ باقی آدمیوں کی طرح ظالم، بے انصاف زنا کار یا اس محصول لینے والے کی مانند نہیں ہوں۔میں ہفتہ میں دو بار روزہ رکھتا اور اپنی ساری آمدنی پر دہ یکی دیتا ہوں۔لیکن محصول لینے والے نے دور کھڑے ہو کر اتنا بھی نہ چاہا کہ آسمان کی طرف آنکھ اٹھائے بلکہ چھاتی پیٹ پیٹ کر کہا اے خُدا! مجھے گنہگار پر رحم کر۔میں تم سے کہتا ہوں کہ یہ شخص دوسرے کی نسبت راست باز ٹھہر کر اپنے گھر گیا کیونکہ جو کوئی اپنے آپ کو بڑا بنائے گا وہ چھوٹا کیا جائے گا اور جو اپنے آپ کو چھوٹا بنائے گا وہ بڑا کیا جائے گا۔''(لوقا ۱۸:۱۰۔۱۴)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد

(دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(رومیوں ۳:۲۴؛ رومیوں ۴:۴۔۵؛ رومیوں ۴:۲۵؛ رومیوں ۵:۱۔۲؛ رومیوں ۵:۸۔۱۰؛ رومیوں ۱۰:۱۰؛ یعقوب ۲:۲۰۔۲۶)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی

(۲ تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - تمام لوگ گنہگار ہیں اور انہیں راستبازی کی ضرورت ہے۔راستبازی اس بات کی پہچان کے ساتھ شروع ہوتی

سبق
6-4

# خُدا کی بادشاہی

## روحانی طور پر دوبارہ پیدا ہونا

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع اکثر آسمان کی بادشاہی کی بات کرتا تھا۔ خُدا کی بادشاہی خُدا کی حکومت ہے۔ مسیح کے پیروکار خُدا کی بادشاہی کے شہری ہیں۔ کوئی بھی نئے سرے سے پیدا ہوئے بغیر اس بادشاہی کو نہیں دیکھ سکتا۔

**کلیدی حوالہ:** ''اس لئے اگر کوئی مسیح میں ہے تو وہ نیا مخلوق ہے۔ پرانی چیزیں جاتی رہیں۔ دیکھو وہ نئی ہو گئیں۔''
(۲ کرنتھیوں ۵:۱۷)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

نیکدیمس نامی ایک شخص یسوع کے پاس اُس سے سوال پوچھنے آیا۔ نیکدیمس ایک اہم مذہبی رہنما تھا۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''فریسیوں میں سے ایک شخص نیکدیمس نام یہودیوں کا ایک سردار تھا۔ اُس نے رات کو یسوع کے پاس آ کر اُس سے کہا اے ربی ہم جانتے ہیں کہ تو خُدا کی طرف سے استاد ہو کر آیا ہے کیونکہ جو معجزے تو دکھاتا ہے کوئی شخص نہیں دکھا سکتا جب تک خُدا اُس کے ساتھ نہ ہو۔ یسوع نے جواب میں اُس سے کہا میں تجھ سے سچ کہتا ہوں کہ جب تک کوئی نئے سرے سے پیدا نہ ہو وہ خُدا کی بادشاہی کو دیکھ نہیں سکتا۔ نیکدیمس نے اُس سے کہا آدمی جب بوڑھا ہو گیا تو کیوں کر پیدا ہو سکتا ہے؟ کیا وہ دوبارہ اپنی ماں کے پیٹ میں داخل ہو کر پیدا ہو سکتا ہے؟ یسوع نے جواب دیا کہ میں تجھ سے سچ کہتا ہوں جب تک کوئی آدمی پانی اور روح سے پیدا نہ ہو وہ خُدا کی بادشاہی میں داخل نہیں ہو سکتا۔ جو جسم سے پیدا ہوا ہے جسم ہے اور جو روح سے پیدا ہوا ہے روح ہے۔ تعجب نہ کر کہ میں نے تجھ سے کہا تمہیں نئے سرے سے پیدا ہونا ضرور ہے۔ ہوا جدھر چاہتی ہے چلتی ہے اور تو اُس کی آواز سنتا ہے مگر نہیں جانتا کہ وہ کہاں سے آتی اور کہاں کو جاتی ہے جو کوئی روح سے پیدا ہوا ایسا ہی ہے۔''
(یوحنا ۳:۱۔۸)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(۱ پطرس ۱:۲۳؛ رومیوں ۶:۴؛ اعمال ۱:۳؛ یوحنا ۱۸:۳۶؛ ۲ تیمتھیس ۴:۱۸؛ ۲ پطرس ۱:۱۱)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع نے کہا کہ نئی پیدایش کے بغیر کوئی بھی خُدا کی بادشاہی میں داخل نہیں ہو سکتا۔ یسوع نے نیکدیمس سے کہا کہ اُسے روح اور پانی سے پیدا ہونا ضرور ہے۔

سبق
7-4

# بائبل

## خُدا کی جانب سے لکھی ہوئی سچائی

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

بائبل پاک نوشتے ہیں اور قوت سے بھرپور ہیں۔ بائبل میں موجود سچائیاں ہمارے ذہنوں اور دلوں کو بدلنے کے قابل ہیں۔ بائبل ایک ایسی کتاب ہے جو ہمیں بتاتی ہے کہ خُدا کون ہے۔ بائبل واحد کتاب ہے جو خُدا سے آئی ہے۔

**کلیدی حوالہ:** ''ہر ایک صحیفہ جو خُدا کے الہام سے ہے تعلیم اور الزام اور اصلاح اور راستبازی میں تربیت کرنے کیلئے فائدہ مند بھی ہے۔ تاکہ مردِ خُدا کامل بنے اور ہر ایک نیک کام کیلئے بالکل تیار ہو جائے۔'' (۲ تیمتھیس ۳:۱۶-۱۷)۔

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

عوامی خدمت کے آغاز سے پہلے یسوع نے ابلیس کا سامنا کیا۔ اس جدوجہد میں آزمائش سے بچنے کیلئے یسوع نے کلام پر بھروسہ کیا۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''اُس وقت روح یسوع کو جنگل میں لے گیا تاکہ ابلیس سے آزمایا جائے اور چالیس دن اور چالیس رات فاقہ کر کے آخر کو اسے بھوک لگی۔ اور آزمانے والے نے پاس آ کر اس سے کہا اگر تو خُدا کا بیٹا ہے تو فرما کہ یہ پتھر روٹیاں بن جائیں۔ اُس نے جواب میں کہا لکھا ہے کہ آدمی صرف روٹی ہی سے جیتا نہ رہے گا بلکہ ہر بات سے جو خُدا کے منہ سے نکلتی ہے۔ تب ابلیس اُسے مقدس شہر میں لے گیا اور ہیکل کے کنگرے پر کھڑا کر کے اُس سے کہا کہ اگر تو خُدا کا بیٹا ہے تو اپنے تئیں نیچے گرا دے کیونکہ لکھا ہے کہ وہ تیری بابت اپنے فرشتوں کو حکم دے گا اور وہ تجھے ہاتھوں پر اٹھا لیں گے ایسا نہ ہو کہ تیرے پاؤں کو پتھر سے ٹھیس لگے۔ یسوع نے اُس سے کہا یہ بھی لکھا ہے کہ تو خُداوند اپنے خُدا کی آزمائش نہ کر۔ پھر ابلیس اُسے ایک بہت اونچے پہاڑ پر لے گیا اور دنیا کی سب سلطنتیں اور ان کی شان و شوکت اُسے دکھائی اور اُس سے کہا اگر تو جھک کر مجھے سجدہ کرے تو یہ سب کچھ تجھے دے دوں گا۔ یسوع نے اُس سے کہا اے شیطان دور ہو کیونکہ لکھا ہے کہ تو خُداوند اپنے خُدا کو سجدہ کر اور صرف اُسی کی عبادت کر۔ تب ابلیس اُس کے پاس سے چلا گیا اور دیکھو فرشتے آ کر اُس کی خدمت کرنے لگے۔'' (متی ۴:۱-۱۱)۔

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد

(دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(رومیوں ۱۰:۱۷؛ افسیوں ۶:۱۳-۱۷؛ ۲ پطرس ۱:۲۰-۲۱؛ زبور ۱۱۹؛ یعقوب ۱:۲۱)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی

(۲ تیمتھیس ۳:۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع نے کلام کے وسیلہ شیطان کے ساتھ جنگ کرنے کا چناؤ کیا۔ ہم بھی کلام کو دشمن کے حملوں کے جواب کیلئے اور اپنے ایمان کو تعمیر کرنے کیلئے ایک ہتھیار کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

سبق
8-4

# کلیسیا

## مسیح کے پیروکاروں کا اتحاد میں رہنا

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

جب یسوع نے اپنے باپ کے پاس آسمان پر جانے کیلئے زمین کو چھوڑا تو اُس نے کلیسیا کو اپنے نمائندہ کے طور پر دنیا میں رکھا۔ مسیح کے پیروکار ہوتے ہوئے، ہمیں مسیح کے دوسرے پیروکاروں کے ساتھ یگانگت کے ساتھ رہنا اور ایمان میں ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ کلیسیا مسیح کا بدن ہے اور مسیح کلیسیا کا سر ہے۔

**کلیدی حوالہ:** ''اور میں بھی تجھ سے کہتا ہوں کہ تو پطرس ہے اور میں اس پتھر پر اپنی کلیسیا بناؤں گا اور عالم ارواح کے دروازے اُس پر غالب نہ آئیں گے۔'' (متی ۱۶:۱۸)۔

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

جب یسوع آسمان پر باپ کے پاس واپس گیا اور پاک روح آیا تو ایمانداروں کی تعداد میں بہت جلد اضافہ ہوا اور ایماندار عبادت اور خُدا کے کلام کے مطالعہ کیلئے اکٹھے ہونے لگے۔ یروشلیم میں پہلی کلیسیا دو گروہوں پر مشتمل تھی۔ ایک گروہ یونانی بولنے والا تھا جو یونانی مائل یہودی کہلاتے تھے اور دوسرا گروہ عبرانی بولنے والا تھا۔ اس کہانی میں کاہن عبرانی ایمان کے کاہن ہیں۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''اُن دنوں میں جب شاگرد بہت ہوتے جاتے تھے تو یونانی مائل یہودی عبرانیوں کی شکایت کرنے لگے۔ اس لئے کہ روزانہ خبر گیری میں اُن کی بیواؤں کے بارے میں غفلت ہوتی تھی۔ اور اُن بارہ نے شاگردوں کی جماعت کو اپنے پاس بلا کر کہا مناسب نہیں کہ ہم خُدا کے کلام کو چھوڑ کر کھانے پینے کا انتظام کریں۔ پس اے بھائیو اپنے میں سے سات نیک نام شخصوں کو چن لو جو روح اور دانائی سے بھرے ہوئے ہوں کہ ہم اُن کو اس کام پر مقرر کریں۔ لیکن ہم تو دعا میں اور کلام کی خدمت میں مشغول رہیں گے۔ یہ بات ساری جماعت کو پسند آئی۔ پس انہوں نے ستفنس نام ایک شخص کو جو ایمان اور روح القدس سے بھرا ہوا تھا اور فلپس اور پرُخرس اور نیکا نور اور تیمون اور پرمناس کو اور نیکُلاؤس کو جو نومرید یہودی انطاکی تھا چن لیا۔ اور انہیں رسولوں کے آگے کھڑا کیا۔ انہوں نے دعا کر کے اُن پر ہاتھ رکھے اور خُدا کا کلام پھیلتا رہا اور یروشلیم میں شاگردوں کا شمار بہت ہی بڑھتا گیا اور کاہنوں کی بڑی گروہ اس دین کے تحت میں ہوگئی۔'' (اعمال ۶:۱۔۷)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(اعمال ۲:۴۲۔۴۷؛ ۱ کرنتھیوں ۱۲:۱۲۔۲۸؛ عبرانیوں ۱۰:۲۵؛ افسیوں ۲:۱۹۔۲۱؛ افسیوں ۴:۱۴۔۱۶)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - بائبل کلیسیا کو انسانی بدن کے ساتھ مشابہت دیتی ہے۔ انسانی بدن میں ہر عضو کا ایک خاص کام ہے اور ہر عضو دوسرے عضو پر انحصار کرتا ہے۔ مسیح کے پیروکاروں کو اپنی ذمہ داریوں کے ساتھ وفادار اور دوسری کلیسیا کے ساتھ حصہ دار بھی ہونا چاہئے۔

سبق
9.4

# دنیا کا نور

## یسوع کی روشنی کو منعکس کرنا

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع کے پیروکار ہوتے ہوئے ہماری زندگیوں کو مسیح کے کردار کی عکاسی کرنی چاہئے۔ ہمیں اپنے رہن سہن سے دنیا پر یہ ظاہر کرنا ہے کہ مسیح کون ہے۔

**کلیدی حوالہ:** ''اسی طرح تمہاری روشنی آدمیوں کے سامنے چمکے تا کہ وہ تمہارے نیک کاموں کو دیکھ کر تمہارے باپ کی جو آسمان پر ہے تمجید کریں۔'' (متی ۵:۱۶)

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

لوگوں کا ایک ہجوم یسوع کے اردگرد جمع ہو گیا تا کہ سنیں کہ یسوع کیا کہتا ہے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''جب میرے سبب سے لوگ تم کو لعن طعن کریں گے اور ستائیں گے اور ہر طرح کی بری باتیں تمہاری نسبت ناحق کہیں گے تو تم مبارک ہو گے۔ خوشی کرنا اور نہایت شادمان ہونا کیونکہ آسمان پر تمہارا اجر بڑا ہے اس لئے کہ لوگوں نے اُن نبیوں کو بھی جو تم سے پہلے تھے اسی طرح ستایا تھا۔ تم زمین کے نمک ہو لیکن اگر نمک کا مزہ جاتا رہے تو وہ کس چیز سے نمکین کیا جائے گا؟ پھر وہ کسی کام کا نہیں سوا اس کے کہ باہر پھینکا جائے اور آدمیوں کے پاؤں کے نیچے روندا جائے۔ تم دنیا کے نور ہو جو شہر پہاڑ پر بسا ہے وہ چھپ نہیں سکتا۔ اور چراغ جلا کر پیمانہ کے نیچے نہیں بلکہ چراغ دان پر رکھتے ہیں تو اُس سے گھر کے سب لوگوں کو روشنی پہنچتی ہے۔ اسی طرح تمہاری روشنی آدمیوں کے سامنے چمکے تا کہ وہ تمہارے نیک کاموں کو دیکھ کر تمہارے باپ کی جو آسمان پر ہے تمجید کریں۔'' (متی ۵:۱۱-۱۶)۔

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(ایوحنا ۱:۷؛ ایوحنا ۲:۱۰؛ ۲ کرنتھیوں ۴:۶؛ متی ۵-۷)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳:۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع نے اپنے پیروکاروں کو سکھایا کہ کس طرح اچھے کردار اور اچھے کاموں کے ساتھ زندگی گزارنا ہے۔

سبق
10-4

# ابدیت

## ہمیشہ عذاب میں یا ہمہشہ خُدا کے ساتھ

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

جب ہم مرتے ہیں تو زندگی ختم نہیں ہو جاتی بلکہ ہم ہمیشہ کیلئے جیتے ہیں۔ تمام لوگوں کو اس کا حساب دینا ہو گا جو کچھ اُنہوں نے اس زمین پر رہتے ہوئے کیا ہے۔ مسیح کے پیروکار اُس کے ساتھ ابدیت میں زندگی گزاریں گے۔ وہ جو مسیح کی پیروی نہیں کرتے وہ ابدیت میں تکلیف میں اور خُدا کی حضوری سے دور زندگی گزاریں گے۔

**کلیدی حوالہ:** ''اس سے تعجب نہ کرو کیونکہ وہ وقت آتا ہے کہ جتنے قبروں میں ہیں اُس کی آواز سن کر نکلیں گے۔ جنہوں نے نیکی کی ہے زندگی کی قیامت کے واسطے اور جنہوں نے بدی کی ہے سزا کی قیامت کے واسطے۔'' (یوحنا ۵:۲۸۔۲۹)

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

یسوع نے اپنے پیروکاروں کو ایک امیر اور ایک غریب آدمی کی کہانی استعمال کرتے ہوئے ابدیت کے بارے میں سکھایا۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''ایک دولت مند تھا جو ارغوانی اور مہین کپڑے پہنتا اور ہر روز خوشی مناتا اور شان وشوکت سے رہتا تھا۔ اور لعزر نام ایک غریب ناسوروں سے بھرا ہوا اُس کے دروازہ پر ڈالا گیا تھا۔ اُسے آرزو تھی کہ دولت مند کی میز سے گرے ہوئے ٹکڑوں سے اپنا پیٹ بھرے بلکہ کتے بھی آ کر اس کے ناسور چاٹتے تھے۔ اور ایسا ہوا کہ وہ غریب مر گیا اور فرشتوں نے اُسے لے جا کر ابرہام کی گود میں پہنچا دیا اور دولت مند بھی موا اور دفن ہوا۔ اُس نے عالم ارواح کے درمیان عذاب میں مبتلا ہو کر اپنی آنکھیں اٹھائیں اور ابرہام کو دور سے دیکھا اور اُس کی گود میں لعزر کو اور اُس نے پکار کر کہا اے باپ ابرہام مجھ پر رحم کر کے لعزر کو بھیج کہ اپنی انگلی کا سرا پانی میں بھگو کر میری زبان تر کرے کیونکہ میں اس آگ میں تڑپتا ہوں۔ ابرہام نے کہا بیٹا! یاد کر کہ تو اپنی زندگی میں اپنی اچھی چیزیں لے چکا اور اُسی طرح لعزر بری چیزیں لیکن اب وہ یہاں تسلی پاتا ہے اور تو تڑپتا ہے۔ اور ان سب باتوں کے سوا ہمارے تمہارے درمیان ایک بڑا گڑھا واقع ہے ایسا کہ جو یہاں سے تمہاری طرف پار جانا چاہیں نہ جا سکیں اور نہ کوئی ادھر سے ہماری طرف آ سکے۔ اُس نے کہا پس اے باپ! میں تیری منت کرتا ہوں کہ تو اُسے میرے باپ کے گھر بھیج۔ کیونکہ میرے پانچ بھائی ہیں تا کہ وہ اُن کے سامنے ان باتوں کی گواہی دے۔ ایسا نہ ہو کہ وہ بھی اس عذاب کی جگہ میں آئیں۔'' (لوقا ۱۶:۱۹۔۳۱)

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد (دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(۱ تھسلنیکیوں ۴:۱۳۔۱۸؛ رومیوں ۶:۲۰۔۲۳؛ متی ۱۹:۱۶۔۲۶؛ متی ۲۵:۴۵۔۴۶)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی (۲ تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - ہم سب کو خُدا کے سامنے اپنی زندگی کا حساب دینے کیلئے آنا ہو گا۔ خُدا کے ساتھ ابدیت گزارنے کا انحصار خُدا

سبق
11-4

# منصف

## یسوع مسیح تمام لوگوں کا انصاف کریگا

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع زمین پر آیا تا کہ لوگوں کے خُدا کے ساتھ تعلقات کو بحال کرے۔ وہ ایک مرتبہ پھر زمین پر آئے گا تا کہ ابلیس کے کام کا خاتمہ کرے اور برے لوگوں کا انصاف کرے۔

**کلیدی حوالہ:** ''کیونکہ خُداوند خود آسمان سے للکار اور مقرب فرشتہ کی آواز اور خُدا کے نرسنگے کے ساتھ اتر آئے گا اور پہلے تو وہ جو مسیح میں موئے جی اٹھیں گے پھر ہم جو باقی ہوں گے اُن کے ساتھ بادلوں پر اٹھائے جائیں گے تا کہ ہوا میں خُداوند کا استقبال کریں اور اس طرح ہمیشہ خُداوند کے ساتھ رہیں گے۔ پس تم ان باتوں سے ایک دوسرے کو تسلی دیا کرو۔'' (۱تھسلنیکیوں ۴:۱۶-۱۸)

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

اس کہانی میں یسوع اس زمین پر آخری دنوں میں رہنے والے لوگوں پر برپا ہونے والی عدالت کے بارے پیشین گوئی کر رہا ہے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

کیونکہ جس طرح باپ مردوں کو اُٹھاتا اور زندہ کرتا ہے اُسی طرح بیٹا بھی جنہیں چاہتا ہے زندہ کرتا ہے۔ کیونکہ باپ کسی کی عدالت بھی نہیں کرتا بلکہ اُس نے عدالت کا سارا کام بیٹے کے سپرد کیا ہے۔ تا کہ سب لوگ بیٹے کی عزت کریں جس طرح باپ کی عزت کرتے ہیں۔ جو بیٹے کی عزت نہیں کرتا وہ باپ کی جس نے اُسے بھیجا عزت نہیں کرتا۔ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جو میرا کلام سنتا اور میرے بھیجنے والے کا یقین کرتا ہے ہمیشہ کی زندگی اُس کی ہے اور اُس پر سزا کا حکم نہیں ہوتا بلکہ وہ موت سے نکل کر زندگی میں داخل ہو گیا ہے۔ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ وہ وقت آتا ہے بلکہ ابھی ہے کہ مردے خُدا کے بیٹے کی آواز سنیں گے اور جو سنیں گے وہ جئیں گے۔ کیونکہ جس طرح باپ اپنے آپ میں زندگی رکھتا ہے اُسی طرح اُس نے بیٹے کو بھی یہ بخشا کہ اپنے آپ میں زندگی رکھے۔ بلکہ اسے عدالت کرنے کا بھی اختیار بخشا۔ اس لئے کہ وہ آدم زاد ہے۔ اس سے تعجب نہ کرو کیونکہ وہ وقت آتا ہے کہ جتنے قبروں میں ہیں اُس کی آواز سن کر نکلیں گے۔ جنہوں نے نیکی کی ہے زندگی کی قیامت کے واسطے اور جنہوں نے بدی کی ہے سزا کی قیامت کے واسطے۔ میں اپنے آپ سے کچھ نہیں کر سکتا جیسا سنتا ہوں عدالت کرتا ہوں اور میری عدالت راست ہے کیونکہ میں اپنی مرضی نہیں بلکہ اپنے بھیجنے والے کی مرضی چاہتا ہوں۔'' (یوحنا ۵:۲۱-۳۰)

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد

(دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(مکاشفہ ۲۰:۱۱-۱۵؛ مرقس ۹:۴۱-۴۸؛ ۲ کرنتھیوں ۵:۱۰؛ ا کرنتھیوں ۳:۱۱-۱۵)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی

(۲ تیمتھیس ۳:۱۶-۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - یسوع ہمیں آگاہ کرتا ہے کہ ہم اُس کی آمد کے منتظر رہیں جو بدکاروں کی عدالت کیلئے اور جنہوں نے اچھی زندگی گزاری ہے انکو انعام دینے کیلئے ہونے والی ہے۔

سبق
12-4

# عشائے ربانی

## اپنے گناہوں کیلئے یسوع کی موت کو یاد رکھنے کی اہمیت

## سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

یسوع نے اپنے پیروکاروں کو ہدایت کی کہ باقاعدگی سے عشائے ربانی میں شریک ہوں۔

**کلیدی حوالہ:** ''پھر اُس نے روٹی لی اور شکر کر کے توڑی اور یہ کہہ کر اُن کو دی کہ یہ میرا بدن ہے جو تمہارے واسطے دیا جاتا ہے۔ میری یادگاری کیلئے یہی کیا کرو۔ اور اسی طرح کھانے کے بعد پیالہ یہ کہہ کر دیا کہ یہ پیالہ میرے اُس خون میں نیا عہد ہے جو تمہارے واسطے بہایا جاتا ہے۔'' (لوقا ۲۲: ۱۹۔۲۰)

## بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تاکہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

صلیب پر مرنے سے ایک رات پہلے یسوع نے اپنے شاگردوں کے ساتھ آخری فسح کھایا۔ اُس وقت اُس نے اپنے شاگردوں سے کہا کہ وہ اُس کی صلیب پر موت کو باقاعدگی کے ساتھ یاد رکھیں۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''لیکن یہ حکم جو دیتا ہوں اس میں تمہاری تعریف نہیں کرتا اس لئے کہ تمہارے جمع ہونے سے فائدہ نہیں بلکہ نقصان ہوتا ہے۔ کیونکہ اول تو میں یہ سنتا ہوں کہ جس وقت تمہاری کلیسیا جمع ہوتی ہے تو تم میں تفرقے ہوتے ہیں اور میں اس کا کسی قدر یقین بھی کرتا ہوں۔ کیونکہ تم میں بدعتوں کا بھی ہونا ضرور ہے تاکہ ظاہر ہو جائے کہ تم میں مقبول کون سے ہیں۔ پس جب تم باہم جمع ہوتے ہو تو تمہارا وہ کھانا عشائے ربانی نہیں ہو سکتا کیونکہ کھانے کے وقت ہر شخص دوسرے سے پہلے اپنا عشا کھا لیتا ہے اور کوئی تو بھوکا رہتا ہے اور کسی کو نشہ ہو جاتا ہے۔ کیوں؟ کھانے پینے کیلئے تمہارے گھر نہیں؟ یا خُدا کی کلیسیا کو ناچیز جانتے اور جن کے پاس نہیں اُن کو شرمندہ کرتے ہو؟ میں تم سے کیا کہوں؟ کیا اس بات میں تمہاری تعریف کروں؟ میں تعریف نہیں کرتا۔ کیونکہ یہ بات مجھے خُداوند سے پہنچی اور میں نے تم کو بھی پہنچا دی کہ خُداوند یسوع نے جس رات وہ پکڑوایا گیا روٹی لی اور شکر کر کے توڑی اور کہا یہ میرا بدن ہے جو تمہارے لئے ہے۔ میری یادگاری کے واسطے یہی کیا کرو۔ اسی طرح اُس نے کھانے کے بعد پیالہ بھی لیا اور کہا یہ پیالہ میرے خون میں نیا عہد ہے۔ جب کبھی پیو میری یادگاری کیلئے یہی کیا کرو۔ کیونکہ جب کبھی تم یہ روٹی کھاتے اور اس پیالہ میں سے پیتے ہو تو خُداوند کی موت کا اظہار کرتے ہو۔ جب تک وہ نہ آئے۔'' (۱ کرنتھیوں ۱۱: ۱۷۔۲۶)

## تلاش کا عمل - پانی اور کھاد

(دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

## اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(۱ کرنتھیوں ۱۱: ۱۷۔۳۴؛ لوقا ۲۲: ۷۔۳۸؛ یوحنا ۶: ۴۷۔۵۸؛ مکاشفہ ۱۹: ۹)

## عملی سوالات - فصل کی کٹائی

(۲ تیمتھیس ۳: ۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - عشائے ربانی کا وقت یسوع کو عزت دینے کا وقت ہے جس میں ہم اپنے اندر جھانک سکتے ہیں کہ ہماری زندگیاں خُدا کیلئے قابل قبول ہیں یا نہیں۔ یہ وہ وقت ہے جب مسیح کے پیروکاروں کو اُس خُداوند کی عبادت کرنی چاہئے جس نے سب کیلئے اپنی جان دے دی۔

سبق
13-4

# بپتسمہ

## مسیح میں ایمان کا عوامی اشتہار

### سبق کا موضوع - زمین کی تیاری

نئے ایماندار کی زندگی میں پانی کا بپتسمہ انتہائی اہم ہے۔ بپتسمہ وہ وقت ہے جب ایک نیا ایماندار عوام کے سامنے پانی میں غوطہ لے کر یسوع مسیح پر اپنے ایمان کا اظہار کرتا ہے جو پرانے طرز زندگی کی طرف سے موت کی علامت ہے۔

**کلیدی حوالہ:** ''پطرس نے اُن سے کہا کہ توبہ کرو اور تم میں سے ہر ایک اپنے گناہوں کی معافی کیلئے یسوع مسیح کے نام پر بپتسمہ لے تو تم روح القدس انعام میں پاؤ گے۔'' (اعمال ۲:۳۸)

### بائبل کی کہانی - بیج بونا

**تعارف معلومات مہیا کرتا ہے تا کہ کہانی کو سمجھنے میں آپ کی مدد ہو سکے۔**

یسوع کا ایک رشتہ دار جس کا نام یوحنا اصطباغی تھا۔ جو لوگوں کو یہ بتا رہا تھا کہ اپنے گناہوں سے توبہ کرنے کی علامت کے طور پر بپتسمہ لیں۔ یسوع نے کبھی بھی گناہ نہیں کیا لیکن اس نے یہ ضروری سمجھا کہ اس علامتی عمل میں سے ہو کر گزر جائے تا کہ بپتسمہ کی اہمیت ظاہر ہو جائے۔

**بائبل کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے:**

''اس وقت یسوع گلیل سے یردن کے کنارے یوحنا کے پاس اُس سے بپتسمہ لینے آیا۔ مگر یوحنا یہ کہہ کر اسے منع کرنے لگا کہ میں آپ تجھ سے بپتسمہ لینے کا محتاج ہوں اور تو میرے پاس آیا ہے۔ یسوع نے جواب میں اُس سے کہا اب تو ہونے ہی دے کیونکہ ہمیں اسی طرح ساری راستبازی پوری کرنا مناسب ہے۔ اس پر اُس نے ہونے دیا۔ اور یسوع بپتسمہ لے کر فی الفور پانی کے پاس سے اوپر گیا اور دیکھو اس کیلئے آسمان کھل گیا اور اس نے خُدا کے روح کو کبوتر کی مانند اترتے اور اپنے اوپر آتے دیکھا۔ اور دیکھو آسمان سے یہ آواز آئی کہ یہ میرا پیارا بیٹا ہے جس سے میں خوش ہوں۔'' (متی ۳:۱۳۔۱۷)

### تلاش کا عمل - پانی اور کھاد

(دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

### اضافی مطالعاتی حوالہ جات - کانٹ چھانٹ

(رومیوں ۶:۳۔۱۴؛ متی ۲۸:۱۶۔۲۰؛ کلسیوں ۲:۹۔۱۲؛ اعمال ۸:۲۶۔۴۰)

### عملی سوالات - فصل کی کٹائی

(۲ تیمتھیس ۳:۱۶۔۱۷ دیکھئے صفحہ نمبر ۷)

**نتیجہ** - نیا عہد نامہ سکھاتا ہے کہ پانی کا بپتسمہ ایمانداروں کی زندگی میں بہت ہی اہم ہے۔ پانی کا بپتسمہ پرانی زندگی کی جانب ہماری موت اور یسوع میں نئی زندگی کی علامت ہے۔

# پھلنے اور بڑھنے کیلئے بلاہٹ

تخلیق کے وقت، ہم دیکھتے ہیں کہ خُدا نے ہر زندہ چیز کو اس صلاحیت کے ساتھ پیدا کیا کہ وہ ''پھلے'' اور ''بڑھے'' بائبل میں تخلیق کا بیان واضح کرتا ہے کہ تمام زندہ چیزوں کو ''اپنی اپنی جنس کے موافق'' پھلنے کیلئے پیدا کیا گیا۔ جب خُدا نے انسان کو تخلیق کیا تو پھلنے اور بڑھنے کا اصول نہیں بدلا۔ خُدا نے انہیں برکت دی اور اُن سے کہا ''پھلو اور بڑھو اور زمین کو معمور و محکوم کرو'' (پیدائش ۱:۲۷-۲۸)۔

ہم پہلے خُدا سے تخلیق ہوئے اور پھر خُدا سے پھلنے اور زمین کو معمور و محکوم ہونے کی ''برکت'' پائی۔ پچھلے 6,000 سال سے نسل انسانی نے اس حکم کو مانا ہے اور اس دنیا کو معمور و محکوم کیا ہے۔

جب یسوع مسیح اس دنیا میں چلتا پھرتا تھا تو وہ لوگوں کو دوسری پیدائش یا روحانی پیدائش کی ضرورت کے بارے بتاتا تھا۔ حقیقت میں اُس نے کہا کہ تم اِس پیدائش کے بغیر خُدا کی بادشاہی میں داخل نہیں ہو سکتے۔ یسوع نے جواب دیا کہ ''میں تم سے سچ کہتا ہوں جب تک کوئی آدمی پانی اور روح سے پیدا نہ ہو وہ خُدا کی بادشاہی میں داخل نہیں ہو سکتا۔ جو جسم سے پیدا ہوا ہے جسم ہے اور جو روح سے پیدا ہوا ہے روح ہے'' (یوحنا ۳:۵،۶)۔

مسیح نے ہمیں ایک نئی زندگی میں بلایا ہے۔ یہ نئی پیدائش روح القدس سے ہوتی ہے۔ عوام کے سامنے ہم اس نئی پیدائش کی تجدید پانی میں بپتسمہ کے ذریعے کرتے ہیں۔ خُدا کا پھلنے اور بڑھنے کا حکم ہماری روح میں دوبارہ پیدائش پر پورا اترتا ہے۔ مسیح میں ہماری نئی زندگی میں ہمیں یہ استحقاق اور حکم ملتا ہے کہ ہم نئی روحانی زندگیوں کو پیدا کریں۔ ''یسوع نے پاس آ کر اُن سے باتیں کیں اور کہا کہ آسمان اور زمین کا کل اختیار مجھے دیا گیا ہے۔ پس تم جا کر سب قوموں کو شاگرد بناؤ اور اُن کو باپ اور بیٹے اور روح القدس کے نام سے بپتسمہ دو۔ اور اُن کو یہ تعلیم دو کہ اُن سب باتوں پر عمل کریں جن کا میں نے تم کو حکم دیا'' (متی ۲۸:۱۸-۲۰)۔

مسیح نے ہمیں بلایا ہے کہ ہم شاگرد بنائیں اور بپتسمہ کے ذریعے خُدا کی بادشاہی میں داخل کریں۔ ہم ایسی روحانی زندگی جینے کیلئے بلائے گئے ہیں جو روحانی پھل پیدا کرتی ہے اور جو روحانی طور پر دوبارہ پیدا ہونے کیلئے ہماری افزائش میں رہنمائی کریگی۔

پھلو اور بڑھو شاگردیت کا نمونہ اور نصاب مسیح کے پیروکاروں کو شاگرد بنانے کیلئے ترتیب دیا گیا ہے تاکہ اُن کی زندگیوں کی روحانی طور پر پھلنے میں رہنمائی ہو جس کا نتیجہ افزائش نکلتا ہے۔ ''کیونکہ تم فانی تخم سے نہیں بلکہ غیر فانی سے خُدا کے کلام کے وسیلہ سے جو زندہ اور قائم ہے نئے سرے سے پیدا ہوئے ہو'' (۱پطرس ۱:۲۳)۔

خُدا آپ کو آپ کی زندگی اور خدمت میں حیرت انگیز پھل اور دوسری پیدائش کی افزائش کے ساتھ حقیقی طور سے برکت دے۔ خُدا کرے کہ آپ اس زمین کو اُن لوگوں کے ساتھ بھرا ہوا پائیں جو خُدا کی بادشاہی میں پیدا ہو چکے ہیں۔


| مقامی ایوری ہوم فار کرائسٹ کے دفاتر کی معلومات | ایوری ہوم فار کرائسٹ انٹرنیشنل |
| --- | --- |
| پوسٹ بکس نمبر 32، حیدرآباد 71000، سندھ، پاکستان | پی او بکس نمبر 64000 کولوریڈو سپرنگز، سی او 80962-4000 |
| موبائل: 0321-3013575، ای میل: everyhomepk@yahoo.com | |

Every Home for Christ

Every Home for Christ International
P.O. Box 64000, Colorado Springs, CO 80962-4000
www.iBFAM.org


*Version 4.0*